باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

جلد نمبر 36 | بروز ہفتہ 21 فروری 2026ء/3 رمضان المبارک 1447ھ/ قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 52

WWW.Dailysahafatquetta.com

پاک امریکہ معاشی شراکت داری روزگار کے مواقع پیدا ہونگے، وزیراعظم

پاکستان اور امریکا کے درمیان بڑھتی ہوئی معاشی شراکت داری کے فروغ اور دونوں ممالک کے نجی اداروں کے درمیان مشترکہ منصوبوں کو متحرک کرنے میں ڈی ایف سی کا کلیدی کردار قابل تعریف ہے

ڈی ایف سی کے سرمایہ کار توانائی، کان کنی و معدنیات، زراعت اور آئی ٹی کے شعبوں میں منصوبوں کیلئے اپنی فنانسنگ میں اضافہ کریں، وزیراعظم کی ڈی ایف سی کے وفد سے ملاقات میں گفتگو

نیویارک (یو این اے) وزیراعظم اور چیف ایگزیکٹو آفیسر انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ فنانس کارپوریشن مینجمنٹ بلیک کی ملاقات ہوئی جس میں ڈی ایف سی کے سٹریٹجک اقدامات، ترجیحات اور پاکستان میں متوقع پراجیکٹس کے بارے میں گفتگو کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے یونائیٹڈ سٹیٹس انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ فنانس کارپوریشن (ڈی ایف سی) کے سی ای او مینجمنٹ بلیک نے واشنگٹن میں ملاقات کی۔ ان کے ساتھ ڈی ایف سی کے سرمایہ کاری (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

عمران خان کیخلاف فارن فنڈنگ کیس میں پیشرفت، عدالت کا بڑا حکم

اسلام آباد (یو این پی) عمران خان کے خلاف فارن فنڈنگ کیس میں اہم پیش رفت ہوئی ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

ایران کے خلاف ٹرمپ محدود فوجی کارروائی کر سکتے ہیں، امریکی اخبار

نیویارک (یو این اے) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کو جوہری معاہدے پر آمادہ کرنے کے لیے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

مولانا ہدایت الرحمان نے میڈیا ورکرز کی کم اجرت کا معاملہ اسمبلی فلور پر اٹھا دیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (بی یو جے) نے حق دو تحریک کے رکن (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

واشنگٹن: وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف امریکہ میں منعقدہ "بورڈ آف پیس" کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کمزور طبقات کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، آصف زرداری

استحصال کا خاتمہ اور مساوات کا قیام ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے

نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا بجٹ بڑھ کر 716 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے

لاہور (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ استحصال کا خاتمہ اور مساوات کا قیام ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ عالمی یوم سماجی انصاف کے موقع پر جاری اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان سماجی انصاف کی ضما (باقی صفحہ 2 نمبر 39)

بلوچستان میں جو اخبارات چھپ رہے ہیں انکو بہت کم لوگ پڑھتے ہیں نئی پالیسی بنا رہے ہیں ڈی جیٹل میڈیا کی طرف جا رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس

صوبائی و قومی اسمبلی کی نشستیں بڑھانے کی قرارداد منظور

اخبارات اپنے ملازمین کو سرکاری پالیسی کے مطابق تنخواہ دیں، واشک کی تمام خراب ایمبولینسوں کو اپنے ذاتی فنڈ سے مرمت کراوں گا، وزیراعلیٰ بلوچستان کا اسمبلی اجلاس سے خطاب

صوبائی اور قومی اسمبلی کی نشستیں بڑھانے سے صوبے کے بہت سے مسائل حل ہونگے نشستیں بڑھنے سے نمائندگی بڑھے گی قومی اسمبلی میں بلوچستان کی 40 نشستیں ہونی چاہیں

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر عبدالخالق اچکزئی صدارت میں 40 منٹس کی تاخیر سے شروع کیا اسمبلی اجلاس کیا ایجنڈے میں عوامی مفاد کی قراردادیں، توجہ دلاؤ نوٹس اور وقفہ سوالات شامل کئے گئے اسمبلی فلور پر بلوچستان اسمبلی کی نشستیں بڑھانے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی گئی اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے اسمبلی کا اجلاس پیر کے روز 23 فروری تک ملتوی کر دی، واضح رہے کہ بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس جمعہ کے روز اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی زیر صدارت 40 منٹ تاخیر سے شروع ہوا اجلاس میں بلوچستان صوبائی اسمبلی اور وفاق میں بلوچستان کے سینٹوں کو بڑھانے پر متفقہ طور پر ایک قرارداد پیش کی گئی قرارداد کن اسمبلی اصغر خان اچکزئی کی جانب سے پیش کی گئی جس پر ایوان نے اظہار رائے دیتے ہوئے اسمبلی کی نشستیں بڑھانے پر قرارداد منظور کر لیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے اسمبلی فلور پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں جو اخبارات چھپ رہے ہیں انکو بہت کم لوگ پڑھتے ہیں نئی پالیسی بنا رہے ہیں، ڈی جیٹل میڈیا کی طرف جا رہے ہیں اخبارات اپنے ملازمین کو سرکاری پالیسی کے مطابق تنخواہ دیں واشک کی تمام خراب ایمبولینسوں کو اپنے ذاتی فنڈ سے مرمت کراوں گا میر صادق عمرانی نے کہا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

پاکستان عالمی معاملے پر اہم پلیئر بن کر ابھر رہا ہے، عطاء اللہ تارڑ

غزہ بورڈ آف پیس اجلاس میں وزیراعظم نے فلسطینیوں کا مقدمہ بھرپور انداز میں لڑا، غزہ بورڈ آف پیس اجلاس میں پاکستان کو بڑی پذیرائی ملی

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان کے کردار کو سراہا، یہ فخر کی بات ہے کہ صدر ٹرمپ نے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی تعریف کی، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ غزہ بورڈ آف پیس اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف نے فلسطینیوں کا مقدمہ بھرپور انداز میں لڑا۔ ایک بیان میں عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ غزہ بورڈ آف پیس اجلاس میں پاکستان کو بڑی پذیرائی ملی، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان کے کردار کو سراہا، یہ فخر کی بات ہے کہ صدر ٹرمپ نے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی (باقی صفحہ 2 نمبر 38)

امریکی بحری بیڑے کی آمد، ایران میں لڑاکا طیارہ پُراسرار طور پر گر کر تباہ

ایرانی لڑاکا طیارہ میں 2 پائلٹس سوار تھے اور ہمدان ایئربیس سے اڑان بھری تھی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کا لڑاکا طیارہ ہمدان ایئربیس پر گر کر تباہ ہو گیا ایران کے مغربی صوبے ہمدان میں ایک لڑاکا طیارہ گر کر تباہ ہو گیا اور اس میں خوفناک آگ بھڑک اٹھی۔ ایران کی نیم سرکاری خبر رساں ایجنسی فارس نیوز کے مطابق لڑاکا طیارے نے دو (باقی صفحہ 2 نمبر 36)

پنجگور کے علاقے سے پولیس نے ایک شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش قبضے میں لے لی

کوئٹہ (این این آئی) پنجگور کے علاقے سے پولیس نے ایک شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو پنجگور کے علاقے سی پیک روڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

سالانہ 60 ارب کی گیس چوری ہوتی ہے نقصان صارفین پر ڈالتے ہیں، سوئی گیس حکام

صرف اوگرا کی مقررہ حد تک نقصانات کا بوجھ صارفین پر منتقل کیا جاتا ہے، قائمہ کمیٹی توانائی میں بریفنگ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سوئی گیس حکام نے انکشاف کیا ہے کہ ملک (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری پاپولیشن آغا عمر احمد زئی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کا آئین مادری زبانوں کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے، گورنر بلوچستان

مادری زبان کسی قوم کی شناخت، علم اور فکر کی توسیع کے ساتھ ساتھ اسکی طویل المدتی ترقی کو یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے

ماں کی غیر مشروط محبت کی بدولت مادری زبان کا درجہ لازوال ہے اقوام متحدہ کا چارٹر اور پاکستان کا آئین مادری زبانوں کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے مادری زبانوں کے عالمی دن کے موقع پر کہا کہ اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے یونیسکو نے رواں سال 2026 میں کثیر لسانی تعلیم کی اہمیت کے ساتھ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے پر زور دیا ہے جو کہ ایک خوش آئند اقدام ہے۔ مادری زبان کسی قوم کی شناخت، علم اور فکر کی توسیع کے ساتھ ساتھ اسکی طویل المدتی ترقی کو یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

نیو اسلام آباد ایئرپورٹ پر مسافروں سے رشوت لینے والے 2 ایف آئی اے اہلکار گرفتار

اسلام آباد (یو این اے) نیو اسلام آباد ایئرپورٹ پر مسافروں سے رشوت لیکر امیگریشن کلیئر کرنے کے الزامات پر دو ایف آئی اے اہلکاروں کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایڈیشنل (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

وزیراعظم سے امریکی وزیر خارجہ کی اہم ملاقات، انسداد دہشتگردی پر تبادلہ خیال

مارکو روبیو نے ٹرمپ کے امن منصوبے کی مسلسل حمایت پر پاکستان کا شکریہ ادا کیا

واشنگٹن (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف سے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے واشنگٹن میں اہم ملاقات کی ہے۔ مارکو روبیو کی جانب سے سوشل میڈیا پر ملاقات کی تصویر بھی جاری کی گئی۔ امریکی حکام کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیر خارجہ روبیو نے غزہ کے (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

واشنگٹن: وزیراعظم محمد شہباز شریف یونائیٹڈ اسٹیٹس انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ فنانس کارپوریشن کے سی ای او مینجمنٹ بلیک سے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کو ماحولیاتی طور پر محفوظ اور پائیدار صوبہ بنائیں گے، روبینا خورشید

موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے وفاقی حکومت بلوچستان کیساتھ مل کر کام کریگی، وزیراعظم کی کوارڈینیٹر کی وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات میں گفتگو

بلوچستان میں کلائمٹ چینج پالیسی کے تحت خواتین اور پسماندہ طبقات کو بھی شامل کیا گیا ہے جو ایک مثبت اور دور رس اقدام ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وزیراعظم کی کوارڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی روبینا خورشید عالم نے ملاقات کی ملاقات کے دوران بلوچستان کو درپیش موسمیاتی چیلنجز، ماحولیاتی خطرات اور ان سے نمٹنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں وفاق اور صوبے کے درمیان ماحولیاتی تعاون کو مزید مؤثر بنانے، وسائل کی فراہمی اور تکنیکی معاونت بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی موجودہ دور کا ایک بڑا اور سنجیدہ چیلنج ہے جس کے اثرات بلوچستان میں زیادہ شدت کے ساتھ محسوس (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

سرخی: کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وزیراعظم کی کوارڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی روبینا خورشید عالم ملاقات کر رہی ہیں

حملے کی تیاری؛ دنیا کا سب سے بڑا امریکی بحری بیڑہ ایران کے قریب پہنچ گیا

امریکا اور ایران کے درمیان جوہری مذاکرات تاحال کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکے ہیں

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے ساتھ جاری کشیدگی اور تناؤ کے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

پشاور، مہنگائی کا راج برقرار، رمضان میں منافع خور سرگرم ہو گئے

پشاور (یو این اے) پشاور میں مہنگائی کا راج برقرار، رمضان میں منافع خور سرگرم (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

واشنگٹن: وزیراعظم محمد شہباز شریف "بورڈ آف پیس" کے اجلاس کے موقع پر امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے مصافحہ کر رہے ہیں

مجلس قائمہ لوکل گورنمنٹ کا اجلاس، اینیمل سلاٹر کنٹرول بل 2025 کا تفصیلی جائزہ

بل کی شقوں پر غور و خوض کے بعد حتمی سفارشات، آئندہ اجلاس میں ایوان میں پیش کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمعہ کو مجلس قائمہ برائے محکمہ لوکل گورنمنٹ کا اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ممبر مجلس کلثوم نیاز بلوچ نے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

حلقہ پی بی 36 کے 7 پولنگ اسٹیشن پر دوبارہ انتخابات کے انعقاد بارے اجلاس

ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر قلات اسسٹنٹ کمشنر قلات اور دیگر نے اجلاس میں شرکت کی

قلات (خ ن) صوبائی اسمبلی کی نشست پی بی 36 قلات کے سات پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ انتخابات کے انعقاد و انتظامات کے سلسلے میں ریٹرننگ آفیسر شاہنواز (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

امریکی وزیر خارجہ کی وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات

ملاقات میں اسٹریٹیجک تعلقات، کم یاب معدنیات، ڈیولپمنٹ اور انسداد دہشتگردی کے امور پر بات ہوئی

اسلام آباد/واشنگٹن (یو این پی) امریکا کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے وزیراعظم شہباز شریف اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی۔ واشنگٹن ڈی سی میں (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

حکومت کو عدالت میں وہی پروٹوکول ملے گا جو عام آدمی کو ملتا ہے، سپریم کورٹ

حکومت کوئی انوکھا سائل نہیں، اسے بھی عام شہری کی طرح قانون ماننا پڑے گا، جسٹس عائشہ ملک

اسلام آباد (یو این پی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے حکم دیا ہے کہ حکومت کو عدالت میں وہی پروٹوکول ملے گا جو عام آدمی کو ملتا ہے، سپریم کورٹ کی جج جسٹس عائشہ ملک نے (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

پی ٹی آئی نے ڈیل یا ڈھیل کی باتیں کر کے لوگوں کو آس دینا ہے، خواجہ آصف

ڈیل سے متعلق کوئی گفتگو کسی بھی لیول پر نہیں ہوئی ہے، ہوسکتا ہے سہولتوں کے حوالے سے لوگوں نے اپروچ کیا ہو، وطن کی بات کریں شخصیتوں کو پیچھے چھوڑیں

وزیراعظم کا دورہ امریکا کامیاب رہا، غزہ پیس بورڈ میں مسلم ممالک کی شرکت سے مثبت نتائج نکلیں گے، دعا ہے کہ اللہ فلسطینیوں کو آزاد کرائے، وزیر دفاع

اسلام آباد (یو این پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ کوئی ڈیل یا ڈھیل نہیں ہو رہی ہے، انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

باجوڑ پوسٹ پر حملہ کرنے والا دہشتگرد بھی افغان نکلا، ناقابل تردید شواہد مل گئے

دہشتگرد کی شناخت خارجی احمد عرف قاری عبداللہ ابوذر کے نام سے ہوئی جو افغان صوبہ ننگرہار کا رہائشی تھا

باجوڑ (یو این اے) پاکستان میں دہشت گردی کے لیے افغان سرزمین کا استعمال ہونے سے متعلق مزید ناقابل تردید شواہد منظر عام پر آ گئے، باجوڑ میں منگی پوسٹ پر (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

قلات میں سبزی فروشوں کے درمیان تصادم، چار افراد زخمی

قلات (یو این اے) قلات میں سبزی فروشوں کے درمیان شدید جھڑپ میں چار افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق لڑائی میں ڈنڈوں اور لاٹھیوں کا آزادانہ (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

رمضان المبارک کے آغاز پر مہنگائی میں اضافہ، شرح 1.6 فیصد تک بڑھ گئی

17 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ، گزشتہ ہفتے 12 اشیا سستی، 22 اشیا کی قیمتوں میں استحکام رہا، رپورٹ

اسلام آباد (یو این پی) رمضان المبارک کے آغاز پر ہی مہنگائی کی شرح میں بڑا اضافہ ہو گیا، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح 1.16 فیصد تک بڑھ گئی جبکہ سالانہ بنیادوں (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

بھاگ، مسلح افراد نے مسافر ویگن کو لوٹ لیا، نقدی اور سامان چھین کر فرار

کوئٹہ (یو این اے) بھاگ سے کوئٹہ آنے والی مسافر ویگن کو کچی کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے لوٹ لیا۔ ڈاکوں نے اسلحے کے زور پر ویگن کو روکا اور مسافروں سے نقد (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

بورڈ آف پیس کے موقع پر یو اے ای امریکا سفارتی سرگرمیوں میں تیزی

واشنگٹن (یو این اے) واشنگٹن میں یو اے ای اور امریکہ کے درمیان سفارتی روابط کے سلسلے میں تیزی آئی ہے، بورڈ آف پیس اجلاس کے موقع پر علاقائی استحکام، مشرق (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

عالمی مالیاتی فنڈ کا پاکستان کی معیشت میں بہتری کا اعتراف

ای ایف ایف کے تحت پاکستان کی پالیسیوں سے معیشت کو استحکام ملا، اصلاحات سے معاشی اعتماد میں اضافہ اور مہنگائی میں کمی ہوئی

آئی ایم ایف نے ٹیکس نظام میں سادگی اور شفافیت بڑھانے کی سفارشات کی ہیں، سرکاری خریداری کے نظام میں شفافیت پر زور

واشنگٹن (یو این اے) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کی معیشت میں بہتری کا اعتراف کر لیا اور کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

میڈیا عوام کی آواز ہے اور مظلوم شہری کے مسائل حکام تک پہنچاتا ہے، غلام سرور بروہی

صحافت کا بنیادی مقصد عوامی مسائل کو اجاگر کرنا اور بروقت اداروں تک پہنچانا ہے

کوئٹہ (اے پی پی) ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بلوچستان غلام سرور بروہی نے سرکاری خبر رساں ادارے اے پی پی کے بیورو چیف نظر محمد بلوچ نے ملاقات کی ملاقات کے (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

گدر، پیک اپ گاڑی الٹ گئی، بچوں سمیت 10 افراد زخمی

گدر (یو این اے) تحصیل گدر کلفلی کے مقام پر ایک افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا، جہاں پیک اپ گاڑی کا ٹائر اچانک برسٹ ہونے سے گاڑی بے قابو ہو کر الٹ گئی (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

ملکی معیشت کیلئے اچھی خبر: خیبر پختونخوا میں تیل و گیس کے نئے ذخائر دریافت

برگزئی ایکس ون کنویں سے یومیہ 225 بیرل تیل اور 10 لاکھ کیوبک فٹ یومیہ گیس کی پیداوار حاصل ہوئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملکی معیشت اور توانائی کے شعبے کیلئے اہم پیشرفت سامنے آ گئی۔ آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے صوبہ (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

پنجگور، سی پیک روڈ سے لاش برآمد، گولیاں مار کر قتل کیا گیا

پنجگور (یو این اے) سی پیک روڈ، مجور فیکٹری کے قریب ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ لاش کو ابتدائی کارروائی کے بعد ٹیچنگ ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں شناخت ہوئی کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

زبانوں کو پس پشت ڈالنا قوموں کی پہچان اور وجود کو کمزور کرتا ہے، علی احمد لانگو

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو نے مادری زبانوں کے عالمی دن کے موقع پر جاری بیان میں کہا ہے کہ مادری زبان کسی بھی قوم کی اصل (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

بلوچستان ملک میں سب سے زیادہ غربت سے متاثرہ صوبہ ہے، احسن اقبال

بلوچستان میں غربت کی شرح 42 فیصد سے بڑھ کر 47 فیصد ہو گئی ہے، جو ملک کے تمام صوبوں میں سب سے زیادہ ہے

مہنگائی میں اضافہ، آئی ایم ایف پروگرام کی سخت شرائط اور بجلی و گیس کی قیمتوں میں اضافے نے عام شہری کی زندگی پر گہرا اثر ڈالا ہے

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) ایچ آئی ای ایس کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان میں غربت کی شرح 42 فیصد سے بڑھ کر 47 فیصد ہو گئی ہے، جو ملک کے تمام صوبوں میں سب سے زیادہ ہے۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ ملک بھر میں غربت کی (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

ڈیرہ اللہ یار پولیس نے گاڑی سے منشیات برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار پولیس کی کارروائی بھاری مقدار (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

کوئٹہ، اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں منفی رجحان، انڈیکس 1 لاکھ 69 ہزار تک گر گیا

کراچی (یو این اے) پاکستان سٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں کاروباری ہفتے کے آخری دن بھی منفی رجحان دیکھا جا (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

خاران میں گرفتار کالعدم تنظیم کے کمانڈر کے موبائل سے نازیبا ویڈیوز برآمد

تنظیم میں خواتین کو مختلف بہانوں سے شامل کیا جاتا اور بعد ازاں انہیں مبینہ طور پر استحصال کا نشانہ بنایا جاتا تھا، ملزم کا اعتراف

گرفتار کمانڈر پر ایک درجن سے زائد خواتین کے استحصال کا الزام ہے، جس کی مزید تحقیقات جاری ہیں، سیکیورٹی ذرائع

کوئٹہ (یو این اے) خاران میں کارروائی کے دوران گرفتار ہونے والے کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے کمانڈر شہداد عرف زنگن کے موبائل فون سے مبینہ طور پر نازیبا ویڈیوز اور قابل اعتراض مواد برآمد ہوا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ ابتدائی (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

کاہنہ، خاتون کی خالی پلاٹ سے گلا کٹی لاش برآمد

لاہور (یو این اے) لاہور کے علاقہ کاہنہ ایل ڈی اے کے قریب خاتون (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

کوئٹہ: گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو بلوچستان فینسنگ ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل حاجی محمد قاسم یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سبی کے قریب روڈ حادثہ ایک نوجوان جاں بحق ایک شدید زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) سبی کے قریب روڈ حادثہ ایک نوجوان جاں بحق ایک شدید زخمی ہو گیا پولیس کے مطابق سبی (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے سربراہ کونر کولمین اور ایجنسی کی سینئر قیادت بھی موجود تھی۔ وزیراعظم نے پاکستان اور امریکا کے درمیان بڑھتی ہوئی معاشی شراکت داری کے فروغ اور دونوں ممالک کے نجی اداروں کے درمیان مشترکہ منصوبوں کو متحرک کرنے میں ڈی ایف سی کے کلیدی کردار کی تعریف کی، جو کہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ کے لیے ضروری ہے۔ پاکستان کی معیشت کو بہتر کرنے والے میکرو اکنامک بنیادی اصولوں، ساختی اصلاحات اور سرمایہ کاری کے لیے پرکشش ماحول کے لیے حکومت کے عزم کو اجاگر کرتے ہوئے، وزیراعظم نے ڈی ایف سی کو دعوت دی کہ وہ توانائی، کان کنی و معدنیات، زراعت اور آئی ٹی کے شعبوں میں منصوبوں کے لیے اپنی فنانسنگ میں اضافہ کرے۔ انہوں نے ڈی ایف سی کے 1 ارب ڈالر سے زیادہ کے پورٹ فولیو کو سراہا اور دونوں ممالک کی اقتصادی ترجیحات کے درمیان ہم آہنگی پر روشنی ڈالی جو کاروباری تعاون کے فروغ کے لیے باہمی طور پر فائدہ مند مواقع ہیں۔ وزیراعظم نے ڈی ایف سی کو اپریل میں اسلام آباد میں منعقد ہونے والی آئندہ معدنیات کانفرنس میں شرکت کی بھی دعوت دی۔ بینجمن بلیک نے وزیراعظم کو ڈی ایف سی کے اسٹریٹجک اقدامات، ترجیحات اور پاکستان میں متوقع پراجیکٹس کے بارے میں آگاہ کیا اور پاکستان میں ڈی ایف سی کی سرمایہ کاری میں اضافے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈی ایف سی شراکت دار ممالک میں اقتصادی ترقی کی حمایت کیلئے تیار ہے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جس میں عدالت نے ملزمان کے خلاف 5 مارچ تک مکمل چالان جمع کروانے کا حکم دیا ہے۔ میٹنگ کورٹ اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی عمران خان ودیگر کیخلاف فارن فنڈنگ کیس کی سماعت ہوئی، جس میں پاکستان تحریک انصاف کے سی ایف او سراج احمد اور نجی بینک کے ملازم فیصل قاضی بھی شامل تفتیش ہوگئے۔ عدالت کے جج عبدالغفور کاکڑ کے روبرو کیس کی سماعت میں ایف آئی اے کی جانب سے بتایا گیا کہ 2 نئے ملزمان کے بعد چالان دوبارہ سے بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس موقع پر فارن فنڈنگ کیس میں اسٹیشن پراسیکیوٹر واثق ملک بھی عدالت میں پیش ہوئے۔ واثق ملک نے عدالت کو بتایا کہ پہلے اس کیس کا جزوی چالان جمع ہو چکا ہے۔ اب 2 نئے ملزمان بھی تفتیش میں شامل ہو چکے ہیں۔ بعدازاں ضمنی چالان کے بجائے مکمل چالان ہی عدالت میں جمع کروائیں گے۔ جج عبدالغفور کاکڑ نے استفسار کیا کہ آپ کو اب دوبارہ چالان مکمل کروانے کے لیے کتنی مہلت چاہیے؟ جس پر اسپیشل پراسیکیوٹر نے کہا کہ عدالت 10 سے 15 دن کا وقت دے، ہم چالان مکمل جمع کروا دیں گے۔ بعدازاں عدالت نے 5 مارچ تک بانی پی ٹی آئی ودیگر کیخلاف مکمل چالان جمع کروانے کا حکم دے دیا اور ملزمان سراج احمد اور فیصل قاضی کی عبوری ضمانت 5 مارچ تک منظور کرلی۔ عدالت نے پی ٹی آئی فارن فنڈنگ کیس کی سماعت 5 مارچ تک ملتوی کردی

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دہ دفوجی کارروائی پر غور کر رہے ہیں، یہ انکشاف امریکی اخبار وال سٹریٹ جرنل نے اپنی ایک رپورٹ میں کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ممکنہ کارروائی میں ایران کے فوجی یا سرکاری تنصیبات کو نشانہ بنایا جاسکتا ہے۔ اخبار کے مطابق اس محدود حملے کا مقصد ایران پر دباؤ ڈالنا ہے تاکہ وہ نئے جوہری معاہدے کو قبول کرے اگر ایران معاہدہ تسلیم نہ کرے تو کارروائی کو وسیع جنگ تک بھی بڑھایا جا سکتا ہے۔ صدر ٹرمپ اس سے قبل کہہ چکے ہیں کہ وہ ایران کے معاملے پر سفارتکاری کو ترجیح دیتے ہیں، تاہم انہوں نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ ضرورت پڑنے پر فوجی طاقت استعمال کرنے سے گریز نہیں کیا جائے گا۔ گزشتہ روز ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر نے خبردار کیا کہ اگر ایران نے معاہدہ نہ کیا تو اسے سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کو کسی صورت ایٹمی ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور اب وقت آ گیا ہے کہ وہ امن کا راستہ اختیار کرے

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بلوچستان اسمبلی اور صوبائی امیر جماعت اسلامی مولانا ہدایت الرحمٰن کی جانب سے اخبارات میں جاری اشتہارات اور ان اداروں سے وابستہ صحافیوں و میڈیا ورکرز کی کم اجرت کے معاملے کو بلوچستان اسمبلی کے فلور پر اٹھانے کو سراہا ہے۔ بی یو جے نے اس اقدام کو میڈیا ورکرز کے حقوق کے تحفظ کی طرف ایک مثبت قدم قرار دیا۔ بی یو جے کے صدر منظور احمد، جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین اور کابینہ کے دیگر ارکان نے کہا کہ بی یو جے ہمیشہ سے اخبارات میں رپورٹرز، سب ایڈیٹرز، فوٹو گرافرز اور دیگر ورکرز کی کم اجرت اور تنخواہوں کی تاخیر کے خلاف آواز بلند کرتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا ہدایت الرحمٰن کے اسمبلی فلور پر اٹھانے سے میڈیا ورکرز کے حقوق کے حوالے سے امید کی کرن جاگ اٹھی ہے اور اس سے حق تلفی کے عمل کو ختم کرنے میں مدد ملے گی۔ بی یو جے قیادت نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عزم کو بھی سراہا کہ وہ میڈیا ورکرز کے مالی مسائل حل کرنے کے لیے اقدامات کریں گے۔ بی یو جے نے امید ظاہر کی کہ آئندہ اخباری ورکرز کے مالی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا اور صحافی پیشہ ورانہ خدمات بلاخوف وخطر سرانجام دے سکیں گے

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ایماندار شخصیت ہیں بلوچستان قبائلی اور سیاسی شخصیات کا حلقہ ہے بلوچستان کی نشستوں میں اضافے کیلئے ایک کمیٹی بنائی جائے مولانا ہدایت الرحمٰن کا توجہ دلاؤ نوٹس پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مالی سال کا بیشتر حصہ گزر چکا ہے مگر سرکاری ہسپتالوں میں ادویات فراہم نہیں کی جاسکیں کوئٹہ: ادویات نہ ہونے کے سبب غریب مریضوں کو مشکلات کا سامنا ہے اینک ادویات نہ پہنچنے کی کیا وجوہات ہیں تفصیل فراہم کی جائے حکومت کی جانب سے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی کے حوالے تفصیل فراہم کرنے کے بعد ایوان نے توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا' رکن اسمبلی اصغر علی ترین کی جانب سے صوبائی اور قومی اسمبلی کی نشستیں بڑھنے کے قرارداد پیش کی قرارداد کے متن میں لکھا گیا کہ بلوچستان پاکستان کا سب بڑا اور وسائل سے مالا مال صوبہ ہے مسائل کی وجہ سے متاثرہ اور پسماندہ صوبہ ہے 44 فیصد کل رقبے کی حل جنگ نہیں صوبے کی اصل نمائندگی بڑھانے سے مسائل حل ہوں گے وفاقی حکومت سے رجوع کیا جائے کہ کثیر آبادی اور وسیع رقبے کو مدنظر رکھ کر صوبائی اسمبلی کی 58 اور قومی اسمبلی میں بلوچستان کی نشستیں 28 کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں رکن بلوچستان اسمبلی میر ظہور بلیدی نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے حالات پر غور کرنا چاہیے صوبے کے خراب حالات میں بیرونی طاقتیں ملوث ہیں لوگوں کا سیاسی نظام پر اعتماد کم ہوا، صوبائی اور قومی اسمبلی کی نشستیں بڑھانے سے صوبے کے بہت سے مسائل حل ہوں گے نشستیں بڑھنے سے نمائندگی بڑھے گی قومی اسمبلی میں بلوچستان کی 40 نشستیں ہونی چاہیں نشستیں بڑھنے سے لوگ قومی دھارے میں آئیں گے جبکہ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کو رقبے کے لحاظ سے نشستیں ملنی چاہیں ہمارا حلقہ انتخاب بہت بڑا ہے بلوچستان کی بنیادی مسائل پر فوکس ہونا چاہیے نیشنل پارٹی کے رکن اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ نشستوں میں اضافے کی قرارداد 2017 میں سینیٹ میں گئی تھی پارلیمانی نظام کو بہتر بنانے کیلئے صوبائی اور قومی اسمبلی کی نشستیں بڑھانا ضروری ہے پارلیمانی سیاست

بلوچستان کے مسئلے کا واحد حل ہے بیانات سے کچھ نہیں ہوگا، اقدامات کرنے ہوگے بلوچستان کے لوگ کے حق رائے دہی کا احترام کیا جائے' صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا 2025-26 کے بجٹ کے تحت ادویات کی خریداری کی جا چکی ہے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ادویات فراہم کی جاری ہیں تمام ویئر ہاؤسز میں ادویات موجود ہیں ڈسٹرکٹس میں ادویات تقسیم کرنے میں دو ماہ کا وقت لگتا ہے اسکر بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ گزشتہ سال کی نسبت اس سال ڈسٹرکٹس میں ادویات کی فراہمی بہتر انداز میں ہو رہی ہے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کیا مریض بجٹ دیکھ کر بیمار ہوتا ہے؟ ادویات کی فراہمی کا نظام بہت خراب کے گوادر کے ہسپتالوں میں مریضوں کو ادویات نہیں مل رہی محکمہ صحت کا نظام درست نہیں ہے زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ قومی اور صوبائی اسمبلی کی نشستیں بڑھنی چاہیے بلوچستان کی پسماندگی اور حالات کو دیکھ کر نشستیں بڑھائی جائیں نشین بڑھانے سے صوبے کے مسائل حل ہوں گے یہ قرارداد پہلے سے سینیٹ سے پاس ہو چکی ہے' سپیکر بلوچستان اسمبلی نے رولنگ دیتے ہوئے اسمبلی کا اجلاس پیر کے روز 23 فروری تک ملتوی کردی

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں سالانہ 6 ارب روپے کی گیس چوری ہوتی ہے جس میں 3 ارب سوئی ناردرن اور 3 ارب سوئی سدرن سے چوری ہوتی ہے اوگرا کی حد تک نقصانات کا بوجھ صارفین پر منتقل کیا جاتا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق سید مصطفیٰ محمود کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی توانائی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں گیس کے معاملات پر بات ہوئی۔ سوئی گیس حکام نے انکشاف کیا کہ سوئی ناردرن کا گیس چوری اور نقصانات سے 3 ارب روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ ایم این اے گل اصغر خان نے کہا کہ گیس کی چوری کے نقصان کے 3 ارب روپے صارفین پر ڈالے جاتے ہیں، صنعتی صارفین گیس چوری کرتے ہیں اور اسے گھریلو صارفین سے وصول کیا جاتا ہے۔ سوئی گیس حکام نے کہا کہ اوگرا کی مقررہ حد تک نقصانات صرف صارفین پر ڈالتے ہیں، ترقیاتی یافتہ ممالک میں بھی گیس سیکٹر میں یو ایف جی 6 فیصد تک ہوتی ہے جب کہ سوئی سدرن کا گیس چوری کا معاملہ 1 فیصد سے زائد ہے، سوئی سدرن سے 3 فی ایف گیس چوری ہو رہی ہے، سوئی سدرن سے بھی سالانہ 3 ارب روپے کی گیس چوری اور نقصانات ہو رہے ہیں۔ اجلاس میں قائمہ کمیٹی میں پٹرولیم کمپنیوں کے انرجی ٹریننگ فنڈز کا معاملہ زیر بحث آیا۔ سید نوید قمر نے کہا کہ جس مقصد کے لیے رقم جمع ہوئی اس کے لیے استعمال نہیں ہوئی، پالیسی سازی نہ ہونے سے وجہ سے یہ نااہلی سامنے آ رہی ہے، ٹریننگ فنڈ پر صوبوں کو بھی کمیٹی میں بلا کر پوچھنا چاہیے۔ پٹرولیم حکام نے کہا کہ ہم اس پر کام کر رہے ہیں تاکہ رقم کے استعمال کا کوئی پلان بنا سکیں۔ اس پر نوید قمر نے کہا کہ آخر کب تک پلان بنائیں گے؟ ہم اپنا صبر کھو رہے ہیں

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یہ حقیقت ہے کہ ماں کی غیر مشروط محبت کی بدولت مادری زبان کا درجہ لازوال ہے۔ اقوام متحدہ کا چارٹر اور پاکستان کا 1973 کا آئین مادری زبانوں کے تحفظ، ترقی اور فروغ کی ضمانت دیتا ہے۔ متنوع زبانوں اور تہذیبوں کے درمیان ہم آہنگی اور اتحاد کو فروغ دینے کیلئے مادری زبانوں میں فکری اور ادبی کاموں کی حوصلہ افزائی ضروری ہے۔ مادری زبانوں کا عالمی دن 2026 منانے کا مقصد مادری زبانوں کی ترقی، فروغ اور تحفظ کے علاوہ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانا ہے۔ مادری زبانیں نہ صرف اظہار کا ذریعہ ہیں بلکہ رابطے کا ایک طاقتور ذریعہ بھی ہیں جو تہذیبی ورثے کو ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل کرتی ہیں۔ مادری زبانوں کے تحفظ، ترقی اور فروغ میں دانشوروں، ادیبوں اور شاعروں کا کردار خراج تحسین کا مستحق ہے۔ ہم انٹرنیشنل تحقیقات اور تحقیقات کے تراجم کے ذریعے اپنی مادری زبانوں کو تقویت اور وسعت دے سکتے ہیں

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

لیے صدر ٹرمپ کے امن منصوبے کی مسلسل حمایت اور بورڈ آف پیس کے افتتاحی اجلاس میں بانی رکن کے طور پر شرکت پر پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔ علاوہ ازیں انہوں نے 31 جنوری کو بلوچستان میں ہونے والے حملوں اور 6 فروری کو اسلام آباد میں ہونے والے بم دھماکے پر تعزیت کا اظہار بھی کیا اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جاری شراکت داری کی اہمیت کو دہرایا

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اور ڈائریکٹرز ون اسلام آباد نے معاملے کی خود تحقیقات کیں جن میں الزامات ثابت ہوئے جس پر ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ مقدمے میں دو ایف آئی اے اہلکاروں کے ساتھ چار مسافروں کو بھی نامزد کیا گیا ہے۔ مقدمہ اینٹی کرپشن سیل ونگ کی جانب سے درج کیا گیا۔ تحقیقات کے دوران ایف آئی اے اہلکار نے مزید انکشاف بھی کیا، معلوم ہوا کہ ایک ہفتے کے دوران بارہ مسافروں سے رشوت لے کر امیگریشن کی گئی۔ ڈی جی ایف آئی اے ڈاکٹر عثمان انور نے معاملے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ محکمہ میں کالی بھیڑوں کی کوئی گنجائش نہیں، کسی قسم کے غیر قانونی کام کو برداشت نہیں کیا جائے گا

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دوران امریکی بحریہ کا دنیا کا سب سے بڑا طیارہ بردار بحری جہاز ایو ایس ایس جیرالڈ آر فورڈ بحیرہ روم میں داخل ہوگیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان جوہری مذاکرات کا دوسرا دور بھی شروع ہوگیا تاہم دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی تاحال برقرار ہے۔ ایسے وقت میں بحری جہازوں کی نقل وحرکت پر نظر رکھنے والی ویب سائٹس نے بتایا کہ یو ایس ایس جیرالڈ آر فورڈ کیریئر اسٹرائیک گروپ میں شامل اس وقت آبنائے جبل الطارق عبور کر رہا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ دنیا کا سب سے بڑا امریکی بحری بیڑہ مشرق وسطیٰ کی جانب تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ ہفتے اس کیریئر اسٹرائیک گروپ کو مشرق وسطیٰ کی طرف روانہ کرنے کا حکم دیا تھا کیوں کہ وہ ایران کے خلاف فوجی کارروائی پر غور کر رہے ہیں۔ امریکی دفاعی حکام کے بقول توقع ہے کہ طیارہ بردار بحری جہاز کو مشرق وسطیٰ پہنچنے میں مزید چند دن لگیں گے جس کے بعد یہ ایران کے خلاف ممکنہ آپریشنز کے لیے تیار حالت میں موجود ہوگا

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گرم ہوگئے، مختلف اشیا کی قیمتوں میں اضافے سے شہری پریشان ہیں۔ پشاور میں گزشتہ روز 250 روپے فی درجن میں ملنے والا کیلا 20 روپے اضافے کے بعد 270، 710 روپے فی کلو ملنے والی سٹابری 750 روپے فی کلو ہو جبکہ 450 روپے فی کلو میں ملنے والا سیب 20 روپے اضافے کے بعد 470 روپے کا ہوگیا ہے۔ مزید براں 600 روپے فی کلو میں ملنے والا قندھاری انار 700 روپے کا ہوگیا، 450 روپے میں ملنے والا مالٹا فی درجن 20 روپے اضافے کے بعد 470 کا ہوگیا، 250 روپے فی درجن میں ملنے والا کینو 20 روپے اضافے کے ساتھ 270 روپے کا ہوگیا جبکہ سبزیوں کی قیمتوں میں بھی 10 سے 50 روپے فی کلو اضافہ۔ ایک روز قبل 100 روپے فی کلو میں ملنے والے ٹماٹر کی قیمت 20 روپے اضافے کے بعد 120 روپے ہوگئی ہے، 600 روپے میں فی کلو ملنے والا لہسن بھی 30 روپے اضافے کے 630 روپے ہوگیا، 280 روپے فی کلو میں ملنے والی بھنڈی کی قیمت آج 20 روپے

اضافے کے بعد 300 روپے ہوگئی جبکہ 60 روپے فی کلو میں ملنے والے پیاز 80 روپے ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق سبز مرچ 10 روپے اضافے کے بعد 100 روپے فی کلو ہوگئی، 60 روپے میں ملنے والے کھیرے آج فی کلو 80 روپے ہوگئے، اور کدو 310 روپے سے بڑھ کر فی کلو 350 ہوگئے جبکہ 100 روپے میں ملنے والے مٹر فی کلو 130 ہوگئے ہیں۔

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات سے نمٹنے کے لیے دیرپا اور مؤثر حکمت عملی پر کام کر رہی ہے وزیراعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے پیلا کلائمیٹ فنڈ قائم کر دیا گیا ہے جس کا مقصد ماحولیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور متاثرہ علاقوں میں عملی اقدامات کو یقینی بنانا ہے انہوں نے زور دیا کہ صوبے کو سیلاب، خشک سالی اور دیگر ماحولیاتی آفات سے محفوظ بنانے کے لیے جامع پالیسی سازی اور مربوط عملی اقدامات ناگزیر ہیں میر سرفراز بگٹی نے اس امر کی نشاندہی کی کہ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں بلوچستان کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے، تاہم موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سب سے زیادہ اسی صوبے کو برداشت کرنا پڑ رہے ہیں جس کے لیے بین الصوبائی اور وفاقی سطح پر مؤثر تعاون کی ضرورت ہے اس موقع پر وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر روبینا خورشید عالم نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے وفاقی حکومت بلوچستان کے ساتھ مل کر کام کرے گی انہوں نے میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت کے اقدامات کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں کلائمٹ چینج پالیسی کے تحت خواتین اور پسماندہ طبقات کو بھی شامل کیا گیا ہے جو ایک مثبت اور دوررس اقدام ہے ملاقات میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بلوچستان کو ماحولیاتی طور پر محفوظ اور پائیدار صوبہ بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مہنگائی کی شرح قابو میں رہی ہے۔ آئی ایم ایف کی ڈائریکٹر کمیونیکیشن جولی کوزیک نے واشنگٹن میں پریس بریفنگ میں بتایا کہ آئی ایم ایف کا وفد 25 فروری سے پاکستان کا دورہ کرے گا۔ ڈائریکٹر کمیونیکیشن جولی کوزیک نے بتایا کہ آئی ایم ایف وفد اس دورے کے دوران توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) پروگرام کے تحت تیسرے جبکہ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی (آر ایس ایف) کے دوسرے جائزے پر بات چیت کرے گا۔ ڈائریکٹر کمیونیکیشن جولی کوزیک نے اعتراف کیا کہ ای ایف ایف کے تحت پاکستان کی پالیسیوں سے معیشت کو استحکام ملا، اصلاحات سے معاشی اعتماد میں اضافہ ہوا، آئی ایم ایف نے ٹیکس نظام میں سادگی اور شفافیت بڑھانے کی سفارشات کی ہیں، سرکاری خریداری کیلئے نظام میں شفافیت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مالی سال 2025 میں پاکستان کی مالی کارکردگی مضبوط رہی اور ملک نے جی ڈی پی کا 1.3 فیصد بنیادی مالیاتی سرپلس حاصل کیا، جو پروگرام کے اہداف کے مطابق ہے، پاکستان میں مہنگائی کی شرح قابو میں رہی جبکہ مالی سال 2025 میں ملک نے 14 سال بعد پہلی مرتبہ کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس بھی ریکارڈ کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام سے عالمی اداروں کا اعتماد بحال ہوا ہے، گورننس اینڈ کرپشن ڈائگنوسٹک رپورٹ حال ہی میں شائع کی گئی، رپورٹ میں اصلاحات کی تجاویز شامل ہیں، ٹیکس پالیسی کو سادہ بنانا اہم ترین ٹیکس اصلاحات ہے

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

۔ حادثے کے نتیجے میں بچوں سمیت 10 افراد زخمی ہوگئے، جن میں سے تین کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ اطلاعات کے مطابق، حادثے کے فوراً بعد مقامی افراد اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچیں اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ تشویشناک حالت کے پیش نظر متعدد زخمیوں کو مزید علاج کے لیے خضدار منتقل کیا گیا۔ زخمیوں میں شامل تین افراد کی شناخت درج ذیل ہے۔ محمد فیصل ولد عبدالطیف، سکنہ کلی میراجی گدر، قوم میراجی مینگلخانزی خان ولد قادر بخش، سکنہ کلی میراجی گدر، قوم میراجی مینگلشکیلہ بنت عبدالکریم، سکنہ کلی میراجی گدر مینی شاہدین کے مطابق گاڑی میں مردوں اور بچوں کی بڑی تعداد سوار تھی اور ٹائر برسٹ ہونے کے باعث ڈرائیور گاڑی پر قابو نہ رکھ سکا، جس سے یہ افسوسناک واقعہ پیش آیا

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مقتول جہانزیب ولد محمد علی سکنہ عیسیٰ سورگ ہیں۔ ذرائع کے مطابق جہانزیب کو چار ماہ قبل مسلح افراد نے اغوا کر کے لے گئے تھے۔ پولیس نے لاش کی ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد ورثا کے حوالے کردی ہے

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بلوچ کے زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر قلات اسسٹنٹ کمشنر قلات اور دیگر نے شرکت کی اجلاس میں انتخابات کیا انعقاد پولنگ عملے کی تعیناتی سکیورٹی کے انتظامات اور دیگر اہم امور سے متعلق اہم فیصلے کئے

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی۔ اجلاس میں مجلس کے اراکین میر علی مدد جتک، میر غلام دستگیر بادینی، عبدالمجید بادینی کے علاوہ سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ عبدالرف بلوچ اور ایسسٹنٹ سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمٰن نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلوچستان انٹیگرل سلاٹر کنٹرول بل 2025 مسودہ قانون نمبر 42، صدورہ 2025 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ مجلس نے بل کی مختلف شقوں پر غور وخوض کے بعد اپنی حتمی سفارشات مرتب کر لیں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مذکورہ بل آئندہ اجلاس میں ایوان میں پیش کیا جائے گا تاکہ باقاعدہ منظوری کے لیے کارروائی عمل میں لائی جاسکے

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہولی ملاقات کے بعد مارکو روبیو نے تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کردی۔ اس موقع پر انہوں نے لکھا کہ امریکی صدر کی جانب سے غزہ کے امن منصوبے میں پاکستان کی معاونت اور بورڈ آف پیس میں شمولیت پر پاکستان کو سراہتے ہیں۔ مارکو روبیو نے بتایا کہ ملاقات میں اسٹریٹیجک تعلقات، کم یاب معدنیات، ڈیوپلپمنٹ اور انسداد دہشت گردی کے امور پر بات ہوئی

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

وفاقی حکومت کی اپیل زائد المعیاد قرار دیتے ہوئے خارج کردی اور تاخیر معاف کرنے کی حکومتی استدعا بھی مسترد کرتے ہوئے 4 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ جسٹس عائشہ ملک نے فیصلہ دیا کہ حکومت کو بھی عدالت میں وہی پروڈکول ملے گا جو عام آدمی کو ملتا ہے، حکومت کوئی انوکھا سائل نہیں، اسے بھی عام شہری کی طرح قانون ماننا پڑے گا، ریاست شہریوں سے تو قانون منواتی ہے، لیکن خود بہانے بناتی ہے۔ سپریم کورٹ نے سروس میٹر میں تاخیر معاف کرنے کی حکومتی استدعا بھی مسترد کردی اور قرار دیا کہ دفتروں کے اندر رولز یا انتظامی مشکل وقت کی پابندی سے اوپر نہیں ہو سکتے، حکومت کے مطابق افسر کے تبادلے کی وجہ سے فائلیں دفتر رہیں، اپیل دائر کرنے میں دیر ہوئی۔ عدالت عظمیٰ نے قرار دیا کہ سرکاری افسران کی کمی یا کمیٹیوں کے اجلاس نہ ہونا حکومت کا اپنا قصور ہے، ریاست اپنی نااہلی کا بوجھ عدالت پر نہیں ڈال سکتی، بیوروکریسی کی سستی کی سزا دوسرے فریق کو نہیں دی جاسکتی، قانون پر عملدرآمد افسران کی سہولت کے تابع نہیں بلکہ نظم وضبط کا پابند ہونا چاہئے۔ وفاقی حکومت نے مقررہ 60 دن کی مدت گزرنے کے بعد 20 دن کی تاخیر سے

اپیل دائر کی گئی تھی

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے قریب لونی روڈ پر ٹریفک حادثہ ایک نوجوان سید اسماعیل شاہ موقع پر ہی ہلاک جبکہ ایک نوجوان سید دیدار حسین شاہ شدید زخمی ہوگیا واقعے کی اطلاع پر سائبان ٹرسٹ کے رضاکار موقع پر پہنچ کر زخمی بور مرنے والے کو ہسپتال منتقل کردیا گیا واقعے کے بارے میں مزید تحقیقات پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی خالی پلاٹ سے گلا کٹی لاش برآمد کرلی گئی۔ پولیس حکام کے مطابق خاتون کو تیز دھار آلے کے وار کر کے قتل کیا گیا جبکہ تفتیش کے دوران مقتولہ کی شناخت 30 سالہ نازیہ کے نام سے ہوئی ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ نازیہ کی گلا کٹی لاش ایل ڈی اے کے قریب کھیتوں سے برآمد ہوئی تھی جبکہ نازیہ کے قتل کے شبہ میں شوہر کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ پولیس نے واقع کا نوٹس لیتے ہوئے واقع کی تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رہا ہے۔ کاروباری ہفتے کے پانچویں روز کاروبار کے آغاز میں پاکستان سٹاک مارکیٹ میں مثبت تبدیلی دیکھنے میں آئی تاہم ٹریڈنگ کے دوران 100 انڈیکس 531 پوائنٹس کی کمی کے بعد 1 لاکھ 71 ہزار 818 پوائنٹس پر آ گیا۔ کاروبار کے دوران 100 انڈیکس 1 لاکھ 74 ہزار 148 کی بلندی تک بھی پہنچا جبکہ 1 لاکھ 69 ہزار 592 کی نچلی سطح تک بھی آیا۔ گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر 100 انڈیکس 1 لاکھ 72 ہزار 170 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔ دوسری جانب انٹربینک میں ڈالر 1 پیسے سستا ہو کر 279 روپے 56 پیسے کا ہوگیا۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ار میں منشیات برآمد ایک ملزم گرفتار گاڑی ضبط مقدمہ درج تفتیش شروع کردی گئی پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار پولیس تھانہ کی حدود جمالی بائی پاس زیرو پوائنٹ کے مقام پر دوران چیکنگ ایکسائز پولیس نے ٹوٹی کاری کے خفیہ خانوں سے 14 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی چرس اور تین کلوگرام کرسٹل برآمد کرلی پولیس نے ملزم عمران لاشاری کو گرفتار کر کے گاڑی تحویل میں لیکر مقدمہ درج کر کے ملزم سے تفتیش شروع کردی گئی

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مجموعی شرح 28.9 فیصد تک پہنچ چکی ہے جبکہ گزشتہ 7 سال کے دوران تقریباً 7 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اسی دوران معاشی ناہمواری بھی 28.4 فیصد سے بڑھ کر 32.7 فیصد ہوگئی ہے، جس سے امیر اور غریب کے درمیان فرق مزید نمایاں ہوگیا ہے۔ شہری علاقوں میں غربت کی شرح 11 فیصد سے بڑھ کر 17.4 فیصد جبکہ دیہی علاقوں میں 28.2 فیصد سے بڑھ کر 36.2 فیصد ہوگئی ہے۔ صوبائی سطح پر بھی صورتحال سنگین ہے: پنجاب: 16.5 فیصد سے بڑھ کر 23.3 فیصد سندھ: 24.5 فیصد سے بڑھ کر 32.6 فیصد خیبر پختونخوا: 28.7 فیصد سے بڑھ کر 35.3 فیصد بلوچستان: 42 فیصد سے بڑھ کر 47 فیصد احسن اقبال نے کہا کہ مہنگائی میں اضافہ، آئی ایم ایف پروگرام کی سخت شرائط اور بجلی وگیس کی قیمتوں میں اضافے نے عام شہری کی زندگی پر گہرا اثر ڈالا ہے اور غربت بڑھنے کی بڑی وجہ بھی یہی عوامل ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ مضبوط معاشی اصلاحات اور مؤثر سماجی تحفظ کے اقدامات کے بغیر غربت اور معاشی ناہمواری میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے یہ بھی کہا کہ حکومت کو مستقبل میں آئی ایم ایف پروگرام سے نکلنے پر غور کرنا ہوگا تاکہ عام آدمی کے معیار زندگی میں بہتری لائی جاسکے

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ی، موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان چھین کر فرار ہو گئے۔ خوش قسمتی سے کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی، تاہم مسافروں میں شدید خوف وہراس پھیل گیا۔ واقعے کی اطلاع مقامی انتظامیہ اور پولیس کو دے دی گئی ہے۔ عوامی حلقوں نے شاہراہوں پر سیکیورٹی بڑھانے اور گشت میں اضافے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ شہری محف

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

بلوچستان حکومت غیر قانونی الاٹمنٹ کا نوٹس لے، رحمان رفیق

اغبرگ، نوحصار اور ہنہ اوڑک کی زمینیں صدیوں سے مقامی قبائل کی ملکیت ہیں، کسی بھی قسم کی سرکاری یا غیر سرکاری مداخلت غیر آئینی، غیر قانونی اور جابرانہ اقدام ہے

مقامی آبادی کو ان کی زمینوں سے محروم کرنے کی ہر کوشش ناقابل قبول ہے حکومت سے فوری طور پر غیر قانونی الاٹمنٹ اور تمام متنازع اقدامات کو واپس لیکر مقامی قبائل کے حقوق کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماں نے اغبرگ، نوحصار اور ہنہ اوڑک کے مقامی قبائل کی آبائی زمینوں پر ہونے والی غیر قانونی الاٹمنٹ پر شدید اور بھرپور احتجاج کیا۔ پارٹی رہنماں نے کہا کہ یہ زمینیں صدیوں سے مقامی قبائل کی ملکیت میں ہیں اور کسی بھی قسم کی سرکاری یا غیر سرکاری مداخلت غیر آئینی، غیر قانونی اور جابرانہ اقدام ہے۔ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد اور دیگر رہنماں نے کہا کہ مقامی آبادی کو ان کی زمینوں سے محروم کرنے کی ہر کوشش ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے حکومت سے فوری مطالبہ کیا کہ غیر قانونی الاٹمنٹ کا نوٹس لیا جائے اور تمام متنازع اقدامات کو واپس لے کر مقامی قبائل کے حقوق کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ جمعیت علما اسلام آئینی، قانونی اور شرعی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی اور اس جدوجہد میں مقامی عوام کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی

کوئٹہ، رمضان المبارک کے پہلے جمعے کے موقع پر نمازی جمعہ نماز ادا کر رہے ہیں

مادری زبانوں کا عالمی دن، پشتونخوامیپ کے زیر اہتمام آج تقاریب منعقد ہونگی

مرکزی تقریب پریس کلب کوئٹہ میں دوپہر 2 بجے منعقد ہوگی، مرکزی وصوبائی قائدین بھی شریک ہونگے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ مادری زبانوں کے عالمی دن 21 فروری کو پارٹی کے زیر اہتمام ملک و بیرون ملک، پشتونخوا وطن کے تمام اضلاع میں اجتماعات، سیمینار، تقاریب کا انعقاد کیا جائیگا اور مرکزی تقریب پریس کلب کوئٹہ میں دوپہر 2 بجے منعقد ہوگی۔ جس میں پارٹی کے مرکزی وصوبائی قائدین (باقی صفحہ 6 نمبر 3)

چمن میں رمضان سستا بازار قائم نہ ہوسکا

چمن (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ڈپٹی کمشنر کی جانب سے رمضان سستا بازار قائم کردیا گیا، تاہم صوبے کے دوسرے بڑے شہر چمن میں کسی بھی مقام پر سستا بازار نہ لگایا جاسکا جس کے باعث شہری شدید مشکلات (باقی صفحہ 6 نمبر 2)

رمضان میں خود ساختہ مہنگائی عوام پر ظلم ہے، حلیم صادق

رمضان المبارک صبر، ایثار اور ہمدردی کا درس دیتا ہے، مگر بدقسمتی سے کچھ عناصر اس مقدس مہینے میں بھی عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے میں مصروف ہیں

نان بائیوں کی من مانیاں ناقابل برداشت، روٹی کا وزن کم کرکے غریب کا حق چھینا جارہا ہے، سرکاری نرخنامے اور وزن پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں کوئٹہ شہر میں بڑھتی ہوئی خود ساختہ مہنگائی، دکانداروں کی من مانیوں اور بالخصوص نان بائیوں کی جانب سے روٹی کے وزن میں کمی پر شدید ردعمل دیتے ہوئے اس عمل کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رحمتوں اور برکتوں کے مہینے کو منافع خوری اور حرام کمائی کا ذریعہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک صبر، ایثار اور ہمدردی کا درس دیتا ہے، مگر بدقسمتی سے کچھ عناصر اس مقدس مہینے میں بھی عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے میں مصروف ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں میں اشیائے خوردونوش کی قیمتیں سرکاری نرخنامے سے کہیں زیادہ (باقی صفحہ 6 نمبر 1)

کوئٹہ: آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر پولیس ٹریننگ کالج میں یادگار شہداء پر فاتحہ خوانی کے بعد پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں

کوئٹہ گرانفروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن 113 گرفتار

ضلعی انتظامیہ کی ماہ رمضان کے دوران گراں فروشی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں، متعدد دکانداروں کو جرمانے اور سزائیں بھی دی گئی ہیں

سب ڈویژن سٹی میں 41 قصائیوں اور تندور مالکان کو گرفتار کیا گیا۔ سب ڈویژن صدر میں 32 قصائیوں اور نانبائیوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی

کوئٹہ (یو این اے) ضلعی انتظامیہ نے ماہ رمضان کے دوران گراں فروشی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں کرتے ہوئے 113 افراد کو گرفتار کر لیا۔ متعدد دکانداروں کو جرمانے اور سزائیں بھی دی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے مطابق مختلف سب ڈویژنز میں پرائس کنٹرول کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت اقدامات کیے گئے۔ کارروائیوں کی تفصیل کے مطابق: سب ڈویژن سٹی میں 41 قصائیوں اور تندور مالکان کو گرفتار کیا گیا۔ سب ڈویژن صدر میں 32 قصائیوں اور نانبائیوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ سب ڈویژن کچلاک میں 22 افراد کو حراست میں لیا گیا۔ سب ڈویژن سریاب میں 18 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ رمضان کے دوران ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف مقدمات درج کرکے جیل بھیجا جارہا ہے۔ یہ کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی تاکہ شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ ضلعی انتظامیہ نے ماہ رمضان کے دوران گراں فروشی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں کرتے ہوئے 113 افراد کو گرفتار کر لیا۔ متعدد دکانداروں کو جرمانے اور سزائیں بھی دی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے مطابق مختلف سب ڈویژنز میں پرائس کنٹرول کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت اقدامات کیے گئے۔ کارروائیوں کی تفصیل کے مطابق: سب ڈویژن سٹی میں 41 قصائیوں اور تندور مالکان کو گرفتار کیا گیا۔

جائیداد کی خرید وفروخت کرنیوالے ادارے بی آر اے سے رجسٹریشن یقینی بنائیں

سروس پروائیڈرز پر لازم ہے کہ وہ مقررہ شرح کے مطابق ٹیکس کی ادائیگی کو یقینی بنائیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) نے غیر منقولہ جائیداد کی خرید وفروخت یا کرایہ داری (ہائرنگ) سے متعلق خدمات فراہم کرنے والے افراد و اداروں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ فوری طور پر بی آر اے کے ساتھ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور ہر ٹیکس پیریڈ کی ریٹرن مقررہ وقت کے اندر جمع کرائیں۔ بی آر اے کے مطابق بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) ایکٹ 2015 ترمیم شدہ فنانس ایکٹ 2025 کے تحت غیر منقولہ جائیداد کی خرید وفروخت یا کرایہ داری سے متعلق فراہم کی جانے والی خدمات پر 5 فیصد سیلز ٹیکس عائد (باقی صفحہ 6 نمبر 24)

چمن، قصاب یونین کی دوسرے روز بھی ہڑتال

چمن (یو این اے) چمن میں قصاب یونین کی جانب سے سرکاری نرخ نامہ مسترد کرتے ہوئے ہڑتال دوسرے روز بھی جاری رہی، جس کے باعث شہر بھر میں تمام چھوٹے اور بڑے قصاب خانے بند رہے اور گوشت کی سپلائی مکمل طور پر معطل رہی۔ گوشت کی عدم دستیابی کے باعث روزہ داروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے (باقی صفحہ 6 نمبر 23)

پولیو کے خاتمے کیلئے حکومت سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، خالد خان

فیلڈ ٹیموں کی مائیکرو پلاننگ کو مزید مؤثر بنایا جائے، ہائی رسک علاقوں پر خصوصی توجہ دی جائے

جعفرآباد (خ ن) ضلع جعفرآباد میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اہم جائزہ اجلاس ڈپٹی کمشنر خالد خان کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمنان لاکی دی ایس ایم فیصل اقبال کھوسہ سمیت دیگر محکمہ صحت کے افسران، پولیو پروگرام سے وابستہ عملہ، متعلقہ محکموں کے نمائندگان اور فیلڈ اسٹاف نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ پولیو مہم کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مختلف یونین کونسلوں سے موصول ہونے والی رپورٹس پیش کی گئیں۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ ضلع بھر میں گزشتہ پولیو مہم مجموعی طور پر کامیاب رہی اور ٹیموں نے بہتر حکمت عملی کے (باقی صفحہ 6 نمبر 4)

پنجگور میں بی آر ایس پی رائز پروگرام کا تعارفی وتربیتی اجلاس

پنجگور (یو این اے) بی آر ایس پی رائز پروگرام کی جانب سے مقامی سطح پر لوکل سپورٹ اداروں کے نمائندگان کا تعارفی اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع سطح پر کمیونٹی اداروں کے لیے رائز پروگرام کے حوالے سے تربیتی نشست کا بھی اہتمام کیا گیا۔ اجلاس میں 11 لوکل سپورٹ اداروں نے 23 شرکا کو نامزد کیا (باقی صفحہ 6 نمبر 5)

گرانفروشوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائیگی، ضلعی انتظامیہ قلات

شہری خریداری سے قبل نرخنامہ ضرور چیک کریں، اور اگر سرکاری نرخنامہ آویزاں نہ ہو تو اس کی شکایت فوری

قلات (خ ن) ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے سرکاری نرخنامہ جاری کردیا گیا ہے۔ مقررہ قیمتوں سے تجاوز کرنے والے دکانداروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ خریداری سے قبل نرخنامہ ضرور چیک کریں، اور اگر کسی دکاندار کے پاس سرکاری نرخنامہ آویزاں نہ ہو تو اس کی شکایت فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کے قائم۔ کردہ شکایت سیل نمبر 0844210820، 03367970773 سے رابطہ کریں تاکہ ناجائز منافع خوری کا سدباب کیا جاسکے

حکومت تعلیم کے فروغ کیلئے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے، ذوالفقار علی کرار

اتین اساتذہ کو ہراساں کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوں گے

نصیرآباد (خ ن) ضلع نصیرآباد میں ڈپٹی کمشنر ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحفیظ کھوسہ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی، خزانہ آفس کے نمائندہ امجد بہرانی، خانزادی بلوچ، عبدالوحد سومرو، جاوید شریف عمرانی، رسول بخش کھوسہ، UNICEF کے نمائندہ شوکت مستوئی، ڈپٹی کمشنر کے پی ایس منظور شیرازی اساتذہ یونین کے نمائندگان اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحفیظ کھوسہ نے ضلع بھر میں جاری تدریسی سرگرمیوں، اساتذہ کی دستیابی، بند اسکولوں اور دیگر انتظامی و تعلیمی (باقی صفحہ 6 نمبر 21)

رمضان ریلیف پیکیج شفافیت، وقار اور عوامی خدمت کی بہترین مثال

حکومتِ بلوچستان نے ماہِ صیام کے مقدس موقع پر مستحق، نادار، بیواؤں، یتیموں اور معذور افراد کیلئے خصوصی رمضان ریلیف پیکیج پر مؤثر عملدرآمد جاری ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق شفافیت، میرٹ اور خدمتِ خلق کے اصولوں پر سختی سے عمل جاری رکھا جائے گا، ضلعی انتظامیہ

کوئٹہ (سمیرہ راجپوت) حکومتِ بلوچستان نے ماہِ صیام کے مقدس موقع پر مستحق، نادار، بیواؤں، یتیموں اور معذور افراد کے لیے خصوصی رمضان ریلیف پیکیج پر مؤثر عملدرآمد جاری رکھا ہوا ہے۔ BugtiSarfrazMir کی ہدایات کے مطابق صوبہ بھر میں راشن کی تقسیم شفاف، منظم اور باوقار انداز میں یقینی بنائی جارہی ہے، جبکہ کوئٹہ میں اس عمل کی نگرانی ضلعی انتظامیہ بھرپور ذمہ داری کے ساتھ کر رہی ہے۔ Mehrullah(R) Captain Badini کی قیادت میں ضلعی انتظامیہ نے ایک جامع حکمتِ عملی اختیار کی ہے جس کے تحت مستحق خاندانوں تک بروقت امدادی سامان پہنچایا جارہا ہے۔ خصوصی ٹیموں کے ذریعے بیواؤں، یتیم بچوں اور معذور افراد کو ترجیحی بنیادوں پر شامل کیا گیا تاکہ کوئی بھی ضرورت مند (باقی صفحہ 6 نمبر 7)

نقل کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، اشفاق سیلاچی

ماچھی پور (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول ماچھی پور میں جماعت نہم و دہم کے سالانہ امتحانات کے لیے قائم امتحانی مرکز میں طلبہ و طالبات پرامن، منظم اور سازگار ماحول میں امتحان دے رہے ہیں۔ مرکز میں نظم و ضبط کی مثالی فضا قائم ہے اور تمام انتظامات احسن انداز (باقی صفحہ 6 نمبر 8)

جہلم تاریخی شیر شاہ سوری کے مجسمے کی تبدیلی کی پشتون رہنماؤں کی شدید مذمت

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن اور سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ کے ہمراہ پشتون رہنماں سردار حسن جمیل، بوستان ایڈووکیٹ، میر وائیس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، ڈاکٹر منصور، ڈاکٹر رستم، ڈاکٹر خوشحال خان، سردار احمد اور سردار بہلول خان نے پنجاب حکومت (باقی صفحہ 6 نمبر 9)

گنداخہ، رمضان میں مہنگائی شہریوں کی کمر توڑ رہی ہے، پرائس کنٹرول ناکام

گنداخہ (یو این اے) ضلع اوستہ محمد اور اس کے گردونواح میں ماہ رمضان المبارک کے آغاز کے ساتھ ہی اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ نے شہریوں کی کمر توڑ دی ہے۔ بازاروں میں آٹا، چینی، گھی، دالیں، بیسن، چاول، گوشت، مرغی، دودھ، دہی، سبزیاں اور پھل سرکاری نرخ نامے سے کہیں زیادہ قیمتوں پر (باقی صفحہ 6 نمبر 12)

بیلا، گرانفروشی اور تجاوزات پر متعدد افراد گرفتار

گرانفروشوں کے خلاف کی گئی کارروائی اور جرمانے قابل ستائش ہیں، عوامی حلقے

بیلا (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر بیلا رومیل فہیم جان نے جمعہ کے روز شہر کے بازار کا دورہ کیا اور گرانفروشی کرنے والے متعدد پھل فروشوں کو سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی اور من مانے نرخوں پر فروخت کرنے پر گرفتار کرلیا۔ اس دوران بازار میں تجاوزات کرنے والے دکانداروں اور پتھاریداروں کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر (باقی صفحہ 6 نمبر 10)

شہر بھر میں مختلف لیبارٹریوں کی مانیٹرنگ کی جائے، ذوالفقار علی کرار

ضلع انتظامیہ کی جانب سے صحت کے تمام یونٹس کا باقاعدگی سے سرپرائز وزٹ کیا جائیگا

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی، ایم ایس سول ہسپتال ڈاکٹر حبیب چندرانی، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر سے امجد بہرانی پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایم طارق شہباز کٹوہر ڈرگ انسپکٹر ڈاکٹر اعجاز علی اور ڈپٹی کمشنر کے پی ایس منظور شیرازی نے (باقی صفحہ 6 نمبر 11)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ناقابل برداشت ہے، امان شاہ

حکومت کی ناقص پالیسیوں کا بوجھ براہ راست عام آدمی پر ڈالا جارہا ہے، اشیائے خوردونوش سمیت ہر چیز کی قیمت آسمان سے باتیں کرنے لگی ہے

غریب اور متوسط طبقہ کچلا جارہا ہے، پٹرولیم مصنوعات پر عائد بھاری ٹیکسز اور لیویز میں فوری کمی کی جائے تاکہ عوام کو کچھ ریلیف مل سکے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینر سید امان شاہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئے روز اضافے کو عوام پر بدترین ظلم اور کھلی لوٹ مار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی ناقص پالیسیوں کا بوجھ براہ راست عام آدمی پر ڈالا جارہا ہے۔ پٹرول، ڈیزل اور دیگر ایندھن کی قیمتوں میں تسلسل کے ساتھ اضافے نے نہ صرف ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ کیا ہے بلکہ اشیائے خوردونوش سمیت ہر چیز کی قیمت آسمان سے باتیں کرنے لگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ درحقیقت مہنگائی کے ایک نئے طوفان کو جنم دیتا ہے، جس کا سب سے زیادہ اثر دیہاڑی دار مزدور، سرکاری و نجی ملازمین اور کم آمدنی والے طبقے پر پڑتا ہے۔ عوام پہلے ہی بجلی، گیس اور روزمرہ (باقی صفحہ 6 نمبر 22)

ڈاکٹر ناشناس لہڑی اور میر لیاقت لہڑی کی ملاقات

صوبے میں ترقیاتی عمل اور عوامی مسائل پر رہنماؤں کی تفصیلی گفتگو

بی این پی (عوامی) کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر ناشناس نے پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران موجودہ سیاسی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور اور صوبے میں جاری ترقیاتی عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے سیاسی ہم آہنگی، جمہوری اقدار کے فروغ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مثبت کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر طاہر لہڑی بھی موجود تھے۔

صحافیوں پر ناانصافی کیخلاف منظم جدوجہد کرینگے، پریس کلب واشک

واشک (یو این اے) پریس کلب واشک کے زیر اہتمام آرگنائزنگ کمیٹی کا اہم اجلاس سابق آرگنائزر نصیب بلوچ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان کے صحافیوں کو درپیش سنگین مسائل، حکومتی ناانصافی اور اندرون بلوچستان کے میڈیا ورکرز کی مسلسل (باقی صفحہ 6 نمبر 19)

پنجگور پولیس کی رمضان میں افطاری کی تقسیم

پنجگور (یو این اے) پنجگور پولیس ماہ رمضان المبارک کے بابرکت موقع پر مقامی عوام میں افطار تقسیم کررہی ہے۔ اس اقدام کا مقصد نہ صرف مستحق اور ضرورت مند افراد کی مدد کرنا ہے بلکہ پولیس اور عوام کے درمیان باہمی اعتماد اور ہم آہنگی کو فروغ دینا بھی ہے۔ افطار کی یہ تقسیم خدمتِ خلق کے جذبے کے تحت کی (باقی صفحہ 6 نمبر 18)

گنداخہ، جمعیت علما اسلام کا رمضان میں امن و امان کیلئے ایس ایچ او سے اجلاس

گنداخہ (یو این اے) تحصیل گنداخہ میں جمعیت علما اسلام کے وفد نے امیر مولانا امان اللہ حقانی کی قیادت میں پولیس تھانہ گنداخہ کے ایس ایچ او حاجی خان لاشاری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ماہ رمضان المبارک کے تقدس، امن و امان کی صورتحال اور رمضان آرڈیننس پر مؤثر عملدرآمد پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وفد میں جنرل (باقی صفحہ 6 نمبر 14)

سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس کی کارکردگی مایوس کن

علاقہ مکینوں کا آئی جی پولیس سے گشت میں اضافے اور عوامی تحفظ کے لیے فوری اقدامات کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس کی ناقص کارکردگی کے باعث غوث آباد، لوڑ کاریز اور دیگر علاقوں میں چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم میں اضافہ ہو گیا ہے۔ علاقے کے مکین حاجی سلام جنگ، میر محبوب، جان سالانی، خالد خان اور انور لہڑی نے آئی جی ایف سی اور آئی جی پولیس سمیت دیگر متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ پولیس صرف اخباری بیانات تک محدود رہ کر عوام (باقی صفحہ 6 نمبر 17)

ڈسٹرکٹ کمپلیکس استامحمد ایک بڑا اور اہم ترقیاتی منصوبہ ہے، یٰسین جمالی

ڈسٹرکٹ کمپلیکس استامحمد کی تکمیل سال 2027 تک متوقع ہے، کام تیزی سے جاری ہے

استامحمد (خ ن) ایکسین بلڈنگز محمد یٰسین جمالی نے ایک ارب سے بھی زائد لگ بھگ (1300) ملین روپے کی لاگت سے زیر تعمیر ڈسٹرکٹ کمپلیکس استامحمد کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ ایک بڑا اور اہم ترقیاتی منصوبہ ہے جس کی تکمیل سال 2027 تک متوقع ہے انہوں نے کہا کہ منصوبے پر کام تیز رفتاری سے جاری ہے اور تعمیراتی سرگرمیوں کی باقاعدہ نگرانی کی جارہی ہے تاکہ معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ ہو۔ اس مقصد کے لیے متعلقہ افسران اور تکنیکی عملہ روزانہ کی بنیاد پر کام کا معائنہ کررہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈسٹرکٹ کمپلیکس کی تکمیل سے (باقی صفحہ 6 نمبر 20)

تمام تاجر سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، عبدالرزاق ساسولی

گراں فروشی، ذخیرہ اندوزی اور ملاوٹ کرنیوالوں کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائیگی

خضدار (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ کی سربراہی میں پرائس کنٹرول کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ماہ صیام کے دوران اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے اور عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمید اللہ شہری ایکشن کمیٹی کے چیرمین بشیر احمد بلنگ اور لائیو اسٹاک سے ڈاکٹر سکندر شماریات آفیسر نذیر احمد مختلف تجارتی تنظیموں کے نمائندے نے شرکت کیا اجلاس کے دوران خضد (باقی صفحہ 6 نمبر 6)

کوئٹہ: رکن قومی اسمبلی عادل خان بازئی سے رکن صوبائی اسمبلی خیر جان بلوچ بلوچستان اسمبلی اجلاس کے بعد مصافحہ کررہے ہیں

نوکنڈی میں میٹرک امتحانات شفاف اور پرامن ماحول میں جاری

امتحانی عملے کی دیانت داری اور موثر نگرانی قابلِ تقلید مثال ہے، عبدالمالک بلوچ

نوکنڈی (یو این اے) تحصیل نوکنڈی میں میٹرک کے سالانہ امتحانات کے سلسلے میں ڈپٹی کنٹرولر رخشاں ڈویژن عبدالمالک بلوچ نے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ امتحانی مرکز کے سپرنٹنڈنٹ عبدالغیاث نوتیزئی، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ عبدالشکور حسنزئی، ایڈیشنل ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ امان اللہ مینگل اور دیگر متعلقہ عملہ بھی موجود تھا۔ دورے کے دوران امتحانی انتظامات کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ امتحانات منظم، پرامن اور شفاف ماحول میں جاری پائے گئے۔ ڈپٹی کنٹرولر عبدالمالک بلوچ نے اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ امتحانی مراکز میں نظم و ضبط برقرار رکھنے اور ضوابط پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے سپرنٹنڈنٹ عبدالغیاث (باقی صفحہ 6 نمبر 15)

خطے میں جاری شورش و بدامنی امریکی جارحیت کا تسلسل ہے، جمعیت نظریاتی

وزیراعظم کا امریکی صدر ٹرمپ کو امن کا علمبردار کہنا حقائق کے منافی، خوشامد اور غلامی کے سوا کچھ نہیں اس سے مظلوم مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے

عالم اسلام حکمرانوں کے بے حسی اور بے بسی سے پورا خطہ اور اسلامی ممالک امن کے حوالے سے بہت بڑے خطرے سے دوچار ہورہے ہیں

جمعیت علماء (پ ر) اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمٰن نکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹر مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی ترجمان سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمٰن نکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مولانا محمد قاسم مخلص مولانا قمرالدین کلاچی پیر وحید اللہ بالیجوی مولانا عبدالوہاب ڈھیرو و دیگر نے کہا کہ وزیراعظم کا امریکی (باقی صفحہ 6 نمبر 13)

آئل ٹینکرز کو درپیش سنگین مسائل فوری حل کیے جائیں، شمس شاہوانی

ملک بھر میں آئل ٹینکرز مالکان کو درپیش مسائل و مشکلات میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے، جس کے باعث کاروبار شدید بحران کا شکار ہوچکا ہے

پٹرولیم مصنوعات کی ترسیل جیسے حساس اور اہم شعبے سے وابستہ افراد کو مسلسل نظرانداز کیا جارہا ہے، جو نہ صرف ٹرانسپورٹرز بلکہ ملکی معیشت کیلئے بھی نقصان دہ ہے

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے مرکزی چیئرمین میر شمس شاہوانی نے کہا ہے کہ ملک بھر میں آئل ٹینکرز مالکان کو درپیش مسائل و مشکلات میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے، جس کے باعث کاروبار شدید بحران کا شکار ہوچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی ترسیل جیسے حساس اور اہم شعبے سے وابستہ افراد کو مسلسل نظرانداز کیا جارہا ہے، جو نہ صرف ٹرانسپورٹرز بلکہ ملکی معیشت کیلئے بھی نقصان دہ ہے۔ میر شمس شاہوانی نے کہا کہ بھاری ٹیکسز، مختلف محکموں کی جانب سے بے جا جرمانے، چیک پوسٹوں پر غیر ضروری تاخیر اور سیکیورٹی خدشات نے آئل ٹینکرز مالکان کو شدید مالی دباؤ میں مبتلا کردیا ہے۔ ایک طرف ڈیزل اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ ہے تو دوسری جانب گاڑیوں کے اسپیئر پارٹس، ٹائرز (باقی صفحہ 6 نمبر 16)

کوئٹہ: گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ (ن) نصیرآباد کے ڈویژنل صدر محمد حسین گولہ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

کوئٹہ: گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران اور سینیٹر دوستین ڈومکی ملاقات کررہے ہیں

Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ
صحافت

پبلشر ملک نعیم خان کاکڑ نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 دبئی پلازہ منان چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر: 081-2828822 فیکس نمبر: 03337887770 اسلام آباد بیورو: آفس نمبر: 712 فرسٹ فلور کشمیر کلاتھ ہاؤس آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد فون نمبر: 051-2603196
E-Mail Address: dailysahafat.quetta@gmail.com

بلوچستان عوامی مشکلات اور حکومتی چارہ گری کی نئی راہیں

بلوچستان کی سنگلاخ چٹانوں اور وسیع و عریض رقبے کی مانند یہاں کے عوام کے حوصلے بھی بلند رہے ہیں مگر موجودہ معاشی صورتحال اور مہنگائی کے طوفان نے غریب طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ ایسے حالات میں حکومت کی جانب سے انسانی ہمدردی کے تحت اٹھائے جانے والے اقدامات محض انتظامی ذمہ داری نہیں بلکہ ریاست اور عوام کے درمیان محبت کا وہ پل ہیں جو اعتماد کی بنیاد بنتا ہے۔ اگرچہ حکومت نے مختلف اوقات میں راشن پروگرامز اور احساس جیسے منصوبوں کے ذریعے ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کی ہے، لیکن بلوچستان کی جغرافیائی وسعت اور دور افتادہ علاقوں تک ان سہولیات کی رسائی ابھی بھی ایک بڑا چیلنج بنی ہوئی ہے۔ ایک مثبت معاشرے کی تشکیل کے لیے ضروری ہے کہ حکومت اور عوام کے درمیان ہمدردی اور یگانگت کا رشتہ مضبوط ہو، جس کے لیے محض پالیسی سازی کافی نہیں بلکہ عام آدمی کے دکھ کا مداوا کرنا وقت کی پکار ہے۔ اگر ہم موجودہ اقدامات کا جائزہ لیں اور ان میں مزید بہتری کی گنجائش تلاش کریں، تو حکومت کو چاہیے کہ وہ "سستا بازار" اسکیموں کو صرف بڑے شہروں تک محدود رکھنے کے بجائے تحصیل کی سطح پر لائے تاکہ دور دراز علاقوں کا مزدور بھی سستی اشیاء ؒ سے مستفید ہو سکے۔ بلوچستان کے غریب عوام کے ساتھ حقیقی ہمدردی کا تقاضا یہ ہے کہ مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں اور چھوٹی صنعتوں کو فروغ دیا جائے تاکہ لوگ مہنگائی کا مقابلہ کرنے کے قابل بن سکیں۔ جب ریاست ایک شفیق والدین کی طرح اپنے شہریوں کے سر پر دستِ شفقت رکھتی ہے اور مشکل وقت میں ان کے دست و بازو بنتی ہے، تو اس سے نہ صرف بھائی چارے کو فروغ ملتا ہے بلکہ وحدت اور قومی یکجہتی کا وہ تصور بھی اجاگر ہوتا ہے جو کسی بھی خطے کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ حکومت کے لیے مخلصانہ مشورہ ہے کہ وہ براہ راست عوامی رابطے کی مہم شروع کرے جس میں حکومتی نمائندے خود غریب بستیوں کا رخ کریں اور ان کے مسائل سن کر فوری حل پیش کریں۔ اشیائے خورد و نوش پر سبسڈی کے طریقہ کار کو شفاف اور آسان بنایا جائے تاکہ ایک ان پڑھ دیہاتی بھی حکومتی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ اس کے علاوہ، تعلیمی اور طبی سہولیات میں خصوصی رعایتیں اور غریب خاندانوں کے لیے "میڈیکل کارڈز" کا مؤثر استعمال ایک ایسی ہمدردی ہوگی جو عوام کے دلوں میں ریاست کی محبت کو مزید گہرا کر دے گی۔ جب ایک عام شہری کو یہ احساس ہوگا کہ حکومت اس کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھتی ہے، تو نفرتیں ختم ہوں گی اور محبت، وحدت اور بھائی چارے کا ایک نیا سورج طلوع ہوگا جو بلوچستان کی تقدیر بدل دے گا

پاکستان نے نریندر مودی کا منصوبہ خاک میں ملا دیا

خالد بیگ

جنوبی ایشیا میں کرکٹ صرف ایک کھیل نہیں بلکہ ایک ثقافتی، سماجی اور سیاسی مظہر بن چکی ہے۔ بھارت، پاکستان اور بنگلہ دیش جیسے ممالک میں کرکٹ کو عوامی جذبات اور قومی شناخت کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہے جس کی وجہ سے ہمارے خطے میں یہ کھیل کم اور سیاسی و سفارتی بیانیے کا بھی حصہ بن چکا ہے۔ خاص طور پر بھارت میں ریاستی انتخابات ہوں یا بھارت کے جنرل الیکشن، جب بھارت کے حکمران اپنی انتخابی مہم کے طور پر اسلام، پاکستان اور مسلمانوں کو بھارت میں تشدد کا نشانہ بنا کر اسے اپنی انتخابی مہم کے طور پر استعمال کرنے میں ذرہ بھی شرم محسوس نہیں کرتے۔ جبکہ بعض اوقات کرکٹ کا کھیل بھی اس کی نظر ہو جاتا ہے۔ بھارت میں سیاسی ماحول اور ریاستی انتخابات ایک دوسرے سے گہرے طور پر منسلک ہیں۔ اس پس منظر میں کرکٹ جیسے مقبول عوامی کھیل کا علاقائی سیاست میں استعمال غیر معمولی نہیں ہے۔ گزشتہ ماہ جنوری میں جب بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ اور انڈین کرکٹ بورڈ کے درمیان تنازع نے سر اٹھایا تو ہمارے خطے میں اسے کھیل کے حوالے سے بھارتی ہٹ دھرمی اور بھارت میں نریندر مودی سرکار کے بنگلہ دیش میں بھارتی پروردہ جماعت عوامی لیگ اور اس کی سربراہ شیخ حسینہ واجد کے خلاف بنگلہ دیشی عوام کی طرف سے برپا کیے گئے کامیاب انقلاب کا ردعمل قرار دیا اور پاکستان و بھارت سمیت بنگلہ دیش میں بھی اسی نقطے کو بنیاد بنا کر کرکٹ کے ماہرین ٹیلی ویژن چینلوں اور اخبارات میں تبصرے کرتے نظر آئے۔ اسی وجہ سے تینوں ملکوں کی عوام بھی یہی سوچ کر اپنی پسند نہ پسند کا اظہار کرتی پائی گئی۔ جبکہ حقیقی پس منظر کچھ اور تھا جس میں بھارت کا وزیراعظم نریندر مودی، بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، بھارتی سلامتی کا مشیر اجیت کمار دوول ایک خاص ایجنڈے کے تحت متحرک تھے جس میں بعد ازاں آئی سی سی کے سربراہ امیت شاہ کے صاحبزادے اجے شاہ کو بھی منصوبے میں شامل کر لیا گیا کیونکہ اجے شاہ ہی نے نریندر مودی اور اس کے حواریوں کے ایجنڈے کو عملی شکل دینی تھی۔ بھارت میں نریندر مودی نے مئی 2025ء ؒ میں اپریشن سندور کے جواب میں پاکستان کی بہادر افواج کی جانب سے ملنے والی عبرت ناک شکست اور اس کی وجہ سے بھارت میں گرتی ہوئی اپنی سیاسی ساکھ کی بدولت شدید دباؤ کا شکار تھا۔ اپنی ڈوبتی نوع بچانے اور بی جے پی کے مردے میں دوبارہ جان ڈالنے کے لیے کرکٹ کو بطور جنگی ہتھیار بنانے کا فیصلہ کیا۔ مارچ/اپریل میں مغربی بنگال میں ریاستی انتخابات ہونے جا رہے ہیں۔ نریندر مودی اور اس کے حواری دیگر وزراء ؒ سمجھتے ہیں کہ ان کے لیے مغربی بنگال کے ریاستی انتخابات میں کامیابی بہت ضروری ہے مگر انھیں وہاں ممتا بنرجی جیسی مقبول لیڈر کا سامنا ہے جسے پچھاڑنا نہ صرف کانگریس جماعت اور بی جے پی کے لیے بھی 2011ء ؒ سے ایک بڑا امتحان بنا ہوا ہے جس کی ایک وجہ ممتا بنرجی کے انتخابات اور وہاں تعمیر و ترقی کے ایسے منصوبے ہیں جس سے نہ صرف ہندو اکثریت بلکہ مسلمان اور دیگر اقلیتیں بھی مستفید ہوتی ہیں۔ دوسری وجہ مغربی بنگال میں ہندوتوا کی اسلام اور مسلمانوں کے خلاف نفرت بھری پالیسی کو وہاں کی عوام کی طرف سے مسترد کیا جانا ہے۔ اپنے سیاسی ایجنڈے کو کامیاب کرنے کے لیے نریندر مودی اور اس کے ساتھ چال کے ٹولے نے آئی پی ایل میں کھیلنے کے لیے بنگلہ دیش سے منتخب کرکٹ کے کھلاڑی مستفیض الرحمٰن کو آئی پی ایل سے نکال باہر کرنے کا فیصلہ ہوا۔ اس سلسلے میں بھرپور پروپیگنڈا کیا گیا کہ بنگلہ دیش کے اندر مقامی ہندو آبادیوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے لہٰذا بھارت میں کھیلے جانے والے آئی پی ایل میں بنگلہ دیشی کھلاڑی کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔ اپنے اس پروپیگنڈے کو مزید قوت دینے کے لیے بھارت کے چند ہندو انتہا پسند گروہوں کی طرف سے مستفیض الرحمٰن کو قتل کی دھمکیاں دی گئی اور ساتھ ہی شاہ رخ خان کو بھی دھمکایا گیا کہ وہ بنگلہ دیشی کھلاڑی کو کولکتہ نائٹ رائیڈرز کے نام سے بنائی گئی ٹیم سے فوری طور پر باہر نکالے

وزیراعلیٰ رمضان نگہبان پیکیج، فلاحی ریاست کی جانب عملی پیش رفت

احمد خان

رمضان المبارک صرف عبادت اور روحانی تربیت کا مہینہ نہیں بلکہ ریاستی ذمہ داریوں کے امتحان کا وقت بھی ہوتا ہے۔ ایسے میں حکومتِ پنجاب نے "رمضان نگہبان پیکیج 2026" کے ذریعے عوامی ریلیف کو ایک منظم اور باوقار شکل دی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبہ بھر میں سستے بازاروں کے قیام، سبسڈی کی فراہمی، براہ راست مالی امداد اور سخت پرائس کنٹرول اقدامات کے ذریعے یہ پیغام دیا گیا کہ حکومت کمزور طبقات کے ساتھ کھڑی ہے۔ رمضان نگہبان کے نام سے لگائے گئے سستے بازاروں میں آٹا، چینی، دالیں، گھی، سبزیاں اور دیگر اشیاء ؒ ضروریہ مارکیٹ سے کم نرخوں پر فراہم کی جا رہی ہیں۔ صوبے بھر کے تمام شہروں میں سہولت بازار مکمل طور پر فعال ہیں اور اشیاء ؒ خوردونوش کم از کم 15 فیصد سستی دستیاب ہیں۔ دس کلو آٹے کی قیمت 900 روپے مقرر کی گئی ہے تاکہ عام آدمی کو فوری ریلیف مل سکے۔ مزید برآں بزرگوں، خواتین اور بچوں کے لیے علیحدہ سہولیات، بیٹھنے کی جگہ، صفائی اور ٹائلٹ جیسی بنیادی سہولیات کو بھی یقینی بنایا گیا ہے، جو اس پروگرام کو محض سبسڈی اسکیم نہیں بلکہ ایک منظم عوامی خدمت بناتا ہے۔ اس پیکیج کا سب سے نمایاں پہلو "رمضان نگہبان کارڈ" ہے۔ وزیراعلیٰ نے 40 لاکھ خاندانوں کو یہ کارڈ جاری کرنے کا اعلان کیا، جن میں سے لاکھوں کارڈ گھروں کی دہلیز تک پہنچائے جا چکے ہیں۔ ہر مستحق خاندان کو 10 ہزار روپے کی مالی امداد دی جائے گی، جبکہ مزدور کارڈ ہولڈرز کو اضافی 7 ہزار روپے فراہم کیے جائیں گے۔ یہ رقم اے ٹی ایم یا مقررہ کیمپ سائٹس سے حاصل کی جا سکتی ہے، جس کے لیے صوبے بھر میں 167 کیمپ سائٹس فعال کی گئی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے واضح احکامات جاری کیے ہیں کہ گراں فروشی اور ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ پرائس کنٹرول کمیٹیوں اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ خلاف ورزی کرنے والوں کی دکانیں فوری سیل کی جائیں۔ مزید یہ کہ اگر کوئی ایجنٹ رمضان نگہبان کارڈ کے عوض رقم طلب کرے تو اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ یہ سختی دراصل اس عزم کی عکاسی ہے کہ عوامی ریلیف کو کرپشن یا بدانتظامی کی نذر نہیں ہونے دیا جائے گا۔ حکومت نے 147 شہروں میں تقریباً 300 دسترخوان لگانے کا بھی اعلان کیا ہے جہاں اعلیٰ معیار کا کھانا مستحق افراد کو فراہم کیا جائے گا۔۔ مری، ملتان، رحیم یار خان، اٹک، جہلم، منڈی بہاؤالدین اور دیگر شہروں میں رمضان بازاروں کی فعالیت اس پروگرام کی وسعت کو ظاہر کرتی ہے۔ رمضان نگہبان پیکیج 2026 دراصل ایک ایسے فلاحی ماڈل کی جھلک پیش کرتا ہے جس میں سبسڈی، براہ راست مالی امداد، انتظامی نگرانی اور سماجی سہولیات کو یکجا کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا یہ اقدام نہ صرف رمضان کے دوران عوامی مشکلات کم کرنے کی کوشش ہے بلکہ ایک ایسے طرزِ حکمرانی کی علامت بھی ہے جو خدمت، شفافیت اور فوری عمل درآمد پر یقین رکھتا ہے۔ اگر یہی تسلسل برقرار رہا تو پنجاب میں سماجی تحفظ کا نظام مزید مضبوط ہو سکتا ہے اور حقیقی معنوں میں ریاست عوام کی دہلیز تک پہنچ سکتی ہے۔ رمضان المبارک صرف عبادت اور روحانی تربیت کا مہینہ نہیں بلکہ ریاستی ذمہ داریوں کے امتحان کا وقت بھی ہوتا ہے۔ ایسے میں حکومتِ پنجاب نے "رمضان نگہبان پیکیج 2026" کے ذریعے عوامی ریلیف کو ایک منظم اور باوقار شکل دی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبہ بھر میں سستے بازاروں کے قیام، سبسڈی کی فراہمی، براہ راست مالی امداد اور سخت پرائس کنٹرول اقدامات کے ذریعے یہ پیغام دیا گیا کہ حکومت کمزور طبقات کے ساتھ کھڑی ہے۔ رمضان نگہبان کے نام سے لگائے گئے سستے بازاروں میں آٹا، چینی، دالیں، گھی، سبزیاں اور دیگر اشیاء ضروریہ مارکیٹ سے کم نرخوں پر فراہم کی جا رہی ہیں۔ صوبے بھر کے تمام شہروں میں سہولت بازار مکمل طور پر فعال ہیں اور اشیاء ؒ خوردونوش کم از کم 15 فیصد سستی دستیاب ہیں۔ دس کلو آٹے کی قیمت 900 روپے مقرر کی گئی ہے تاکہ عام آدمی کو فوری ریلیف مل سکے۔ مزید برآں بزرگوں، خواتین اور بچوں کے لیے علیحدہ سہولیات، بیٹھنے کی جگہ، صفائی اور ٹائلٹ جیسی بنیادی سہولیات کو بھی یقینی بنایا گیا ہے، جو اس پروگرام کو محض سبسڈی اسکیم نہیں بلکہ ایک منظم عوامی خدمت بناتا ہے۔ اس پیکیج کا سب سے نمایاں پہلو "رمضان نگہبان کارڈ" ہے۔ وزیراعلیٰ نے 40 لاکھ خاندانوں کو یہ کارڈ جاری کرنے کا اعلان کیا، جن میں سے لاکھوں کارڈ گھروں کی دہلیز تک پہنچائے جا چکے ہیں۔ ہر مستحق خاندان کو 10 ہزار روپے کی مالی امداد دی جائے گی، جبکہ مزدور کارڈ ہولڈرز کو اضافی 7 ہزار روپے فراہم کیے جائیں گے۔ یہ رقم اے ٹی ایم یا مقررہ کیمپ سائٹس سے حاصل کی جا سکتی ہے، جس کے لیے صوبے بھر میں 167 کیمپ سائٹس فعال کی گئی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے واضح احکامات جاری کیے ہیں کہ گراں فروشی اور ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ پرائس کنٹرول کمیٹیوں اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ خلاف ورزی کرنے والوں کی دکانیں فوری سیل کی جائیں۔ مزید یہ کہ اگر کوئی ایجنٹ رمضان نگہبان کارڈ کے عوض رقم طلب کرے تو اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ یہ سختی دراصل اس عزم کی عکاسی ہے کہ عوامی ریلیف کو کرپشن یا بدانتظامی کی نذر نہیں ہونے دیا جائے گا۔ حکومت نے 147 شہروں میں تقریباً 300 دسترخوان لگانے کا بھی اعلان کیا ہے جہاں اعلیٰ معیار کا کھانا مستحق افراد کو فراہم کیا جائے گا۔۔ مری، ملتان، رحیم یار خان، اٹک، جہلم، منڈی بہاؤالدین اور دیگر شہروں میں رمضان بازاروں کی فعالیت اس پروگرام کی وسعت کو ظاہر کرتی ہے۔ رمضان نگہبان پیکیج 2026 دراصل ایک ایسے فلاحی ماڈل کی جھلک پیش کرتا ہے جس میں سبسڈی، براہ راست مالی امداد، انتظامی نگرانی اور سماجی سہولیات کو یکجا کیا گیا ہے

پی ٹی آئی کا اصل مسئلہ!

حامد ولید

عمران خان کی فین فالوئنگ، فین کلب اور کلٹ والے لوگ کہاں ہیں؟ وہ کس خوف میں مبتلا ہیں؟ کیا ریاست نے انہیں سیاسی عمل کا حصہ بننے سے روکا ہوا ہے؟ کیا 9 مئی کو ہونے والی گرفتاریوں نے پی ٹی آئی کے ووٹروں سپورٹروں کو بھی دہلا کر رکھ دیا کہ آج لوگ 8 فروری کے انتخابات میں ہونے والی دھاندلی کے خلاف بھی نکلنے کے لئے تیار نہیں ہیں، اپنا احتجاج ریکارڈ کرانے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ حالانکہ یہ ان کا آئینی حق ہے۔ یہ دلچسپ نقطہ ہے کہ وہی ریاست جو ایک وقت میں ایک سیاسی جماعت پر مہربان تھی، وہ ریاست دوسرے وقت میں اس سیاسی جماعت کو سانس بھی نہیں لینے دے رہی، ایسا پہلی بار نہیں ہوا ہے، پہلے بھی کئی ایک سیاسی جماعتوں کو ایسے جانکسل مراحل سے گزرنا پڑا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اس کی ایک بڑی مثال ہے، اس نے بہت سے بحرانی دور دیکھے ہیں اور آج بھی جب آصف علی زرداری اپنی چودہ برس کی جیل کا تذکرہ کرتے ہیں تو ان کے چہرے پر ایک احساس تفاخر بآسانی پڑھا جا سکتا ہے، اسی طرح نواز شریف نے میدان سیاست میں کئی سرد و گرم دیکھے مگر ان کی سیاسی جماعت نے اپنی سپیس کسی اور نہیں لینے دی ہے کہ آج لوگ 8 فروری کے انتخابات میں ہونے والی دھاندلی کے خلاف بھی نکلنے کے لئے تیار نہیں ہیں، اپنا احتجاج ریکارڈ کرانے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ حالانکہ یہ ان کا آئینی حق ہے۔ یہ دلچسپ نقطہ ہے کہ وہی ریاست جو ایک وقت میں ایک سیاسی جماعت پر مہربان تھی، وہ ریاست دوسرے وقت میں اس سیاسی جماعت کو سانس بھی نہیں لینے دے رہی، ایسا پہلی بار نہیں ہوا ہے، پہلے بھی کئی ایک سیاسی جماعتوں کو ایسے جانکسل مراحل سے گزرنا پڑا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اس کی ایک بڑی مثال ہے، اس نے بہت سے بحرانی دور دیکھے ہیں اور آج بھی جب آصف علی زرداری اپنی چودہ برس کی جیل کا تذکرہ کرتے ہیں تو ان کے چہرے پر ایک احساس تفاخر بآسانی پڑھا جا سکتا ہے، اسی طرح نواز شریف نے میدان سیاست میں کئی سرد و گرم دیکھے مگر ان کی سیاسی جماعت نے اپنی سپیس کسی اور نہیں لینے دی ہے

2013 میں جو لوگ عمران خان کے ساتھ تھے، وہ 2018 میں ساتھ نہیں تھے اور جو 2018 میں الیکٹ ایبلز بن کر ان کے ساتھ آن ملے وہ 2022 تک اپنی راہیں الگ کر چکے تھے۔ پیچھے فین کلب، فین فالوئنگ اور کلٹ والے ہی بچے جو عمران خان سے پیار تو کرتے ہیں، اسے سچا سمجھتے ہیں، اس کے لئے دعائیں کرتے ہیں مگر سڑکوں پر آ کر احتجاج کے قائل نہیں ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ بین الاقوامی سطح پر آئین اور قانون کی سربلندی کے لئے کام کرنے والے اداروں کے لئے مشکل ہوتا جا رہا ہے کہ وہ عمران خان کے لئے آواز اٹھائیں۔ آج کر خیبر پختونخوا میں نوجوان ورکروں کا ہجوم ضرور اسلام آباد کی طرف چلتا ہے مگر وہاں پہنچ کر انہیں بھی سمجھ نہیں آتی کہ کیا کرنا ہے کیونکہ ان کو وہاں لے جانے والے انہیں وہاں چھوڑ کر خود غائب ہو جاتے ہیں۔ چند ماہ پیشتر شوکت خانم کینسر اسپتال میں ایک فنکشن منعقد ہوا، کئی ایک بہی خواہوں نے اس لئے اس فنکشن میں جانے سے گریز کیا کہ وہاں تو ایک ایک شخص کی سکیننگ ہو رہی ہوگی۔ یہ وہ خوف ہے جس نے لوگوں کو پی ٹی آئی سے پیچھے ہٹا دیا ہے کیونکہ 9 مئی کے بعد جس طرح کا ماحول بنا اور پی ٹی آئی سے الیکٹ ایبلز نے ایک ایک کر کے علیحدگی اختیار کی، کسی نے پریس کانفرنس کی تو کسی نے اعلان لاتعلقی کر کے جان چھڑوائی، اس کے بعد عام لوگوں کے لئے سرعام پی ٹی آئی اور عمران خان کا نام لینا مشکل ہو گیا اور یہ سلسلہ آج تک جاری ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ جس قسم کا معاشرے میں خوف پیدا ہو گیا ہے، اس کے سبب لوگ کینسر کے خلاف جنگ سے پیچھے ہٹ گئے ہیں، ان حلقوں کا ماننا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کو چاپلوسیوں نے نقصان پہنچایا، ان کی نااہلیوں کی وجہ سے عمران خان عوام کے لئے وہ کچھ نہ کر سکے جس کی ان سے توقع باندھی گئی تھی۔ یہ حلقے یہ بھی کہتے پائے جاتے ہیں کہ عمران خان نے پیسے کھائے اور نہ ہی ملک کا سودا کیا، اسی طرح نہ ہی عمران خان کو کسی نئی فیم کی ضرورت تھی، استعمال کرنے والوں نے ان کی فیم کو استعمال کر کے اپنے مقاصد پورے کر لینے کی کوشش کی جس کی سزا عمران خان کو بھی بھگتنا پڑ رہی ہے۔ وہ یہ بھی بتاتے ہیں کہ عمران خان کو کرپشن کرنے کی ضرورت نہ تھی کیونکہ انہوں نے اپنی زندگی میں بہت پیسے کمائے ہوئے ہیں۔ عمران خان کا بس ایک مسئلہ تھا کہ وہ سیاست کا بیوقوف ترین شخص تھا جس نے فردوس عاشق اعوان اور فواد چودھری جیسے لوگوں کو اپنے اردگرد جمع ہونے کا موقع دیدیا۔ کہاں آکسفورڈ کا پڑھا ہوا عمران خان اور کہاں عثمان بزدار ایسے لوگ، پھر یہی نتیجہ نکلنا تھا۔ اسی لئے یہ حلقے کہتے ہیں کہ عمران خان سیاستدان نہیں تھا، اس کو سیاست آتی ہی نہیں، اس نے دھکے کھا کے سیکھنا تھا، لیکن جن سے ہماری بات ہوئی ہے، ان کا اصرار ہے کہ وہ عمران خان کیساتھ کھڑے ہیں کیونکہ وہ سچا ہے۔ کسی بھی سیاسی جماعت کے ورکرز اس لیے بحرانی کیفیت میں پارٹی کیلئے قربانیاں دیتے ہیں کہ اچھے وقتوں میں انہوں نے فائدے اٹھانا ہوتے ہیں، لیکن عمران خان کے اردگرد تو سارے لیڈر ہی لیڈر ہیں، ورکر تو ایک بھی نہیں ہے۔ یہی پی ٹی آئی کا المیہ ہے اور یہی عمران خان کا المیہ ہے، ایسے میں لوگ باہر نکل کر عمران خان کو اپنا پیار کیسے دکھائیں، بے شک اللہ جو کرتا ہے، ٹھیک کرتا ہے۔ بے شک اللہ جو کریگا، ٹھیک کرے گا۔ عمران خان کی فین فالوئنگ، فین کلب اور کلٹ والے لوگ کہاں ہیں؟ وہ کس خوف میں مبتلا ہیں؟ کیا ریاست نے انہیں سیاسی عمل کا حصہ بننے سے روکا ہوا ہے؟ کیا 9 مئی کو ہونے والی گرفتاریوں نے پی ٹی آئی کے ووٹروں سپورٹروں کو بھی دہلا کر رکھ دیا کہ آج لوگ 8 فروری کے انتخابات میں ہونے والی دھاندلی کے خلاف بھی نکلنے کے لئے تیار نہیں ہیں، اپنا احتجاج ریکارڈ کرانے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ حالانکہ یہ ان کا آئینی حق ہے۔ یہ دلچسپ نقطہ ہے کہ وہی ریاست جو ایک وقت میں ایک سیاسی جماعت پر مہربان تھی، وہ ریاست دوسرے وقت میں اس سیاسی جماعت کو سانس بھی نہیں لینے دے رہی، ایسا پہلی بار نہیں ہوا ہے، پہلے بھی کئی ایک سیاسی جماعتوں کو ایسے جانکسل مراحل سے گزرنا پڑا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اس کی ایک بڑی مثال ہے، اس نے بہت سے بحرانی دور دیکھے ہیں اور آج بھی جب آصف علی زرداری اپنی چودہ برس کی جیل کا تذکرہ کرتے ہیں تو ان کے چہرے پر ایک احساس تفاخر بآسانی پڑھا جا سکتا ہے، اسی طرح نواز شریف نے میدان سیاست میں کئی سرد و گرم دیکھے مگر ان کی سیاسی جماعت نے اپنی سپیس کسی اور نہیں لینے دی ہے

بین المذاہب ہم آہنگی کا سفیر

عاطف محمود

ریورنڈ ڈاکٹر جوزف سی لعل اُن نابغہ روزگار شخصیات میں شامل ہیں جن کی زندگی محض ایک فرد کا قصہ نہیں بلکہ ایک پورے عہد کی عکاسی ہے۔ اُن کا سفر ایسے خانوادے سے شروع ہوتا ہے جس کی جڑیں برصغیر کی تاریخ میں پیوست ہیں، ایک ایسا خاندان جس نے نسل در نسل خدمت اور دیانت کو اپنا طرہ امتیاز بنایا۔ اُن کے والدین نے ایمان داری، سادگی اور خدمتِ خلق کی جو بنیاد رکھی، وہی آگے چل کر اُن کی عملی زندگی کا مرکزی ستون بنی۔ اُن کی شخصیت میں وقار بھی ہے اور انکسار بھی، روایت سے وابستگی بھی اور عہدِ حاضر کے تقاضوں کا شعور بھی۔ اُن کی اہلیہ، اولاد اور پوتے پوتیاں آج بھی اسی مشن سے وابستہ ہیں، جو اس حقیقت کو مزید روشن کرتا ہے کہ اُن کی زندگی ایک خاندانی اور مسیحی تعلیم کی تسلسل کی علامت ہے۔ ریورنڈ ڈاکٹر جوزف سی لعل نے اپنی پوری زندگی تعلیم اور سماجی خدمت کے لیے وقف کر دی۔ انہوں نے مختلف ادوار میں اہم ذمہ داریاں سنبھالیں اور ہر منصب کو وقار اور دیانت کے ساتھ نبھایا۔ وہ گورنمنٹ کالج ساہیوال ایلومنائی ایسوسی ایشن کی سنٹرل ورکنگ کمیٹی کے ایگزیکٹو ممبر ہیں۔ ضلع کونسل ساہیوال کے منتخب رکن کی حیثیت سے انہوں نے عوامی مسائل کو سنجیدگی سے سنا اور حل کی کوشش کی۔ پریئر منسٹری پاکستان کے بانی چیئرمین کے طور پر اُن کی خدمات نے ایک منظم اور مربوط دعائیہ تحریک کی بنیاد رکھی، جبکہ نیشنل کرسچین کالج کی سربراہی نے مسیحی تعلیم کو ادارہ جاتی شکل دی۔ چرچ اف پاکستان پشاور میں پریئر کوارڈی نیٹر کی حیثیت سے اُن کی کاوشوں نے ایک نئی تازگی پیدا کی۔ 1999ء ؒ میں پشاور سے کراچی تک منعقد ہونے والی پیس اینڈ پریئر مارچ میں اُن کی فعال شرکت اور قیادت نے بین المذاہب ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کا واضح اور عملی پیغام دیا۔ ریلوے سٹیشن پشاور پر ہزاروں افراد میں ڈیجیٹل مواد کی تقسیم ہو یا قومی دعائیہ کیمپوں کا انعقاد، یہ سب اُن کی متحرک اور عملی قیادت کے روشن ابواب ہیں۔ اُن کی علمی خدمات اپنی وسعت اور اثر پذیری کے اعتبار سے غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں۔ نیشنل کرسچین کالج کا قیام محض رسمی مسیحی مذہبی تعلیم تک محدود نہیں تھا، بلکہ اس کا بنیادی مقصد ایسا ادارہ قائم کرنا تھا جہاں طلبہ تربیت اور منظم مطالعے کے ذریعے فکری اور اخلاقی پختگی حاصل کریں۔ یہاں علم کو محض نصابی حدود میں قید نہیں کیا گیا بلکہ کردار سازی کے ساتھ جوڑا گیا۔ اس ادارے سے بی۔تھ، ایم۔تھ اور ڈی۔تھ کی سطح تک طلبہ نے تعلیم حاصل کی اور آج وہ ملک کے مختلف شہروں میں تعلیمی مراکز اور سماجی اداروں میں فعال خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اُن کے شاگردوں کی تعداد سینکڑوں میں ہے، جن میں سے متعدد بیرونِ ملک بھی اپنے فرائض ادا کر رہے ہیں۔ یہ بات بذاتِ خود اس امر کی دلیل ہے کہ اُن کی محنت اور رہنمائی نے سرحدوں سے اگیتک اثرات مرتب کیے ہیں۔ ادبی میدان میں بھی اُن کی شناخت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ وہ شاعر بھی ہیں اور افسانہ نگار بھی، اور دونوں حیثیتوں میں اُن کی آواز میں ایک خاص وقار اور سچائی محسوس ہوتی ہے۔ اُن کے ہاں لفظ محض اظہار کا ذریعہ نہیں بلکہ ایک ذمہ داری ہیں۔ نفاذِ اُردو تحریک پاکستان میں بطور جج اُن کا تقرر دراصل اُن کی فکری وسعت اور ادبی مقام کا اعتراف ہے۔ اُن کی شاعری دل کو نرمی عطا کرتی ہے، قاری کو اپنے باطن میں جھانکنے پر آمادہ کرتی ہے، جبکہ اُن کی نثر سوال اٹھاتی ہے، سوچ کو مہمیز دیتی ہے اور قاری کو فکری بیداری کی طرف لے جاتی ہے۔ وہ مسیحی مذہبی بیانیے کو محض وعظ کی سطح پر نہیں رکھتے بلکہ اسے ادبی اور فکری مکالمے کی صورت میں پیش کرتے ہیں، جہاں اختلاف کی گنجائش بھی ہے اور مکالمے کی کشادگی بھی۔ یہی انداز اُنہیں محض ایک مسیحی مذہبی رہنما نہیں بلکہ ایک صاحبِ فکر ادیب کے طور پر ممتاز بناتا ہے۔ اُن کی حال ہی میں شائع ہونے والی کتاب "پون صدی کا قصہ" میں چونتیس ایسے مضامین شامل ہیں جو مختلف سماجی رہنماؤں نے اُن کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر تحریر کیے ہیں، جو محض رسمی کلمات یا تعارفی جملے نہیں بلکہ یہ تحریریں دراصل اُن کے کردار اور اُن کی عملی جدوجہد کی بازگشت ہیں، جو لفظوں میں ڈھل کر تاریخ کا حصہ بن رہی ہیں، وہ محض رسمی کلمات یا تعارفی جملے نہیں بلکہ ایک گہرا اعتراف اور سچے دل کی گواہی ہیں۔ اُن کی زندگی میں انکساری اور وقار کا ایسا حسین امتزاج ملتا ہے جو کم کم ہی کسی کو نصیب ہوتا ہے۔ وہ اپنی کامیابیوں کو ذاتی کمال کا نتیجہ نہیں سمجھتے، یہی احساس اُنہیں زمین سے جوڑے رکھتا ہے۔ دوسروں کی حوصلہ افزائی کرنا، نوجوانوں کو آگے بڑھانا اور اپنے شاگردوں کی کامیابی پر دل سے خوش ہونا اُن کی طبیعت کا حصہ ہے۔

ادب کی معمار

رابعہ رحمٰن

اچھا ادب اور اس کے اوصاف وہ ہیں جو مشاہدے، تبصرے، امد اور احساسات کو خوبصورت پیرائے میں بیان کرے، لفظوں کے چناؤ میں درد اور خوشبو کی امیزش سے نیا رنگ اور تاثیر پیدا کرے، اردو زبان و ادب کے روشن باب میں یاسمین حمید روشنی و حرارت، جمالیات و احساسات، نئی فکر و اسلوب و بیان کے ساتھ جگمگا رہی ہیں۔ اپنی ہر تحریر کو بامعنی اور تجربات کے جمال اور درد کی امیزش سے وسعت دینے کا فن جانتی ہیں۔ وہ قاری کو اپنی تہذیب و روایت، ثقافت و تمدن معاشرتی حقائق، شعور کی اس طرح پر سمجھاتی ہیں جیسے ایک ماں اولاد کو رات میں کسی کہانی میں محبت کی امیزش سے کوئی سبق دیتی ہے۔ شائستگی و سلیقہ ادب کو اثر انگیز بناتا ہے۔ اردو ادب کا نثر اور شاعری کی تمام اصناف میں ادیب خاص ذائقہ رکھتا ہے، وہی ذائقہ، وہی رفاقت اور وہی لذت اس کی پہچان بن جاتی ہے۔ یاسمین حمید کی لکھی لامتناہی کتابوں کے سلسلے سے کون واقف نہیں، من موہنی سی صورت نازک اندام شخصیت کی مالک نجانے کس وقت اور کتنی دیر کے لیے بس لکھتی ہی چلی جاتی ہیں۔ لکھنے کا شائق پڑھنے کے بھی دیوانے ہوتے ہیں، ضروری نہیں کہ وہ سینکڑوں کتابیں ہی پڑھیں وہ تو میرے اور اپ جیسے چہروں کو بھی پڑھتے ہیں، وہ تو فٹ پاتھ پہ پی

مری کی تاریخ کا سب سے بڑا ترقیاتی پروگرام، سیاحت، صحت اور شہری سہولیات کے نئے دور کا آغاز

نپولین بونا پارٹ نے کہا تھا کہ میں کسی دانا دشمن کے ساتھ پوری زندگی جیل رہ سکتا ہوں لیکن کسی نادان دوست کے ساتھ 15 منٹ جنت میں نہیں ٹھہر سکتا وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی کامیاب کامرانی کا راز دانا مشیروں کے انتخاب اور ان کی صائب رائے کا رہینِ منت ہے ہمارے استاد محترم مرحوم سینیٹر عرفان صدیقی کے فرزند دلبند عمران صدیقی کی خوئے دل نوازی اور مشاورت ذاتی مفادات سے بالاتر رشتہ ء اعتماد پر استوار ہے۔ مرحوم سینیٹر عرفان صدیقی کے داماد جناب ارشد شاہد سے ایک ملاقات ہوئی تو دیر تک عمران صدیقی کی قابل شخصیت قابلِ تحسین۔ قابلیت تجربہ کاری اور صلاحیتوں کا تذکرہ ہوتا رہا اور وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ملکہء کوہسار مری کے ترقیاتی پروگرام پر باتیں ہوتی رہیں۔ جناب ارشد شاہد نے عمران صدیقی کے خیالات خوش جمال کو الفاظ کا لباس فراہم کیا۔ ملکہ ? کوہسار مری، جو اپنی فطری خوبصورتی، خوشگوار موسم اور تاریخی اہمیت کے باعث پاکستان کے نمایاں سیاحتی مراکز میں شمار ہوتی ہے، ایک نئے عہد میں داخل ہو رہی ہے۔ حال ہی میں مری کی تاریخ کے سب سے بڑے اور جامع ترقیاتی پروگرام کی منظوری دی گئی ہے، جس کے تحت نہ صرف سیاحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا بلکہ صحت، ٹریفک مینجمنٹ، شہری انفراسٹرکچر اور ماحولیاتی بہتری کے شعبوں میں بھی انقلابی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ یہ تاریخی پروگرام صدر مسلم لیگ (ن) میاں محمد نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی زیرِ صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں پیش کیا گیا، جس میں ڈویلپمنٹ پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے ترقیاتی منصوبوں کی جامع بریفنگ دی، جس میں مری کے موجودہ مسائل، مستقبل کی ضروریات اور پائیدار ترقی کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک مربوط حکمتِ عملی پیش کی گئی۔

صحت کے شعبے میں تاریخی اقدام: جدید ترین نواز شریف اسپتال ترقیاتی پروگرام کے تحت مری میں ایک جدید، معیاری اور ہمہ سہولیات سے آراستہ ''نواز شریف اسپتال'' کے قیام کی منظوری دی گئی ہے، جو 14 کنال رقبے پر تعمیر کیا جائے گا۔ یہ اسپتال نہ صرف مری بلکہ گرد و نواح کے علاقوں کے رہائشیوں اور لاکھوں سیاحوں کے لیئے طبی سہولتوں کا مرکز ہوگا۔ اس منصوبے کی نمایاں خصوصیات میں شامل ہیں: جدید ایمرجنسی یونٹ ڈیجیٹل ڈائیگناسٹک لیبارٹری آپریشن تھیٹرز خصوصی وارڈز ماہر ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی دستیابی مری جیسے پہاڑی اور سیاحتی مقام پر طبی سہولتوں کی کمی ایک دیرینہ مسئلہ رہا ہے۔ ماضی میں کسی ہنگامی صورتحال میں مریضوں کو راولپنڈی یا اسلام آباد منتقل کرنا پڑتا تھا، جس سے قیمتی وقت ضائع ہونے کے ساتھ انسانی جانوں کو بھی خطرات لاحق رہتے تھے۔ نئے اسپتال کے قیام سے یہ خلا پُر ہوگا اور مقامی آبادی کو معیاری طبی سہولیات اپنے شہر میں میسر آئیں گی۔ ایک جدید میڈیکل کمپلیکس کا قیام ترقیاتی منصوبے کے تحت ایک ''فری اسٹینڈنگ میڈیکل کمپلیکس'' کے قیام کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ کمپلیکس جدید طبی ٹیکنالوجی سے لیس ہوگا اور مختلف شعبہ جات کے ماہرین پر مشتمل ہوگا۔ اس منصوبے کا مقصد مری کو ایک ریجنل ہیلتھ حب میں تبدیل کرنا ہے تاکہ یہاں آنے والے سیاح بھی خود کو محفوظ اور مطمئن محسوس کریں۔ ٹریفک اور پارکنگ کے مسائل کا دیرپا حل مری کو درپیش سب سے بڑا مسئلہ ٹریفک کا بے ہنگم دباؤ اور پارکنگ کی شدید قلت ہے۔ تعطیلات اور برفباری کے موسم میں یہ مسئلہ سنگین صورت اختیار کر لیتا ہے۔ اسی تناظر میں سیاحوں کے علاقے میں ایک جدید ''انٹیگریٹڈ سٹی پارکنگ پلازہ'' کی تعمیر کی منظوری دی گئی ہے۔ اس پارکنگ پلازہ کی خصوصیات میں شامل ہوں گی: کثیر المنزلہ پارکنگ جدید سکیورٹی سسٹم ڈیجیٹل ٹکٹنگ اور مانیٹرنگ ٹریفک کے بہاؤ کو منظم کرنے کے لیئے مربوط حکمت عملی یہ منصوبہ نہ صرف مال روڈ اور ملحقہ علاقوں پر ٹریفک کا دباؤ کم کرے گا بلکہ سیاحوں کے لیئے ایک سہل اور منظم تجربہ بھی فراہم کرے گا۔ پیٹریاٹہ چیئر لفٹ کی اپ گریڈیشن مری کی پہچان سمجھی جانے والی پیٹریاٹہ چیئر لفٹ اور کیبل کار کو بھی جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس اپ گریڈیشن کے تحت: جدید اور محفوظ کیبنز کی تنصیب حفاظتی نظام کی بہتری عالمی معیار کے مطابق سہولیات کی فراہمی اس اقدام سے سیاحتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور مری کی بین الاقوامی سطح پر ساکھ مزید مستحکم ہوگی۔ تاریخی عمارات کی بحالی اور ہوٹل کمپلیکس ترقیاتی پروگرام کے تحت مری کی تاریخی عمارات کی قدیم ڈیزائن کے مطابق بحالی کا فیصلہ کیا گیا ہے، تاکہ اس شہر کی تاریخی شناخت اور ثقافتی ورثے کو محفوظ رکھا جا سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ مری میں ایک جدید ہوٹل کمپلیکس کے قیام کی بھی منظوری دی گئی ہے، جو سیاحوں کو عالمی معیار کی رہائش فراہم کرے گا۔ یہ ہوٹل کمپلیکس: جدید کمروں اور سوئٹس کانفرنس ہال ریستوران اور تفریحی سہولیات ماحول دوست تعمیراتی طرز پر مشتمل ہوگا، جس سے مقامی معیشت کو بھی فروغ ملے گا اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ مری گلاس ٹرین پراجیکٹ: سیاحت میں جدت اسلام آباد ایئرپورٹ سے مری تک'' مری گلاس ٹرین پراجیکٹ'' کی توسیع پر بھی اتفاق کیا گیا ہے۔ یہ منصوبہ سیاحت کے شعبے میں ایک انقلابی قدم ثابت ہوگا۔ گلاس ٹرین کے ذریعے مسافر سفر کے دوران قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہو سکیں گے، جبکہ سڑکوں پر ٹریفک کا بوجھ بھی کم ہوگا۔ یہ منصوبہ مری کو جدید سیاحتی شہروں کی صف میں لا کھڑا کرے گا اور اسے ایک منفرد شناخت عطا کرے گا۔ شہری خوبصورتی اور ماحولیاتی بہتری مری کی خوبصورتی کو برقرار رکھنے اور مزید نکھارنے کے لیئے مختلف اقدامات کی منظوری دی گئی ہے، جن میں شامل ہیں: شہر کی صفائی اور ویسٹ مینجمنٹ کا جدید نظام گرین ایریاز کی توسیع غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی سیاحتی مقامات کی تزئین و آرائش ان اقدامات کا مقصد مری کو ایک صاف، محفوظ اور ماحول دوست سیاحتی مقام میں تبدیل کرنا ہے۔ مقامی آبادی کے لیئے خوشحالی کے نئے امکانات یہ ترقیاتی پروگرام صرف سیاحت تک محدود نہیں بلکہ اس کا براہ راست فائدہ مقامی آبادی کو بھی پہنچے گا۔ نئے منصوبوں سے: روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا زمین و جائیداد کی قدر میں اضافہ ہوگا تعلیم اور صحت کی سہولیات بہتر ہوں گی یوں مری کی معیشت ایک مستحکم اور پائیدار بنیاد پر استوار ہوگی۔ ایک نئے دور کی نوید مری کے لیئے منظور کیا گیا یہ جامع ترقیاتی پیکج دراصل ایک نئے دور کی نوید ہے۔ یہ منصوبہ نہ صرف موجودہ مسائل کا حل پیش کرتا ہے بلکہ مستقبل کی ضروریات کو بھی مدنظر رکھتا ہے۔ جدید انفراسٹرکچر، معیاری صحت کی سہولیات، بہتر ٹریفک مینجمنٹ اور ماحولیاتی تحفظ کے اقدامات مری کو ایک مثالی سیاحتی اور رہائشی شہر میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ اگر یہ منصوبے مقررہ مدت اور معیار کے مطابق مکمل ہو جاتے ہیں تو آنے والے برسوں میں مری نہ صرف پاکستان بلکہ خطے کے نمایاں سیاحتی مراکز میں شمار ہوگی۔ یہ ترقیاتی پروگرام درحقیقت ملکہ ? کوہسار کے ماتھے کا وہ روشن ستارہ ہے جو آنے والی نسلوں کے لیئے خوشحالی، سہولت اور وقار کی علامت بن سکتا ہے

ماہِ رمضان، ماہِ مواسات

تحریر: ارشد شاہد

رمضان المبارک کے کئی صفاتی ناموں میں سے ایک نام "ماہ مواسات" بھی ہے۔ جس کا مطلب ہمدردی و غم خواری اور ایثار و قربانی کا مہینہ ہے۔ اللہ رب العزت نے بنی نوع انسان کو عدم سے محض اس لئے وجود نہیں بخشا کہ وہ دنیا میں صرف اپنے لئے زندگی بسر کرے اور پھر ایک دن خاموشی کے ساتھ دار فانی سے عالم جاودانی کی طرف اس طرح کوچ کر جائے کہ نہ کسی کو اس کے انے کی خبر ہو اور نہ جانے کی اطلاع۔ بلکہ انسان کو زندگی اس لئے دی گئی کہ وہ دوسروں کے کام اسکے، اوروں کو نفع پہنچا سکے۔ چنانچہ اسلام میں جتنی اہمیت ان عبادات کی ہے جن کا تعلق بندے اور اس کے رب سے ہے اس سے بھی زیادہ اہمیت ان عبادات اور اعمال صالحہ کی ہے جن کا تعلق براہ راست بندوں سے ہے۔ اس ضمن میں مخلوق خدا کی خدمت کرنا، ان کی اعانت و نصرت کرنا، ان کے مصائب اور پریشانیوں کو دور کرنا، ان کے دکھ درد کو بانٹنا، ان کے ساتھ ہمدردی و غمخواری کرنا اور محبت و شفقت کا معاملہ کرنا جیسے نیک اعمال اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بہت زیادہ قیمتی اور قابل قدر ہیں۔ درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں موجودہ مشکل معاشی حالات میں رمضان کے مواسات کا تقاضا یہی ہے کہ ہم اس مہینے میں غریبوں، مسکینوں اور حاجت مندوں کو تلاش کر کے ان کی کفالت کا انتظام کریں، تاکہ اُن کے چہروں کی اداسی اور احساس محرومی کو دور کیا جا سکے۔ اس سلسلے میں خصوصی طور پر اپنے پڑوسیوں، رشتے داروں اور دوست احباب کی خبر لیں۔ اُن میں جو مستحق زکوٰۃ ہو اسے باعزت طریقے سے زکوٰۃ دیں۔ عام طور پر باوقار اور شریف لوگ اپنی سفید پوشی کی خاطر خود نہیں مانگتے حالاں کہ وہ سب سے زیادہ ضرورت مند ہوتے ہیں۔ انہیں ہم اس لئے نظر انداز کر دیتے ہیں کہ وہ ہمارے دروازے پر مانگنے نہیں اتے۔ ہمارا یہ رویہ کسی طرح درست نہیں بلکہ ہم خود اُن کے دروازے پر جا کر انہیں رازداری سے اللہ کی دی ہوئی دولت میں سے ان کا حق اور حصہ دیں۔ اس کے لئے ضروری نہیں کہ زکوٰۃ کی رقم سے ہی ان کی مدد کی جائے۔ ہر کسی پر زکوٰۃ فرض نہیں ہوتی، بلکہ ہم عمومی ذرائع امدنی یا صدقات وغیرہ سے بھی یہ مواسات قائم کر سکتے ہیں۔ عام طور سے رمضان میں بڑی بڑی افطار پارٹیاں کی جاتی ہیں، جن میں صرف مالدار لوگوں، عزیز رشتے داروں اور دوست احباب ہی کو مدعو کیا جاتا ہے اور غریب و محتاج مستحق افراد کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے چاہے وہ ہمارا بھائی ہی کیوں نا ہو۔ جبکہ افطار کے حق دار یہی مسکین و محتاج رشتے دار ہیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ مومن کی صفت قران نے یہ بیان کی ہے کہ وہ اپنی ضرورت روک کر اپنے بھائی کی ضرورت پوری کر دیتا ہے۔ قران کریم میں دو جگہ سورہ حشر اور سورہ تغابن میں یہ بات بیان کی گئی ہے۔ کہ ''مومنین کی صفت یہ ہے کہ وہ خود تنگی میں کیوں نہ ہوں دوسروں کی ضروریات کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں۔'' اسلام کی تعلیم فلاحِ انسانیت یہی ہے کہ معاشرے کا ہر فرد دوسروں کی نشوونما اور ان کی ضروریات کی تکمیل کو اپنی ضروریات پر ترجیح دے۔ لہٰذا غمگساری کے اس مہینے میں صدقہ، خیرات، مساکین کو کھانا کھلانے، یتیم کے سر پر ہاتھ رکھنے، بیواوں کی حاجت روائی کرنے، ننگے بدن کو کپڑا پہنانے اور بیماروں کی دوا کی فکر کرنا اپنا مشغلہ بنالیں اور دوسروں کے غموں کو خوشیوں میں بدلنے کا ذریعہ بن جائیں۔ یاد رکھیں ہماری مدد کے سب سے اولین مستحق ہمارے قریب ترین رشتے دار بھائی بہن ہیں، اس کے بعد دیگر مستحقین۔ اللہ تعالیٰ نے قران کریم میں ارشاد فرمایا ''اصل نیکی یہ نہیں ہے کہ تم اپنا رخ مشرق یا مغرب کی طرف کرلو، بلکہ حقیقی نیکی اور نیکوکار وہ ہے جو اللہ، قیامت، فرشتوں، کتاب اور نبیوں پر ایمان رکھتا ہے اور اللہ کی محبت میں اپنا پسندیدہ مال رشتے داروں، یتیموں، مساکین، مسافروں، سائلوں اور قیدیوں کو آزاد کرانے میں خرچ کرے اور نماز قائم کرے اور زکوٰۃ دے''۔ (سورالبقرہ 177:)۔ ہمارا رویہ اور سوچ یہ ہے کہ ہماری زکوٰۃ ہمارے سگے بھائی کے لئے نہیں ہے چاہے وہ روٹی کے ایک ایک نوالے کا محتاج ہو۔ یہ منفی سوچ ہے۔ ہمارے مال کے انفاق و زکوٰۃ کا پہلا اور حقیقی مستحق ہمارا سگا بھائی ہے، اگرچہ وہ ضرورت مند ہو۔ رمضان المبارک میں جذبہ مواسات، ہمدردی، خیر خواہی اور غمگساری و ایثار کے تحت کاروباری طبقہ اشیائے خورونوش اور دیگر ضرورت کی تمام اشیاء کو سستا کریں اور کم سے کم منافع پر اشیاء فروخت کریں۔ اس کے ساتھ ذخیرہ اندوزوں اور قیمتیں بڑھانے والوں کی حوصلہ شکنی اور بائیکاٹ کے ساتھ حکومت بھی ان ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی کرے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے ملک کو معاشی خوشحالی عطا فرمائے اور ہمیں اپنے بھائیوں کی دل جوئی و ہمدردی کا جذبہ و شوق عطا فرمائے (امین)۔ خدا کرے کے میری عرض پاک پے اترے وہ فصل گل جسے اندیشہ زوال نہ ہو خدا کرے میرے ایک بھی ہم وطن کے لئے حیات جرم نہ ہو، زندگی وبال نہ ہو

سبی کا شاعر عظمی جون اور بحرین کا مشاعرہ

جہاں آراء تبسم کی جہاں آرائیاں اور پذیرائیاں

بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) کی شعری نشست اور ریڈیو پاکستان کوئٹہ کا دورہ

کوئٹہ کا موسم بدل رہا ہے اور ادبی منظر بھی تغیرات سے نبرد آزما ہے۔ مجھ کو تیری ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔ آجا کہ جا رہا ہے سردیوں کا موسم۔ جاتے ہوئے جاڑے نے کوئٹہ شہر میں بارش کی جل تھل کر کے ادھم مچا دیا۔ اس ادھم مستی میں اہل قلم نے بھی خوب انجوائے کیا۔ مگر پہلے سبی کے نامور شاعر عظمی جون کا قصہ جنھوں نے بحرین کے مشاعرے میں سخن و ادب کے جھنڈے گاڑھ دیئے اور مقبولیت کے ریکارڈ توڑ ڈالے۔ مشاعرہ کا اہتمام عبدالرحمن مومن نے کہا جن کا تعلق بچوں کے ادب سے ہے۔ خود بھی لاجواب شعر کہتے ہیں بچوں کا ایک میگزین کے مدیر بھی ہیں میری ملاقات اسلام آباد میں ادبی کانفرنس میں ہو چکی ہے بحرین میں منعقدہ عالمی مشاعرہ بیاد اجمل سراج میں سبی کے معتوف شاعر و ادیب عظمی جون کی خصوصی شرکت نہ صرف سبی بلکہ پورے ملک کے لیے باعثِ فخر کا باعث بھی بنے۔ سبی میں امسال میلہ منسوخ ہو گیا مگر عوام نے اپنے طور پر سبی میلہ سجا لیا اور دوسری جانب سبی جیسے پسماندہ اور دور دراز علاقے سے تعلق رکھنے والے شاعر کو بین الاقوامی سطح پر خصوصی طور پر مدعو کیا گیا جو اس بات کا ثبوت ہے کہ سبی سبی ہے۔* عظمی جون نے عالمی مشاعرے میں اپنے شاندار اور معیاری کلام سے سامعین کو مسحور کیا اور ادبی حلقوں سے بھرپور داد وصول کی۔ ان کی بہترین شاعری کے اعتراف میں انہیں بہترین شاعری کے ایوارڈ سے بھی نوازا گیا، جو سبی کے ادبی تشخص کے لیے ایک اہم سنگِ میل ہے۔ ان کی یہ کامیابی نہ صرف نوجوان شعرا کے لیے مشعلِ راہ ہے بلکہ اس امر کا واضح پیغام بھی ہے کہ سبی جیسے علاقوں میں ادبی صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں۔ جہاں آرائی کا فن جہاں آراء ہی کو آتا ہے اور اس پر تبسم کا سر چڑھا جادو تو ادب سے شغف رکھنے والے بے خود ہوئے چلے آتے ہیں۔ اور ایسا ہی نوری نصیر خان فیچرل کمپلیکس میں ہوا جہاں، جہاں آراء کے اعزاز میں ایک تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب کا عنوان ایک شام جہاں اراء تبسم کے نام تھا۔ اور شامِ غزل میں جہاں آراء کی غزلیں مختلف گلوکاروں نے گائیں۔ تقریب دو مرحلوں پر مبنی تھی۔ اس خوب صورت تقریب میں محکمہء ثقافت کے ڈائریکٹر داؤد ترین، سردار حبیب الرحمن سجاد حیدر، ادبی دوست۔۔۔۔۔سرور جاوید، تسنیم صنم، افضل مراد، ڈاکٹر اعظم بنگلوئی، شفقت عاصمی، غزالہ تبسم، فائزہ شکیل، فاریہ بتول، غلام علی جون، شوکت امان، شازیہ لانگو، سائر عزیز کے علاوہ ڈاکٹر لال خان، جہانگیر خان خروٹی، ڈاکٹر اسحاق بلوچ، ارسلان فیاض خان فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر ابوالحسن میری، ریڈیو پاکستان کی ڈائریکٹر صدیقہ خان ملائی، پی ٹی وی کے اینکرز میں افضل رودینی، علی احمد سالانی، اسفند یار ناصر، آفتاب رانا، اے ڈی بلوچ، نظربان کی پوری ٹیم بہت پیارے ساتھی گلوکار ابراہیم شاہین، فیض انگار، ٹی، وی آرٹسٹ شائستہ صنم، کمپیئر صداقت بٹ، ضمیر اعجاز شہنشاہ، غزل (گلوکار) محمد علی، شان، (گلوکار) خالق فرہاد، ماہ رخ، عاصمہ جان، مہربان شاہ، اورنگ زیب زیدی، ملک نصیر محمد شہی، عبد الغفور شاہین، اے کے کانسی، ایجوکیشن آفیسر زارا صنم، عذرا گل اور اس کے علاوہ پرستار خواتین و حضرات کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) نے شعری نشست کا اہتمام سرد موسم کو گرمانے کیلیے پروفیسر اکبر خان اکبر کی صدارت میں بڑے اہتمام سے کیا۔ محترمہ صدف غوری مہمانِ خاص کے طور پر شریک ہوئیں۔ سخت سردی اور بارش کے باوجود نصیر احمد المعروف گل جی، اکبر نسیم، شارق، شیخ، ندیم احمد ندیم اور محمد فائق نے شرکت کی۔ اسی ہفتہ بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) کے عہدیداران نے ریڈیو پاکستان کوئٹہ کا مشاہداتی، مطالعاتی اور تجزیاتی دورہ کیا۔ اس موقع پر اسٹیشن ڈائریکٹر محترمہ صدیقہ خان مولائی سے علمی و ادبی امور پر باہمی تبادلہ خیال ہوا۔ موصوفہ کو برگ کی جانب سے کتب پیش کی گئیں۔ ریڈیو پروڈیوسر کلیم اللہ، رفیع کاکڑ، ناصر احمد اور محمد یوسف بھی مختلف شعبوں کے وزٹ میں ساتھ رہے اور بریفنگ کے فرائض انجام دیتے رہے۔ ادبی تنظیم "تحریم حرف" استہ محمد کی تشکیل نو کی گئی ہے نئی کابینہ کا انتخاب گزشتہ دنوں عمل میں لایا گیا۔ نومنتخب کابینہ میں صدر محمد صادق بھنگر نائب صدر مرید جمالی، جنرل سیکرٹری شعیب حسین بھنگر سیکرٹری اطلاعات فضل بلوچ سیکرٹری انتظامات احسان علی کلنگ، سیکرٹری ادبی امور محمد یاسر بھنگر خزانچی اور مجیب اللہ پتافی شامل ہیں۔ بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) تحریم حرف کی نومنتخب کابینہ کے لیے نیک خواہشات کیا ہے

ونس کولمین Coleman Vince

''6 دسمبر 1917ء کی سرد صبح کینیڈا کے شہر Halifax میں معمول کے مطابق شروع ہوئی تھی، مگر چند گھنٹوں بعد یہ شہر انسانی تاریخ کے ہولناک ترین سانحات میں سے ایک کا گواہ بننے والا تھا۔ پہلی عالمی جنگ کے دن تھے اور بندرگاہ جنگی سامان کی ترسیل کا اہم مرکز بنی ہوئی تھی۔ اسی بندرگاہ میں فرانسیسی جہاز Blanc-Mont SS بارودی مواد سے لدا کھڑا تھا—اس کے اندر ٹی این ٹی، پکرک ایسڈ اور دیگر دھماکہ خیز کیمیائی مادّے بھرے ہوئے تھے۔ صبح تقریباً نو بجے کے قریب یہ جہاز ایک اور بحری جہاز سے ٹکرا گیا۔ ٹکر کے بعد آگ بھڑک اٹھی۔ ابتدا میں بہت سے لوگوں نے اسے ایک معمولی حادثہ سمجھا، مگر جلد ہی اندازہ ہونے لگا کہ یہ آگ کسی عام جہاز میں نہیں لگی۔ بندرگاہ کے اطراف لوگ جمع ہو کر منظر دیکھنے لگے، بچوں نے کھڑکیوں سے جھانکا، اور کسی کو اندازہ نہ تھا کہ چند لمحوں بعد قیامت ٹوٹنے والی ہے۔ اسی دوران ریلوے ڈسپیچر Vince ونس کولمین Coleman اپنے دفتر میں موجود تھے۔ انہیں اطلاع ملی کہ بارود سے بھرا جہاز آگ کی لپیٹ میں ہے اور کسی بھی لمحے پھٹ سکتا ہے۔ عین اسی وقت ایک مسافر ٹرین، جس میں سینکڑوں افراد سوار تھے، شہر کی طرف بڑھ رہی تھی اور چند ہی منٹوں میں دھماکے کی زد میں آنے والی تھی۔ کولمین کے پاس دو راستے تھے: وہ اپنی جان بچانے کے لیے فوراً فرار ہو سکتے تھے، یا اپنی ڈیوٹی نبھاتے ہوئے دوسروں کو بچانے کی کوشش کر سکتے تھے۔ انہوں نے دوسرا راستہ چنا۔ وہ واپس اپنے ٹیلی گراف کے آلے کی طرف دوڑے اور ایک ہنگامی پیغام بھیجا کہ ٹرین کو فوراً روک دیا جائے۔ انہوں نے آخری لمحے تک پیغام بھیجنا جاری رکھا، حالانکہ انہیں معلوم تھا کہ دھماکہ کسی بھی وقت ہو سکتا ہے۔ چند لمحوں بعد ایک خوفناک دھماکہ ہوا۔ Halifax Explosion نے پورے شہر کو ہلا کر رکھ دیا۔ اندازہ ہے کہ یہ دھماکہ تقریباً 3,200 ٹن ٹی این ٹی کے برابر طاقت رکھتا تھا، جو ایٹمی دور سے پہلے انسانی تاریخ کا سب سے بڑا مصنوعی دھماکہ تھا۔ دھماکے کی شدت سے عمارتیں زمین بوس ہو گئیں، شیشے ٹوٹ کر بارش کی طرح گرے، اور ایک عظیم لہر بندرگاہ سے اٹھ کر شہر پر ٹوٹ پڑی۔ قریباً دو ہزار افراد جاں بحق ہوئے اور ہزاروں زخمی ہوئے۔ ونس کولمین بھی انہی مرنے والوں میں شامل تھے۔ مگر ان کی قربانی رائیگاں نہ گئی۔ ان کے بھیجے گئے آخری پیغام کی بدولت ٹرین وقت پر روک لی گئی اور تین سو سے زائد مسافروں کی جان بچ گئی۔ اگر وہ چند لمحے کی ہمت نہ دکھاتے تو ہلاکتوں کی تعداد کہیں زیادہ ہو سکتی تھی۔ آج ایک صدی سے زیادہ عرصہ گزرنے کے باوجود، ونس کولمین کا نام وفاداری، فرض شناسی اور خاموش بہادری کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ وہ کوئی سپاہی نہیں تھے، نہ ہی کسی جنگی محاذ پر لڑ رہے تھے، مگر انہوں نے اپنے فرض کو جنگ سمجھ کر نبھایا۔ ان کی کہانی ہمیں یاد دلاتی ہے کہ ہیرو ہمیشہ وردی میں نہیں ہوتے؛ کبھی کبھی وہ ایک سادہ دفتر میں بیٹھے ہوتے ہیں، اور فیصلہ کن لمحے میں انسانیت کے لیے اپنی جان قربان کر دیتے ہیں۔ یہ واقعہ تاریخ میں سنہری الفاظ میں لکھا اور یاد رکھا جائے گا۔

نایاب موتی۔۔۔!

کبھی کبھار بنی آدم کے ہاتھوں ایسی کتاب لگ جاتی ہے۔ جس سے انسان اپنی زندگی کا رخ درست کر سکتا ہے۔ بشرط یہ کہ کتاب پڑھنے کا حق ادا کیا جائے۔ ان نایاب اور انقلاب شدہ کتابوں میں سے ایک شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی صاحب حفظہ اللہ کی کتاب "نقوش رفتگاں" ہے۔ جس کا ہر مضمون دوسرے مضمون سے یکسر مختلف ہے۔ گویا کہ ایک مضمون اپنے مدمقابل مضمون پر فخر کرتا ہے۔ کہ حضرت والا دامت برکاتہم العالیہ نے دنیا جہاں کے تمام تر چنیدہ چنیدہ الفاظ، جملے، نئی تراکیب، ضرب الامثال اور محاورے مجھ ہی میں سموئے ہوئے رکھے ہیں۔ کتاب کا اسلوب بیان انتہائی آسان، پرمغز، قریب الفہم اور سلیس ہے۔ ہر ہر پیرا دوسرے پیرا سے الگ ہے۔ اس کے ساتھ اردو اور فارسی ادب سے بھی لیس ہے۔ کتاب میں چنیدہ تراکیب کے علاوہ اردو، فارسی اور عربی کے اشعار بھی بکثرت پائے جاتے ہیں۔ قاری جب ایک بار کتاب کے پہلے ورق کا سیر کرنا شروع کریں تو "نقوش رفتگاں" کے باغ کے پھولوں، خوبصورت آب شاروں، نایاب وادیوں، صاف اور شفاف ہوا اور ذائقہ دار پھلوں سے گزر کر ہرگز سیراب نہیں ہو سکتا ہے۔ یہاں تک کہ انسان باغ کے آخری سرے کا سیر نہ کریں۔ بالکل اسی طرح کتاب اپنے قاری کو آخری صفحے تک پڑھنے پر مجبور کر دیتی ہے۔ ہاں! کتاب اپنی انفرادیت میں اعلیٰ درجے پر فائز ہونے کی وجہ سے پڑھتے پڑھتے تھکن کا احساس تک نہیں دیتا بلکہ انسان کا جی چاہتا ہے کہ ایک صفحہ اور پڑھ لوں۔۔۔ یہاں تک کہ وہ بغیر تھکاوٹ کے کئی صفحات کا مطالعہ بھی کر چکا ہوگا۔ شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی صاحب حفظہ اللہ نے اپنی اس نایاب کتاب میں دنیا جہاں کے ان عالمی شخصیتوں کے سوانح حیات لکھے ہیں۔ جنہوں نے اپنی مختصر سی زندگی میں گراں قدر خدمات انجام دیئے ہیں۔ ان میں بعض برصغیر کے وہ چنیدہ چنیدہ علماء ہیں۔ جنہوں نے برصغیر کے علاوہ پوری دنیا میں دین اسلام کا پرچم بلند کیا ہے۔ جن میں سرفہرست قاری محمد طیب، ظفر احمد عثمانی، آغا شورش کاشمیری، حکیم الامت اشرف علی تھانوی، مولانا سلیم اللہ خان، سید محمد یوسف بنوری، ابوالحسن علی ندوی، مفتی محمد شفیع، مولانا عبدالحق، مولانا سمیع الحق اور شہید اسلام ڈاکٹر عادل خان رحمہم اللہ علیہم شامل ہیں۔ کتاب اپنی منفرد متن کے ساتھ جدید اور شائستہ ایڈیشن کی وجہ سے بھی انتہائی مقبول اور قابل مطالعہ ہے۔ بلکہ اگر اس طرح کہا جائے تو ناانصافی کی بات نہیں ہوگی کہ نقوش رفتگاں ہر ہر گھر، تعلیمی ادارہ، دارالافتاء اور ہر عالم دین کی زینت ہے۔ جہاں تک مذکورہ کتاب کے پڑھنے سے بندے کو جتنا علمی، روحانی، اصلاحی اور ادبی فائدہ ہوا ہے۔ اس کا بیان الفاظ میں نہیں کر سکتا! الحمدللہ! زندگی میں پہلی مرتبہ اردو ادب اور عالمی شخصیت شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی صاحب حفظہ اللہ کی انتہائی ضخیم کتاب "نقوش رفتگاں" کے مطالعہ کی توفیق ہوئی۔ حالانکہ کتاب 852 صفحات پر مشتمل ہے۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ اپنے اکابر کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطاء فرمائے۔

عالمی امن کا قیام اور تنازعات کا حل

سید مجتبیٰ رضوان

عالمی امن کا قیام انسانیت کا وہ دیرینہ خواب ہے جس کی تعبیر کے لیے صدیوں سے فکری، سیاسی اور سفارتی کوششیں جاری ہیں۔ موجودہ دور میں جب دنیا ایک گلوبل گاوں کی شکل اختیار کر چکی ہے، ریاستوں کے باہمی تعلقات پہلے سے کہیں زیادہ پیچیدہ اور باہم مربوط ہو گئے ہیں۔ ایسے میں کسی ایک خطے کا عدم استحکام پوری دنیا کے امن و سکون کو متاثر کر سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عالمی قیادت بار بار اس حقیقت کی طرف توجہ دلاتی رہی ہے کہ دیرپا امن کے لیے سیاسی تنازعات کا منصفانہ حل ناگزیر ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بھی کرہ ارض کو درپیش عالمی بحرانوں کو اجاگر کرتے ہوئے بالکل بجا طور پر کہا ہے کہ غیر حل شدہ سیاسی تنازعات کے ہوتے ہوئے خطے میں پائیدار امن قائم کرنا ممکن نہیں۔ یہ بیان محض سفارتی جملہ نہیں بلکہ عالمی سیاست کی ایک ثابت شدہ حقیقت کی عکاسی کرتا ہے۔ دنیا کی تاریخ اس امر کی گواہ ہے کہ جہاں بھی دیرینہ تنازعات کو نظر انداز کیا گیا، وہاں وقتی خاموشی تو ممکن ہوئی مگر مستقل امن قائم نہ ہو سکا۔ پہلی اور دوسری عالمی

ماہِ رمضان: عوامی ریلیف کے جامع و تاریخی اقدامات

تحریر:-عنایت الرحمان

ماہِ رمضان المبارک صبر، تقویٰ، ایثار اور ہمدردی کا مہینہ ہے۔ یہ مقدس ایام ہمیں نہ صرف روحانی بالیدگی کا موقع فراہم کرتے ہیں بلکہ معاشرتی ذمہ داری کا احساس بھی دلاتے ہیں کہ ہم ضرورت مندوں کے لیے آسانیاں پیدا کریں۔ اسی جذبِ خیر سگالی کے تحت وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے اس سال رمضان المبارک میں عوام کو بھرپور ریلیف فراہم کرنے کے لیے غیر معمولی اقدامات کیے ہیں۔ وفاقی سطح پر شہباز شریف نے 38 ارب روپے کے خطیر حجم پر مشتمل رمضان ریلیف پیکیج 2026 کا باقاعدہ اجرا کیا۔ اس پیکیج کے تحت ملک بھر کے ایک کروڑ 21 لاکھ مستحق خاندانوں کو بلاتفریق فی خاندان 13 ہزار روپے فراہم کیے جا رہے ہیں۔ وزیراعظم نے بٹن دبا کر رقوم کی منتقلی کے عمل کا آغاز کیا جو ڈیجیٹل والٹس اور بینک اکاؤنٹس کے ذریعے شفاف انداز میں جاری ہے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ اس سال امدادی رقم میں نمایاں اضافہ کیا گیا ہے تاکہ مہنگائی کے دباؤ میں گھرے مستحق خاندانوں کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ گزشتہ برس پانچ ہزار روپے دیے گئے تھے، تاہم اس سال اسے بڑھا کر تیرہ ہزار روپے کر دیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے واضح کیا کہ 21 لاکھ سے زائد ایسے خاندان بھی اس پیکیج سے مستفید ہوں گے جو کسی سرکاری کفالت پروگرام کا حصہ نہیں تھے، جبکہ پہلے سے زیرِ کفالت ایک کروڑ خاندانوں کے لیے بھی 10 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اس طرح مجموعی طور پر تقریباً 6 کروڑ افراد اس رمضان پیکیج سے فائدہ اٹھائیں گے۔ انہوں نے یوٹیلٹی اسٹورز کے فرسودہ نظام کو ختم کرتے ہوئے ڈیجیٹل اور براہِ راست ادائیگی کے شفاف نظام کو متعارف کرانے کو ایک اہم اصلاح قرار دیا۔ نگرانی کے لیے وفاقی وزرا پر مشتمل اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کی گئی ہے جبکہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے ہیلپ لائن 9999 بھی فعال کر دی گئی ہے۔ صوبائی سطح پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومتِ بلوچستان نے بھی 3 لاکھ 28 ہزار مستحق خاندانوں کے لیے خصوصی رمضان پیکیج کا اعلان کیا ہے، جس کی تقسیم مرحلہ وار جاری ہے۔ شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے 8 رکنی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں تاکہ راشن کی منصفانہ تقسیم ممکن ہو سکے۔ ابتک 20 سے زائد اضلاع میں رمضان پیکیج پہنچایا جا چکا ہے جبکہ باقی اضلاع میں بھی فراہمی کا عمل جاری ہے اس پیکیج کو ہر خاندان کی 15 روزہ ضروریات کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے تاکہ ماہ مقدس میں انہیں حقیقی ریلیف میں سرآسکے چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی نگرانی میں ضلعی انتظامیہ کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں پر مؤثر کنٹرول یقینی بنایا جائے اور عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔ صوبائی سطح پر مربوط حکمت عملی کے ذریعے پرائس کنٹرول سستا بازاروں کے قیام اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف کاروائیوں کو یقینی بنایا جا رہا ہے اسی تسلسل میں ضلع سبی میں اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ کی زیرِ صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں تاجروں کو سرکاری نرخنامے پر سختی سے عملدرآمد، منافع خوری سے اجتناب اور ریٹ لسٹ نمایاں آویزاں کرنے کی ہدایات دی گئیں۔ ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت کارروائی کا عندیہ بھی دیا گیا۔ مزید برآں، سبی میں سستا بازار قائم کیا گیا جہاں فروٹ، سبزیاں، گوشت، دودھ، دہی، کھجور اور دیگر اشیائے ضروریہ رعایتی نرخوں پر فراہم کی گئیں تاکہ عوام کو براہِ راست ریلیف مل سکے۔ سبی انتظامیہ کی جانب سے سستا بازار کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے تاکہ شہریوں کو معیاری اشیاء سہولت پر دستیاب رہیں اور کسی قسم کی شکایت پیدا نہ ہو۔ ماہِ رمضان ہمیں سکھاتا ہے کہ معاشرے کے کمزور طبقات کا سہارا بننا ہی اصل عبادت ہے۔ وزیراعظم پاکستان کے تاریخی رمضان ریلیف پیکیج، وزیراعلیٰ بلوچستان کے صوبائی اقدامات اور ضلعی انتظامیہ کی عملی کاوشیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ حکومت عوامی مشکلات کم کرنے کے لیے سنجیدہ ہے۔ اگر یہی جذبہ تعاون، دیانتداری اور احساسِ ذمہ داری برقرار رہا تو رمضان کی برکتیں نہ صرف روحانی سکون بلکہ معاشی آسودگی کی صورت میں بھی نمایاں ہوں گی۔

مادری زبانیں، روحانیت و اقدار کا نظام

تحریر: عارفہ صدیق ایڈووکیٹ

مادری زبانوں کا عالمی دن ہر سال 21 فروری کو دنیا بھر میں منایا جاتا ہے، جس کا مقصد لسانی و ثقافتی تنوع اور کثیر الثقافتی معاشرے کو فروغ دینا ہے۔ یونیسکو (UNESCO) نے نومبر 1999 میں اس دن کا اعلان کیا، جو 1952 میں بنگلہ دیش (سابق مشرقی پاکستان) میں مادری زبان (بنگالی) کے لیے جان قربان کرنے والے طلبہ کی یاد میں منایا جاتا ہے۔۔ مادری زبان صرف بات چیت کا ذریعہ نہیں بلکہ ہزاروں سال کی تہذیب، شناخت، روحانیت اور اقدار کا نظام ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ مادری زبان کو فروغ دینے کے لیے اسے تعلیمی، دفتری، عدالتی اور تجارتی زبان بنایا جانا ضروری ہے تاکہ ثقافتی ورثہ محفوظ رہ سکے۔ آج مادری زبانوں کے عالمی دن کے مناسبت سے ایشیائی زبانوں پر تحقیق کرنے والے مغربی محققین اور دانشوروں (مستشرقین) کی پشتو زبان کے لئے خدمات سے متعلق یہ کالم پیش کیا جاتا ھے، ان مستشرقین نے پشتو پر جتنا عظیم تحقیقی کام نے کیا ہے اس سے ایک جہاں انگریز نے اپنے سب سے بڑے اور شاید واحد حریف کو سمجھنے کیلئے کس طرح ان کی زبان کو سمجھنے کیلئے سعی بے مثال کی۔ وہاں ایسے انگریز مستشرقین بھی ہیں جنہوں نے خالص علمی و ادبی لگن سے پشتو زبان و ادب میں دلچسپی لی اور قابل قدر خدمات انجام دیں، ایسے اصحاب کے احسانات سے پشتو زبان و ادب کبھی عہدہ برا نہیں ہو سکتے۔ ہم مادری زبانوں کے حوالے سیاس کالم میں ایسے ہی کارناموں کا مختصر جائزہ لیتے ہیں۔ پروفیسر ڈورن (Dorren) نسلاً انگریز تھے، جرمنی میں پیدا ہوئے، وہی تعلیم پائی، انہیں افغانستان اور کاکیشیا کی زبانوں میں مہارت حاصل تھی۔ درسی کتب کے علاوہ 1826 میں پختونوں کی تاریخ، 1845 میں پشتو لغت اور 1847 میں پشتو زبان پر ایک کتاب شائع کی۔ ایچ جی راورٹی مشہور انگریز مستشرق اور پشتو زبان کے عالم اور نامور مصنف تھے۔ انہوں نے خصوصیت سے دو استادوں سے استفادہ کیا۔ ایک ہشت نگر کا اور دوسرا قندھار کے تھے، یہی وجہ ہے کہ پشتو زبان کے دونوں لہجوں (Dialects) کے فرق کو راورٹی بخوبی سمجھتے تھے۔ راورٹی کی گرامر کا پہلا ایڈیشن کلکتہ میں چھپا تھا جب اس کا دوسرا ایڈیشن لندن میں آیا تو انگلستان کے اخبارات و رسائل نے اسے شاہکار قرار دیا۔ راورٹی کی دوسری مشہور پشتو تصنیف 'گلشن روہ' ہے جو پشتو کے نامور شعرا کے منتخب کلام پر مشتمل ہے۔ اس سے پہلے پروفیسر ڈورن نے بھی پشتو منظومات اور نثر کا انتخاب شائع کیا تھا۔ راورٹی نے انگریزی میں ترجمہ کر کے پشتون شعرا کو یورپ میں متعارف کرایا۔ علامہ اقبال بھی راورٹی کے اس ترجمہ کی وساطت ہی سے پہلی دفعہ پشتون شعرا خصوصاً خوش حال خان خٹک کے کلام سے متعارف ہوئے۔ علامہ اقبال کی بعض اصطلاحات شاہین، شہباز اور خودی وغیرہ کا ماخذ خوشحال خان کا کلام ہی بتایا جاتا ہے۔ راورٹی نے مینول آف پشتو کے نام سے بھی ایک کتاب لکھی، انہوں نیمادری جیمز کی مشہور کتاب Aesop Fables (ایسوپ کے قصے) کا پشتو ترجمہ شائع کیا۔ یہ کتاب پشتو نثر کی غالباً پہلی مطبوعہ کتاب ہے جو 1871 میں لندن میں شائع ہوئی۔ پروفیسر ڈاکٹر یار محمد مغموم خٹک کی 'کلیات خوشحال بابا' کے مطابق میجر راورٹی نے 1860 میں خوشحال بابا کی شارٹ ہینڈ Zanjiri (زنزیری) لندن سے شائع کی۔ اس کتاب کے صفحہ 28 پر راورٹی کا کہنا ہے کہ اس مختصر نویسی (Shorthand) کو صرف خوشحال خان اور اُن کے اہلِ خاندان ہی سمجھتے تھے۔ ڈاکٹر ہنری والٹر جب سپرنٹنڈنٹ جیل پشاور تھے تو انہوں نے خوشحال خان خٹک کا پہلا دیوان 1870 میں شائع کیا۔ سرگریرسن کو 'ہندوستانی لسانیات کا جائزہ' پر آرڈر آف میرٹ کا اعزاز ملا یہ کتاب 19 جلدوں میں 1827 میں شائع ہوئی۔ اس کتاب میں پشتو زبان اور اس کے مختلف لہجوں پر بھرپور بحث کی گئی ہے۔ مالیون نے پشتو زبان کے کچھ عوامی قصے کلکتہ سے شائع کیے۔ ٹی سی پلوڈن نے انگریز افسروں کے پشتو نصاب کے لئے 'گنج پشتو' لکھی جس کا 1875 میں انگریزی میں ترجمہ شائع ہوا پھر 1903 میں ایک اور انگریز بی ای ایم گرڈن نے گنج پشتو کا ترجمہ چترالی زبان میں کلکتہ سے شائع کیا۔ جیمز ڈار مسٹیٹر مشہور مصنف اور محقق تھے 1892-93 میں ژندا وستا کا ترجمہ کیا۔ آپ 1885 میں کالج آف فرانس میں ایرانی اور پشتو زبان و ادب کے پروفیسر تھے۔ پشتو عوامی گیتوں کا مجموعہ ''پختونخوا ہارو بہار'' کے نام سے 1888 میں پیرس سے شائع کیا۔ اپنی اس کتاب میں ڈار مسٹیٹر نے نہ صرف پشتو زبان کی اصل کے متعلق محققانہ بحث کی ہے بلکہ پشتو کے ایسے چار بیتے بھی محفوظ کر دیئے ہیں جو اس وقت کے سیاسی حالات اور پختونوں کے جذبہ حریت کی عکاسی کرتے ہیں، علاوہ ازیں اس کتاب کی وساطت سے بعض ایسے پختون شعرا کے نام بھی ہم تک پہنچے ہیں جو بصورت دیگر سینکڑوں دوسرے عوامی شعرا کی طرح تاریکی ہی میں کھوئے رہتے۔ سراولف کیرو قیام پاکستان سے پہلے صوبہ سرحد کے گورنر رہ چکے ہیں انگلستان واپس جا کر انہوں نے 'دی پٹھان' کے نام سے ایک تاریخی کتاب لکھی جس کا اردو میں ترجمہ پشتو اکیڈمی پشاور نے شائع کیا ہے۔ گلبرٹ سن (Gilburtson) نے پشتو زبان پر اپنی پہلی تصنیف بنارس اور دوسری 1929 میں ہرٹ فورڈ سے شائع کی۔ اسی سال ان کی ایک اور کتاب پشتو محاورہ لغت پر (English The Colloquial Pushtu Dictionary) لکھی جو لندن سے شائع ہوئی۔ یہ کتاب خوشحال خان خٹک کی نظموں پر مشتمل ہے۔ ڈاکٹر میکنزی لندن اسکول آف اورینٹل اینڈ افریقن اسٹڈیز سے تعلق رکھتے تھے انہوں نے خوشحال خان خٹک کی کچھ نظموں کا انگریزی میں ترجمہ کیا جو کتابی صورت میں شائع ہوا۔ گرائیگر نے ایک رسالہ لکھا جس میں پشتو الفاظ کا مقابلہ اوستا اور سنسکرت کے الفاظ سے کیا ہے۔ ڈاکٹر مارگنسٹرن ایک عرصے تک افغانستان میں رہے، ان کی پشتو زبان اور پشتون قوم کے متعلق کتابی شکل میں (a on Report of Mission Linguistic India West North) کے نام سے 1932 میں اوسلو یونیورسٹی ناروے کی طرف سے شائع کی گئی۔ انہوں نے ایک کتاب پشتو اشتقاقات (Etymology) پر اور ایک کتاب خوشحال خان خٹک کی شاعری پر بھی لکھی۔ ڈاکٹر ٹرمپ نے 1873 میں پشتو گرامر لکھی جو لندن میں دیآنا امپریل اکیڈمی آف سائنس کی مدد سے شائع ہوئی۔ ڈاکٹر ٹرمپ نے اس کا دیباچہ ٹیو بنگن جرمنی میں لکھا۔ ٹیوبنگن کے کتب خانہ میں پشتو کی سینکڑوں قدیم کتب موجود ہیں ان قلمی نسخوں میں بایزید انصاری (پیر روشان بابا) کی مشہور کتاب ''خیر البیان'' بھی ہے جو دنیا بھر میں اس کتاب کا واحد نسخہ ہے۔ پشتو اکیڈمی پشاور کے ڈائریکٹر مولانا عبدالقادر مرحوم نے اس کتاب کی فوٹو اسٹیٹ حاصل کی اور اسے پشاور اکیڈمی سے شائع کیا۔ پادری ہیوز پشتو زبان کے مشہور عالم تھے، ان کی خدمات پشتو زبان و ادب کے سلسلے میں ہمیشہ یادگار رہیں گی۔ آپ کی پشتو نظم و نثر کے منتخب شہ پاروں پر مشتمل ایک ضخیم کتاب ''کلید افغانی'' کے نام سے لاہور میں طبع ہوئی۔ اس ادنیٰ طالب علم کے سامنے پشتو پر تحقیق کرنے والے ایسے مستشرقین کی لمبی فہرست ہے جنہوں نے پشتو لغت، ادب و تاریخ کے حوالے سے لاثانی خدمات انجام دی ہیں، تاہم ایک کالم میں ان کا احاطہ ممکن نہیں۔ پھر کہنا یہ بھی ہے کہ پادری ہیوز، میجر راورٹی اور دوسرے مستشرقین نے پشتو زبان و ادب کے نوادرات جمع کر کے اپنے ملک کے کتب خانوں کی زینت بنائے۔ اپنے بزرگوں کے ان شہ پاروں کو لندن و یورپ کے کتب خانوں میں دیکھ کر ہر علم دوست پختون کے دل کو دھچکا لگتا ہوگا مگر ہم علم و ادب کے ان قدر دانوں کے شکر گزار بھی ہیں جنہوں نے ان نوادرات کو محفوظ کر لیا، ورنہ یہاں تو اپنی قدردانی کا یہ عالم ہے کہ اس قسم کی پرانی کتابیں یا تو دریا برد کر دی جاتی تھیں یا پھر کیڑے مکوڑوں کی خوراک بن جاتی ہیں۔

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

صول کی جا رہی ہیں، جبکہ ضلعی انتظامیہ کی خاموشی سوالیہ نشان بن چکی ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے خاص طور پر نان بائیوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ روٹی کا وزن اس حد تک کم کر دیا گیا ہے کہ ایک روٹی سے چھوٹا بچہ بھی شکم سیر نہیں ہو سکتا۔ یہ عمل سراسر ظلم اور غریب دشمنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ حرام خوری کے ذریعے روزہ داروں کا حق مارتے ہیں اور پھر باجماعت نماز کیلئے مساجد کا رخ کرتے ہیں، انہیں اپنے اعمال پر غور کرنا چاہیے۔ عبادت صرف نماز پڑھنے کا نام نہیں بلکہ حقوق العباد کی ادائیگی بھی اتنی ہی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ غریب اور دیہاڑی دار طبقہ پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہا ہے، ایسے میں روٹی جیسے بنیادی اور لازمی جزو کی قیمت اور وزن میں ردوبدل ناقابل برداشت ہے۔ عوام پاکستان پارٹی اس انتہائی رویے کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ شہر بھر میں نان بائیوں اور دکانداروں کے خلاف فوری کریک ڈاؤن کیا جائے، روٹی کے وزن اور قیمت کی باقاعدہ نگرانی کی جائے، سرکاری نرخنامے نمایاں طور پر آویزاں کرائے جائیں اور خلاف ورزی کرنے والوں پر بھاری جرمانے عائد کیے جائیں۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ اگر انتظامیہ نے فوری اقدامات نہ کیے تو عوام پاکستان پارٹی عوام کے ساتھ مل کر احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ناجائز منافع خوری کے خلاف متحد ہوں اور کسی بھی زیادتی کی صورت میں متعلقہ حکام کو آگاہ کریں تاکہ رمضان المبارک میں حقیقی معنوں میں رحمت، برکت اور مساوات کا پیغام عام ہو سکے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے دوچار ہیں۔ سستا بازار نہ ہونے کے باعث اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں من مانا اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے اور دکاندار سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اشیا مہنگے داموں فروخت کر رہے ہیں۔ شہر میں مرغی کی قیمت 600 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے جبکہ سبزیاں، دالیں، گھی اور دیگر ضروری اشیا کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ مہنگائی کے باعث متوسط اور غریب طبقہ شدید پریشانی میں مبتلا ہے اور روزمرہ ضروریات زندگی پوری کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ہر سال رمضان المبارک میں سستا بازار کے قیام سے عوام کو کسی حد تک ریلیف ملتا تھا، تاہم اس سال انتظامیہ کی جانب سے سستا بازار نہ لگانا افسوسناک اقدام ہے۔ شہریوں نے صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ مہنگائی کا فوری نوٹس لیا جائے، سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور فوری طور پر رمضان سستا بازار قائم کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پشتو ڈیپارٹمنٹ، پشتو اکیڈمی، کے اساتذہ، پروفیسرز، ادیب، شعراء سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کرینگے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک میں قوموں کے دیگر حقوق سے انکار کی طرح قومی زبانوں، قومی ثقافتوں تہذیب و تمدن کی ترقی اور فروغ سے انکار کی پالیسیوں نے ملک کو سنگین دشواریوں سے دوچار کیا ہے۔ جبکہ قوموں کی زبانوں اور تاریخ ہزاروں سال پر محیط ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ قومی زبانوں کے ماہرین اور خصوصاً پشتون دانشور، پی ایچ ڈیز، ادیبوں، شاعروں نے اپنے مادری زبانوں کیلئے آواز بلند کرنا ہوگا۔ بیان میں پشتو زبان کو گوگل کا حصہ بنانے والے پشتون ماہرین کے مشکور ہیں جنہوں نے دن رات محنت کر کے پشتو کو گوگل کا حصہ بنا کر ہمیشہ کیلئے محفوظ کر دیا ہے جس سے کروڑوں تراجم کی صورت میں مستفید ہو رہے ہیں۔ بیان کے آخر میں تمام وطن دوست جمہوریت پسند عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ مادری زبانوں کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ پروگراموں میں شرکت کر کے اپنے حب الوطنی کا ثبوت دیں

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تحت گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جس کے نتیجے میں کورنج کا تناسب تسلی بخش رہا۔ تاہم اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ بعض علاقوں میں معمولی نوعیت کی کوتاہیوں اور انتظامی کمزوریوں کی نشاندہی ہوئی جنہیں آئندہ مہمات میں مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے حکومت سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط انداز میں کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فیلڈ ٹیموں کی مانیٹرنگ پلاننگ کو مزید مؤثر بنایا جائے، رہائی رسک علاقوں پر خصوصی توجہ دی جائے اور غیر حاضر بچوں کی سو فیصد ٹریکنگ یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ مہم کی کامیابی ٹیم ورک کا نتیجہ ہے لیکن معمولی خامیوں کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، ان کو دور کرنا ہی آنے والی مہمات کی کامیابی کی ضمانت ہوگا۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ پولیو مہم سے قبل آگاہی مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے اور مقامی سطح پر کمیونٹی کے تعاون کو بڑھایا جائے تاکہ پولیو کے مکمل خاتمے کے قومی ہدف کو جلد حاصل کیا جا سکے

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جو اس تربیتی سیشن میں شریک ہوئے۔ پی آر ایس پی کی ٹیم نے شرکا کو رائز پروگرام کے مقاصد، منصوبہ بندی اور مختلف سرگرمیوں سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ اس موقع پر شرکا کو کمیونٹی کی ترقی میں پروگرام کی اہمیت اور اس کے متوقع اثرات کے بارے میں بھی بتایا گیا۔ مقررین نے کہا کہ یہ پروگرام نوجوانوں کے لیے ایک سنہری موقع ہے جو ان کی صلاحیتوں کو نکھارے گا، انہیں روزگار سے متعلق ہنر فراہم کرے گا اور مقامی کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دے گا۔ واضح رہے کہ رائز پروگرام کا بنیادی مقصد کمیونٹی اداروں کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا اور مقامی سطح پر پائیدار ترقی کے منصوبوں کو فروغ دینا ہے، تاکہ کمیونٹی کی فلاح و بہبود میں نمایاں بہتری لائی جا سکے

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ارادہ اس کے گرد نواح کے شہروں میں رائج قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ خضدار میں اشیاء کی قیمتیں مقرر کرتے وقت پڑوسی اضلاع کی مارکیٹ صورتحال کو مدنظر رکھا گیا ہے تاکہ تاجروں اور عوام دونوں کے مفادات کا تحفظ ہو سکے۔ مشاورت کے بعد متفقہ طور پر رمضان پرائس لسٹ کو حتمی شکل دے دی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر حفیظ اللہ کاکڑ نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا رمضان المبارک برکتوں کا مہینہ ہے، اسے منافع خوری کی نذر نہیں ہونے دیں گے۔ تمام تاجر سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ گراں فروشی، ذخیرہ اندوزی اور ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی اور خلاف ورزی کی صورت میں بھاری جرمانے اور گرفتاریاں عمل میں لائی جائیں گی۔ انجمن تاجران کے صدر حافظ حمید اللہ اور شہری ایکشن کمیٹی کے نمائندوں نے انتظامیہ کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ رمضان کے مقدس مہینے میں شہریوں کو سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خاندان اس بابرکت مہینے میں محروم نہ رہے۔ راشن کی تقسیم کے عمل میں شفافیت، نظم و ضبط اور مستحقین کی عزت نفس کا خاص خیال رکھا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ گرانفروشی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت اقدامات کیے گئے ہیں، جبکہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے مؤثر نظام بھی فعال ہے تاکہ شہریوں کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق رمضان المبارک میں عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، اور وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق شفافیت، میرٹ اور خدمتِ خلق کے اصولوں پر سختی سے عمل جاری رکھا جائے گا۔ یہ رمضان ریلیف پیکیج نہ صرف فوری معاشی سہارا فراہم کر رہا ہے بلکہ معاشرے میں ہمدردی، یکجہتی اور ذمہ دارانہ طرزِ حکمرانی کو بھی فروغ دے رہا ہے۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں عمل کیے جا رہے ہیں۔ سنٹر سپرنٹنڈنٹ محمد اشفاق سیلاچی کی زیرِ نگرانی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ بلاول خان کھوسہ، ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ ہمت علی کھوکھر، نگران عنایت اللہ کاکڑ، اسرار احمد شیخ اور محمد ابراہیم شمیم سمیت دیگر امتحانی عملہ ذمہ داری، دیانتداری اور مستعدی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہا ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے واضح ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ کسی بھی صورت نقل کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اگر کوئی طالب علم نقل کرتے ہوئے پایا گیا تو اس کے خلاف بورڈ قوانین کے مطابق بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی اور کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ امتحانی مرکز کا وقتاً فوقتاً اعلیٰ افسران کی جانب سے معائنہ بھی کیا جا رہا ہے جن میں تحصیلدار محمد خان مینگل، ڈپٹی ضلعی افسر تعلیم عبدالغفار کاکڑ اور ایگزیکٹو ضلعی افسر تعلیم ظہیر حسین شیوانی شامل ہیں۔ افسران نے امتحانی انتظامات، حفاظتی اقدامات اور شفافیت کا جائزہ لے کر اطمینان کا اظہار کیا اور عملے کی کارکردگی کو سراہا۔ انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ امتحانی عمل شفافیت، نظم و ضبط اور دیانتداری کے ساتھ مکمل کیا جائے گا تاکہ تمام طلبہ و طالبات کو یکساں اور منصفانہ مواقع میسر آ سکیں

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی سرپرستی میں تاریخی افغان پشتون بادشاہ فرید خان عرف شیر شاہ سوری کے مجسمے کو اکھاڑ کر اس کی جگہ ایک اور شخصیت نسلاً ایران سارنگ خان کا مجسمہ نصب کرنے کی شدید مذمت کی۔ رہنماں نے کہا کہ یہ اقدام پشتون دشمنی اور نسلی تعصب کی وجہ سے کیا جا رہا ہے اور پاکستان کی ملی یکجہتی کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا رہا ہے۔ انہوں نے موقف اختیار کیا کہ تاریخی شخصیات جیسے شیر شاہ سوری، ڈاکٹر قدیر خان اور دیگر اثاثہ بخش کے اقدامات اور خدمات کو نظر انداز کرنا اور ان کے تاریخی مقامات کی بے حرمتی کرنا تاریخی اور ثقافتی ورثے کے ساتھ دھوکہ ہے۔ رہنماں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پشتونوں کی عظمت اور تاریخی شخصیات کے مجسموں و یادگاروں کا تحفظ یقینی بنایا جائے تاکہ تاریخ کی سچائی اور ثقافتی ورثہ برقرار رہ سکے۔ انہوں نے اس اقدام کو شدید غیر ذمہ دارانہ اور نسلی تعصب پر مبنی قرار دیا

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے ہمراہ اے سی آفس کے سینئر کلرک عبدالغنی بلوچ، محاسب اصغر کھوسہ، نائب رسالدار حبیب اللہ موندرہ، کلرک خلیل انور کھوسہ اور پولیس کے افسران و جوان موجود تھے۔ عوامی حلقوں نے گرانفروشوں کے خلاف کی گئی کارروائی اور جرمانے کو سراہا، تاہم گرفتاری پر رعایت دینے کی سفارش کرنے والی بعض سرکردہ شخصیات پر سخت تنقید کرتے ہوئے گہرائی تشویش کا بھی اظہار کیا گیا

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، درپیش مسائل، مراکز صحت کی کارکردگی اور غیر حاضر ڈاکٹرز و عملے کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر ذوالفقار علی کرار نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات فراہم کرنا ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ شہر بھر میں مختلف لیبارٹریوں کی مانیٹرنگ کی جائے اور انہیں پابند کیا جائے کہ وہ ان نمونوں کے عمل سے اجتناب کریں جس کے حوالے سے ضلع انتظامیہ نے روک تھام کے احکامات دیے ہیں۔ اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تختی سے ہدایت کی کہ تمام ڈاکٹرز اپنی جائے تعیناتی پر موجود رہیں تاکہ دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو کسی قسم کی مشکل یا پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی کمشنر نے سول ہسپتال سمیت تمام مراکز صحت میں ادویات کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اگر ادویات یا دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی میں کوئی مسئلہ درپیش ہے تو اس بارے میں متعلقہ حکام کو تحریری طور پر آگاہ کیا جائے تاکہ فوری اقدامات کیے جا سکیں اور مریض مایوس ہو کر واپس نہ جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع انتظامیہ کی جانب سے صحت کے تمام یونٹس کا باقاعدگی سے سرپرائز وزٹ کیا جائے گا تاکہ زمینی صورتحال کا براہ راست جائزہ لیا جا سکے اور غیر حاضر عملے کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ عوام کی صحت اور بنیادی سہولیات تک رسائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، اور اس سلسلے میں تمام شعبوں کو اپنی ذمہ داریاں دیانت داری کے ساتھ نبھانا ہوں گی

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فروخت ہو رہے ہیں، جبکہ پرائس کنٹرول انتظامیہ مکمل طور پر غیر فعال دکھائی دے رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کئی دکانوں پر سرکاری ریٹ لسٹ آویزاں ہی نہیں کی گئی، اور جب مقررہ نرخوں کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو خریداروں کو مختلف حیلوں بہانوں سے ٹال دیا جاتا ہے۔ کئی علاقوں میں ذخیرہ اندوزی کی اطلاعات بھی موصول ہو رہی ہیں جس سے مصنوعی قلت پیدا کر کے قیمتیں مزید بڑھائی جا رہی ہیں۔ سماجی و عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان ک

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حالیہ بیان بازی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی باوقار طریقے سے مشکل حالات میں جیل کاٹ رہے ہیں۔ اسیر رہنماؤں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ عمران خان کی صحت پر سیاست بند کی جائے، ان کی بہنوں اور ذاتی ڈاکٹروں کو اعتماد میں لے کر علاج معالجہ کرایا جائے۔ خط میں تحریک تحفظ آئین پاکستان سے گزارش کی گئی ہے کہ وہ پارلیمان میں بھرپور سیاست کرے۔ اسیر رہنماؤں نے کہا کہ تحریک انصاف کی تنظیم کو از سر نو منظم کریں اور بلدیاتی انتخابات کے لیے تنظیم کو نچلی سطح تک فعال بنایا جائے۔ خط میں مزید کہا گیا ہے کہ بڑھتی دہشتگردی، مہنگائی، اسکولوں سے بچوں کے باہر ہونے اور کرپشن جیسے مسائل کو ہر سطح پر اجاگر کیا جائے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یونیورسٹی سے خارج کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اس اقدام کو ریاست مخالف سرگرمی اور قومی یکجہتی کے خلاف قرار دیا گیا۔ ڈسپلنری کمیٹی کے 3 7 ویں اجلاس کی سفارشات پر چاروں طلبہ کو نہ صرف تعلیمی ادارے سے نکال دیا گیا بلکہ ان کی ہاسٹل نشستیں بھی منسوخ کر کے فوری خالی کرنے کا حکم جاری کیا گیا۔ تاہم اصل سوال یہ ہے کہ جب کیمپس کے اندر ہی سی کے دفتر کے سائے میں لوڈ اسپیکر کے ذریعے ایسے نعرے لگائے جا رہے تھے تو انتظامیہ کہاں تھی؟ کیا کیمپس کی سکیورٹی، نگرانی اور نظم و ضبط کی مکمل ذمہ داری وائس چانسلر اور متعلقہ حکام پر عائد نہیں ہوتی۔ سوشل میڈیا ایکٹیوسٹس نے اس واقعے پر شدید ردعمل دیتے ہوئے انتظامیہ کی چشم پوشی کو دیدہ دانستہ غفلت قرار دیا۔ عوامی دباؤ اور آن لائن ہنگامے کے بعد ہی یونیورسٹی انتظامیہ حرکت میں آئی اور نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔ سوال یہ بھی اٹھ رہا ہے کہ اگر سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل نہ ہوتی تو کیا کارروائی عمل میں آتی۔ قانونی و انتظامی اصولوں کے مطابق کسی بھی تعلیمی ادارے میں پیش آنے والی ریاست مخالف یا متنازع سرگرمی کی بنیادی ذمہ داری ادارے کی اعلیٰ قیادت پر عائد ہوتی ہے۔ ایسے میں صرف طلبہ کو مورد الزام ٹھہرانا کافی نہیں، بلکہ وائس چانسلر اور دیگر متعلقہ افسران سے بھی جواب طلبی ہونی چاہیے کہ کیمپس کے اندر اس نوعیت کی سرگرمی ممکن کیسے ہوئی۔ یہ معاملہ محض چار طلبہ کی برخاستگی تک محدود نہیں بلکہ ادارہ جاتی نگرانی، سکیورٹی نظام اور انتظامی ذمہ داریوں پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ اگر بروقت اور مؤثر نگرانی موجود ہوتی تو شاید یہ نوبت ہی نہ آتی۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہی کیا۔ اپنے خطاب میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ غزہ میں پائیدار امن کا قیام پاکستان کا اہم مشن ہے اور عالمی برادری کو اس مقصد کے لیے مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ وزیراعظم نے تنازعات کے حل میں ڈونلڈ ٹرمپ کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی بروقت مداخلت سے پاک۔ بھارت جنگ رکی، جس سے کروڑوں قیمتی جانیں بچیں اور دو امن کے علمبردار ہیں

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ئی کی۔ شہداء میں صحبت پور سے تعلق رکھنے والے حوالدار لیاقت علی شہید، زیارت سے لانس حوالدار محمد عقیل شہید اور جعفر آباد سے نائیک گلاب خان شہید شامل ہیں۔ پاک فوج کے جوانوں نے نوشکی سے تعلق رکھنے والے لانس نائیک عبدالستار شہید اور کوہلو کے سپاہی عبدالحق شہید کے مزار پر بھی حاضری دی۔ وطن عزیز کے دفاع میں جان نچھاور کرنے والے شہداء کو پوری قوم خراج عقیدت پیش کرتی ہے

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دی بخش کھوسو موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ فائرنگ کی آواز سن کر اہل محلہ اور دیہاتی بڑی تعداد میں گھروں سے باہر نکل آئے جس کے بعد چوروں اور دیہاتیوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ اس تصادم کے نتیجے میں مقتول ہادی بخش کے دو بھائی، سائیدو اور کھوسو اور خالق کھوسو شدید زخمی ہو گئے۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران مبینہ ایک چور بھی زخمی ہوا جسے اس کے ساتھی پہلے اپنے ہمراہ لے کر فرار ہو گئے تھے، تاہم بعد ازاں اس چور کی لاش برآمد ہو گئی ہے۔ ہلاک ہونے والے چور کی شناخت سرور عرف سرو جتوئی کے نام سے ہوئی ہے۔ اس خونی واقعے کے بعد پورے علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا، ورثاء اور دیہاتیوں نے مقتول کی لاش اور رشتوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا۔ پولیس نے ہلاک ہونے والے مبینہ چور کی لاش کو اپنی تحویل میں لے کر واقعے کی مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ تاہم، آخری اطلاعات موصول ہونے تک واقعے کا مقدمہ درج نہ ہو سکا تھا۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

غزہ اور مقبوضہ فلسطینی علاقوں کی تازہ صورتحال پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مسلسل اسرائیلی حملوں اور غیر قانونی بستیوں کی توسیع کے باعث خطے میں کشیدگی بدستور برقرار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ برس اکتوبر میں ہونے والی جنگ بندی کے باوجود تقریباً 600 فلسطینی، جن میں اکثریت خواتین اور بچوں کی ہے، جاں بحق ہو چکے ہیں، جو امن کے دعووں کی نفی کرتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بورڈ آف پیس کی کامیابی کے لیے جنگ بندی کی نگرانی کا شفاف، مؤثر اور قابل اعتماد نظام ناگزیر ہے۔ ان کے مطابق یہ امر واضح ہونا چاہیے کہ نگرانی کا طریقہ کار بورڈ آف پیس کے دائرہ کار میں ہو گا، کسی متوازی نظام کے تحت یا اقوام متحدہ کے تعاون سے تشکیل دیا جائے گا۔ انہوں نے یاد دلایا کہ بورڈ آف پیس کی تجویز سلامتی کونسل کی قرارداد 2803 کے ذریعے کی گئی تھی، لہٰذا کسی بھی پائیدار نظام کو اقوام متحدہ کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر کام کرنا چاہیے، نہ کہ اس کا متبادل بننے کی کوشش کرنی چاہیے۔ سردار مسعود خان نے خبردار کیا کہ متوازی ڈھانچوں کی تشکیل سے اقوام متحدہ کی اتھارٹی متاثر ہو سکتی ہے۔ اگرچہ بعض حلقوں میں امریکی نگرانی میں نئے نظام کے قیام کی قیاس آرائیاں کی جا رہی ہیں، تاہم انہوں نے واضح کیا کہ دیرپا امن کے لیے کشمیر کو تنہا قانونی جواز بنیادی اہمیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ انسانی امداد کسی قابض طاقت کی جانب سے دی جانے والی رعایت نہیں بلکہ زیر قبضہ آبادی کا بنیادی اور مسلمہ حق ہے۔ انہوں نے بغیر کسی پیشگی شرط کے فوری انسانی رسائی اور راہداریوں کے قیام کا مطالبہ کرتے ہوئے تجویز دی کہ ان کی نگرانی غیر جانبدار بین الاقوامی اداروں کے سپرد کی جائے تاکہ شہریوں کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ ان کے مطابق ماضی کے انتظامات بھوک سے نڈھال شہریوں کو خوراک کے حصول کے دوران پیش آنے والے انسوسناک واقعات سے نہ بچا سکے۔ انہوں نے بھوک کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بورڈ آف پیس کو واضح پیغام دینا ہو گا کہ اجتماعی سزا اور جبری محرومی بین الاقوامی انسانی قانون کے تحت ناقابل قبول ہیں۔ سیاسی تناظر پر گفتگو کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے کہا کہ اگرچہ بورڈ کی بنیادی دستاویزات میں تنازع کے حل، حق خودارادیت اور دو ریاستی حل کا ذکر موجود ہے، تاہم فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے واضح وقت کیساتھ روڈ میپ کا فقدان تشویش کا باعث ہے۔ ان کے مطابق مشاورتی عمل کے دوران سعودی عرب اور پاکستان سمیت متعدد ممالک نے فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے قابل اعتماد اور واضح ٹائم لائن پر زور دیا۔ انہوں نے مقبوضہ فلسطینی علاقوں کے الحاق سے متعلق حالیہ اعلانات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات امن کے مقاصد سے متصادم ہیں اور اعتماد سازی کے عمل کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ ان کے بقول دو ریاستی حل اور فلسطینیوں کے حقیقی حق خودارادیت کی جانب ٹھوس پیش رفت کے بغیر تعمیر نو یا حکمرانی کا کوئی بھی فریم ورک مؤثر اور مکمل نہیں ہو سکتا۔ سردار مسعود خان نے بورڈ آف پیس میں پاکستان کی شمولیت کو ایک اہم اور اسٹریٹیجک موقع قرار دیتے ہوئے کہا کہ تحفظات اور شکوک کے باوجود پاکستان نے دانشمندی اور دور اندیشی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اہم سفارتی فورم پر اپنی موجودگی یقینی بنائی ہے۔ ان کے مطابق یہ پلیٹ فارم پاکستان اور دیگر مسلم و عرب ممالک کو محصور فلسطینی عوام کی مشکلات کے خاتمے، فوری جنگ بندی، انسانی امداد کی بحالی اور دو ریاستی حل کی بنیاد پر منصفانہ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے مؤثر آواز اٹھانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ امن نمائشی اقدامات سے نہیں بلکہ انصاف، جوابدہی اور فلسطینی عوام کے ناقابل تنسیخ حقوق دینے سے ہی ممکن ہے

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہو کر دہشت گرد آپاکاروں کا مقابلہ کرنا ہوگا جو یہ سمجھتے ہیں کہ وہ فلسطین کی حقیقت کو مٹا سکتے ہیں اور اپنے توسیع پسندانہ منصوبے فلسطینی عوام پر مسلط کر سکتے ہیں۔ فلسطینی وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ فلسطین فروخت کے لیے نہیں ہے، اسرائیل اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہوگا

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جمہوری حل پر زور دیا جا رہا ہے۔ صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے سامنے یہ واضح مطالبہ بھی رکھا گیا کہ مودی سے براہ راست بات کی جائے کہ بھارتی زیر قبضہ پنجاب میں امریکی محکمہ خارجہ کی نگرانی میں آزادی ریفرنڈم کروایا جائے۔ سکھس فار جسٹس کے جنرل کونسل گرچوانت سنگھ پنون نے کہا کہ خالصتان ریفرنڈم کے حامی سکھ نوجوانوں کو مبینہ جعلی مقابلوں میں نشانہ بنایا جا رہا ہے 11,000 سے زائد سکھ نوجوان سیاسی عقائد کی بنیاد پر گرفتار اور گینگسٹر کے طور پر لیبل کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی خونریز مقابلے سے پہلے صدر ٹرمپ کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ ایک پرامن، جمہوری حل کیلئے نگرانی شدہ ریفرنڈم کروایا جائے، ہمارا مقصد بورڈ آف پیس کا ممبر بن کر پنجاب کو بھارت سے آزاد کرانا ہے۔ مظاہرین نے کہا کہ ہم بھارت سے جمہوری اور پرامن طریقے سے آزادی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق یہ اقدام امریکی سیاست میں خالصتان کے مطالبے کو اجاگر کرنے اور عالمی توجہ حاصل کرنے کی ایک منظم کوشش ہے، اگرچہ اس سے بھارت۔ امریکہ تعلقات پر اثر پڑ سکتا ہے، مگر مقصد تشدد سے بچتے ہوئے مسئلے کا پرامن حل تلاش کرنا ہے

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تین رکنی فل بنچ تشکیل دے دیا گیا، جو 23 فروری کو کیس کی سماعت کرے گا۔ پراپرٹی اونرشپ آرڈیننس کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں مجموعی طور پر 200 سے زائد درخواستیں دائر کی گئی ہیں، درخواست گزاروں نے مؤقف اختیار کیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) کی سربراہی میں قائم کمیٹیوں نے بیوا فورس کے استعمال سے شہریوں کی اراضی واگزار کروانا شروع کر دی حالانکہ یہ اختیار متعلقہ ٹریبونل کا تھا۔ درخواستوں میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ آرڈیننس کا مبینہ طور پر غلط استعمال کیا جا رہا ہے اور کمیٹیاں اپنے دائرہ اختیار سے تجاوز کر رہی ہیں۔ لاہور ہائیکورٹ نے ابتدائی سماعت کے بعد آرڈیننس پر عمل درآمد عارضی طور پر روک دیا تھا اور حکومت پنجاب سے جواب طلب کرتے ہوئے فل بنچ تشکیل دینے کی سفارش کی تھی۔ بعد ازاں چیف جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں تین رکنی فل بنچ تشکیل دیا گیا جس میں جسٹس جواد ظفر ظفر اور جسٹس عمیر گل خان بھی شامل ہیں، فل بنچ 23 فروری کو کیس کی سماعت کرے گا۔ رجسٹرار آفس کی جانب سے پنجاب حکومت سمیت دیگر فریقین کو نوٹسز بھی جاری کر دیے گئے ہیں

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ن ملازمین پر تشدد اور قیمتی اشیاء ساتھ لے جانے والے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اپنے ایک بیان میں کہا یہ واقعہ بلوچستان میں امن و امان کی مخدوش صورتحال کی عکاسی کرتا ہے انہوں نے کہا بلوچ معاشرے میں قبائلی روایات کے تحت چادر چار دیواری کا تقدس بنیادی اہمیت کا حامل رہا ہے تاہم گزشتہ سالوں میں اس قسم کے واقعات تواتر سے پیش آ رہے ہیں جس سے صوبے میں امن و امان کی صورتحال کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے جو یقیناً ایک تشویش ناک صورتحال ہے سردار منظور احمد کاکڑ نے کہا پرنس موسیٰ جان ایک خیر خواہ قبائلی روایات کے پابند قوم دوست انسان دوست سیاست دان ہیں ان کے ساتھ اس طرح کا واقعہ پیش آنا تمام بلوچ قوم کے لیے لمحہ فکریہ ہے انہیں اس طرح کے گھٹیا ہتھکنڈوں سے ہراساں نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی انہیں قومی سیاسی جدوجہد سے دستبردار کرایا جا سکتا ہے سردار منظور احمد کاکڑ نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ ملزمان کو فوری گرفتار کر کے کڑی سزا دی جائے تاکہ آئندہ اس طرح کے واقعات کی روک تھام ہو سکے آخر میں سردار منظور احمد کاکڑ نے اپنی اور کاکڑ قبیلے کی جانب سے پرنس اغا موسیٰ جان کی مکمل حمایت کا اعلان کیا انہوں نے کہا وہ اور کاکڑ قبیلہ پرنس اغا موسیٰ جان کے شانہ بشانہ ان کا ساتھ دیں گے۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹھیکے داروں کا کہنا ہے کہ ٹینڈر میں قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی ہوئی ہے اور وہ اپنی شکایات عدالت میں لے جا سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ کونسل اوستہ محمد کے چیف افسر نے یو این اے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ٹینڈرز کی شفافیت ہر صورت یقینی بنائی جائے گی اور کسی بھی ٹھیکے دار کے ساتھ ناانصافی نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام عمل قواعد کے مطابق مکمل کیا جائے گا تاکہ شفافیت برقرار رہے۔ عوامی حلقوں نے حکام بالا سے اپیل کی ہے کہ علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لیے ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد کی سربراہی میں بنائی گئی کمیٹی کے تحت تمام ترقیاتی کاموں کے ٹینڈرز کی شفافیت یقینی بنائی جائے تاکہ ترقیاتی عمل تیزی کے ساتھ آگے بڑھ سکے

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پروڈائیز سسٹم کے ذریعے نوجوان کی شناخت سرتاج عرف آلو ولد ماسٹر عزیز احمد کوری کے طور پر ہوئی ہے، نوجوان کا پوسٹ مارٹم کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی گئی، دوسری جانب ایس ایچ او تھانہ نوڈیرو شاہ محمد جان برڑو نے بتایا ہے کہ نوجوان سرتاج عرف آلو کی نعش غریب آباد محلہ کے گندی نالی سے برآمد ہوئی ہے، نعش کا نوڈیرو گورنمنٹ ہسپتال سے پوسٹ مارٹم کروانے کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی ہے دیگر تفتیش کی جاری ہے تمام جلد ملوث جوابدار قانون کے گرفت میں ہوں گے۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رواداری اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے عمل میں لایا گیا ہے تاکہ تمام مکاتب فکر اور مذاہب کے درمیان باہمی احترام اور تعاون کو یقینی بنایا جا سکے۔ گریگری انوینٹ کی بطور چیئرمین مقرر ہونے پر زلبوچستان تقریری کو بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ قومی امن کمیٹی، صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان آصف علی زرداری اور وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف سمیت وفاقی و صوبائی قیادت کی بین المذاہب ہم آہنگی سے متعلق نیک خواہشات کی عملی تعبیر کے لیے سرگرم عمل ہے، تاکہ ملک کے تمام صوبے امن و امان کا گہوارہ بن سکیں۔ نیشنل پیس کمیٹی کے مرکزی چیئرمین ڈاکٹر علامہ سید ایاز ظہیر ہاشمی کی سربراہی میں کمیٹی ملک بھر میں امن، برداشت اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے مختلف پروگرامز اور مکالماتی نشستوں کا انعقاد بھی کر رہی ہے۔ امید ظاہر کی جا رہی ہے کہ نئی تقرری سے خصوصاً بلوچستان میں اقلیتی برادریوں کے مسائل کے حل اور بین المذاہب روابط کے استحکام میں مثبت پیش رفت ہوگی

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ واقعے کے بعد مسافروں اور ٹرانسپورٹرز میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا جبکہ مشتعل مسافروں نے احتجاجاً ایم 8 قومی شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کر دیا، جس سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور آمد و رفت معطل ہو کر رہ گئی۔ اطلاع ملتے ہی ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے موقع پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ ڈاکوؤں کی تلاش کیلئے کومبنگ کے بھی طلب کر لیے گئے ہیں جبکہ ملزمان کی گرفتاری کیلئے مختلف مقامات پر ناکہ بندیاں قائم کر دی گئی ہیں۔ حکام کے مطابق فرار ملزمان کا تعاقب جاری ہے اور جلد انہیں قانون کی گرفت میں لایا جائے گا۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خودساختہ میڈیکولیگل کے تحت مقدمہ درج کیا تھا جس پر ایس ایچ او نے بھی عدالتی قانونی چارہ جوئی اختیار کی، تو عدالت نے حقائق کی روشنی میں پیشنٹر کو منظور کرتے ہوئے ملزمان کے خلاف بھی مقدمات درج کرنے کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ عدالت کی جانب سے ملزمان کیخلاف مقدمات درج کرنے کے احکامات سے ایس ایچ او کو بھی انصاف ملنے کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔ معزز عدالت نے ملزمان مون خان اور اس کے بھائی جبران عرف کاکا کے خلاف دہشت گردی کی دفعات سمیت 2 مختلف مقدمات درج کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سابق ایس ایچ او انسپکٹر شاہ فیصل گیلانی کی پیشنٹر پر ایڈیشنل سیشن جج شیخوپورہ خلیل احمد نے مون خان اور اس کے بھائی جبران عرف کاکا کے خلاف ایس ایچ او تھانہ بی ڈویژن شیخوپورہ کو دوسری ایف آئی آر بھی درج کرنے کے احکامات جاری کر دیے ہیں جبکہ دوسری جانب مون خان کی طرف سے لاہور ہائی کورٹ میں دائر حکم امتناعی کے آرڈر کو بھی خارج کر دیا گیا ہے، جس کے باعث اب ملزمان کے لیے قانونی مشکلات میں بھی مزید اضافہ ہو گیا ہے ذرائع کے مطابق دونوں فریقین کے مابین لڑائی گزشتہ سال نومبر میں اس وقت شروع ہوئی جب سابق ایس ایچ او شاہ فیصل نے ٹریکٹر ٹرالی پر اونچی آواز میں گانے چلا کر عوام الناس کو پریشان کرنے پر ساؤنڈ ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا جس کی سفارش لگی رہنماء مون خان کی تھی جبکہ اس نے ایک اور سفارش بھی کی تھی کہ ان کے مخالفین کا منڈی جھبراں میں بدھ بازار جبراً ختم کروا کر ان کا بازار لگوایا جائے جو ایس ایس ایچ او شاہ فیصلے نے اسکا غیر قانونی حکم ماننے سے انکار کیا، تو لیگی رہنماء مون خان نے نشہ میں دھت ہو کر تھانہ میں آ کر پبلک کے سامنے ایس ایچ او شاہ فیصل گیلانی پر حملہ کر دیا اور گریبان پکڑ کر جان سے مار دینے کی دھمکیاں دیں، جس پر ملزم کے خلاف قانونی کارروائی شروع کی تو دوران جامہ تلاشی ملزم کے قبضہ سے منشیات برآمد برآمد ہو گئی، جس پر اندراج ریٹ و استغاثہ کی کارروائی شروع کی تو ملزم کے حواریوں نے تھانہ پر حملہ کر کے ملزم کو چھڑوا لیا اور پھر سیاسی ہمدردیاں سمیٹنے کے لیے روڈ بلاک کر دیا اور ایس ایچ او شاہ فیصل کو تذلیل کے ساتھ اپنے ڈیرے پر معافی منگوا کر جھکانے کے لیے سیاسی اثر و رسوخ سے ہسپتال سے خود ساختہ میڈیکولیگل کے مقدمہ درج کروا دیا، تاہم ایس ایچ او شاہ فیصل گیلانی نے سادات کے تقدس اور وردی کے تشخص کو برقرار رکھنے کے لیے قانونی چارہ جوئی اختیار کی جس کے تحت عدالت نے درست موقف کو تسلم کرتے ہوئے ملزمان مون خان اور اس کے بھائی سمیت حواریوں کے خلاف مقدمات درج کرنے کا بھی حکم دے دیا ہے اس دوران سول سوسائٹی نے بھی ایس ایچ او کے خلاف ہونے والی زیادتیوں پر سماجی رابطوں کی ویب سائٹس سوشل میڈیا پر آواز بلند کی۔ قانونی ماہرین کے مطابق ملزمان کے خلاف اندراج مقدمات کی اس پیش رفت پر انصاف پرچی حقائق سامنے آ جائیں گے جس انصاف کے ساتھ پولیس کا فخر وردی کا تقدس بھی بحال ہوگا۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کلی بخش طبی سہولیات فراہم کی جاری ہیں، ماہر اور مستند ڈاکٹرز باقاعدگی سے معائنہ کر رہے ہیں اور علاج کے تمام تقاضے پورے کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ عطا فرمائے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دیے گئے دھرنے کے حوالے سے پشاور ہائی کورٹ نے بھی دھرنا ختم کرنے کی ہدایت جاری کی، جس کے بعد احتجاج ختم کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج اور دھرنوں کی سیاست سے ملک کو فائدہ نہیں بلکہ نقصان ہوتا ہے، احتجاج کی سیاست سے ملک آگے نہیں بڑھ سکتا، تمام سیاسی قوتوں کو چاہیے کہ وہ ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد میں مل بیٹھیں تاکہ پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے خطاب کے دوران ماہرین لسانیات، دانشور اور مقررین مادری زبان کے حوالے سے گفتگو کریں گے جبکہ اخبارات اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے بھی مادری زبانوں کے حوالے سے خصوصی پروگرام شائع اور نشر کیے جائیں گے۔ اقوام متحدہ کے زیر اہتمام پاکستان سمیت دنیا بھر میں 1998ء سے مادری زبانوں کا عالمی دن منایا جاتا ہے ایک رپورٹ کے مطابق سندھی، سرائیکی، پنجابی، بنگالی، پشتو، بلوچی اور براہوی پاکستان کی قدیم ترین زبانیں ہیں پاکستان میں سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان پنجابی ہے جس کو 44 فیصد افراد بولتے ہیں، سندھی 12 فیصد، سرائیکی 10 فیصد، پشتو، اردو اور انگریزی 8، 8 فیصد، بلوچی 3 فیصد، ہندکو 2 فیصد جبکہ براہوی زبان ایک فیصد لوگ استعمال کرتے ہیں۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے رمضان میں گیس کی بلاتعطل فراہمی کے دعووں کو خاک میں ملا دیا لوڈشیڈنگ اور گیس پریشر کمی سے رمضان المبارک کی اہم ساعتوں میں عوام کی بددعائیں نہ لیے ایک طرف سے مزدور اور غریب طبقہ موجودہ مہنگائی کی وجہ سے نان شبینہ کا محتاج ہو گئے ہیں دوسری طرف سے ایل پی جی اور لکڑی خریدنے پر مجبور ہو چکے ہیں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے اکثر علاقوں میں گیس سپلائی اور پریشر نہ ہونے کے برابر ہے جس سے امور خانہ داری شدید متاثر ہیں سحری اور افطاری کے وقت گیس لوڈشیڈنگ نے عوام کو ذہنی کوفت میں مبتلا کر دیا انہوں نے کہا کہ گیس لوڈشیڈنگ کی وجہ سے ترقی کی دور میں وسائل سے مالا مال صوبہ واپس پرانے کوئلے اور لکڑی دور کی طرف لوٹ رہے ہیں بھاری بلوں سے غریب طبقہ دیہاڑی دار طبقہ صارفین کے ہوش اڑا دیے انہوں نے کہا کہ حکومتی دعووں اور سوئی سدرن گیس کمپنی حکام کی یقین دہانیوں کے باوجود شہر کے اکثر علاقوں میں گیس کی فراہمی نہ ہونے کے برابر ہے گیس حکام رمضان المبارک میں گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائے

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ایوارڈز میں سال 2025 کے "بہترین فلسٹ ٹیبٹ ورک" اور اسی سال کے دوسرے نصف (2025H2) کیلئے پاکستان میں "بہترین آئی ایس پی گیمنگ ایکسپیریئنس" فراہم کنندہ کے اعزازات شامل ہیں۔ یہ ایوارڈز پاکستان میں سال 2025 کی دونوں ششماہیوں کے اسپیڈ ٹیسٹ کنیکٹیویٹی رپورٹ کے اعداد و شمار کی بنیاد پر دیئے گئے اور ملک بھر میں اعلیٰ رفتار، کم ترین تعطل اور بہترین صارف تجربے کی فراہمی میں پی ٹی سی ایل فلیش فائبر کی مسلسل کارکردگی کی عکاسی کرتے ہیں۔ بہترین فلسٹ ٹیبٹ ورک کا ایوارڈ اوکلا کی جانب سے اہم ترین کارکردگی کے اشاریوں اور ایوولیوایشن ماڈل کے تحت دیا جاتا ہے جس میں ڈاؤن لوڈ اور اپ لوڈ کی رفتار، تعطل، ویڈیو اسٹریمنگ کی کارکردگی اور ویب براؤزنگ تجربے سمیت اہم عوامل کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اوکلا کو فلسٹ ٹیبٹ ورک کی کارکردگی کے حوالے سے اعلیٰ ترین اعزاز تصور کیا جاتا ہے

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

شہریوں کے مطابق رمضان المبارک جیسے مقدس مہینے میں بھی ناجائز منافع خوروں کو کھلی چھوٹ دے دی گئی ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق آٹا، چینی، گھی، دالیں، بیسن، چاول، گوشت، مرغی، دودھ، دہی، سبزیاں اور پھل سرکاری نرخ نامے سے کہیں زیادہ قیمتوں پر فروخت ہو رہے ہیں۔ کئی دکانوں پر سرکاری ریٹ لسٹ آویزاں ہی نہیں کی گئی، خریداروں کا کہنا ہے کہ جب وہ مقررہ نرخوں کا مطالبہ کرتے ہیں تو انہیں مختلف حیلوں بہانوں سے ٹال دیا جاتا ہے۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ رمضان المبارک آرڈیننس اور حکومت کی ہدایات کے باوجود ضلعی سطح پر مؤثر نگرانی کا فقدان ہے۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور متعلقہ افسران بازاروں کا باقاعدہ معائنہ نہیں کر رہے جس کے باعث گرانفروشی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے مختلف علاقوں میں ذخیرہ اندوزی کی بھی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں جس سے مصنوعی قلت پیدا کر کے قیمتیں مزید بڑھائی جا رہی ہیں۔ سماجی و عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے اعلانات صرف کاغذی کارروائی تک محدود دکھائی دیتے ہیں عملی اقدامات نہ ہونے کے باعث غریب اور متوسط طبقہ شدید ذہنی اذیت اور مالی دباؤ کا شکار ہے۔ یومیہ اجرت پر کام کرنے والے افراد کے لیے سحر و افطار کا انتظام کرنا بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ فوری طور پر متحرک ہو، بازاروں میں چھاپے مار کر گرانفروشوں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے اور بھاری جرمانے عائد کیے جائیں انھوں نے کہا کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لیے ہیلپ لائن فعال بنائی جائے تاکہ شہری براہ راست اپنی شکایات درج کرا سکیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری اور متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں اور پرائس کنٹرول نظام کو مؤثر بنایا جائے۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل پاکستان لیاقت بلوچ، امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، اور دیگر ذمہ داران شرکت کریں گے۔ ذرائع کے مطابق اس موقع پر صوبے اور ملک کے اہم سیاسی، سماجی و عوامی مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی جائے گی اور میڈیا کے سوالات کے جوابات بھی فراہم کیے جائیں گے

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مابین مفاہمتی یادداشت اور سرمایہ کاری سے متعلق مشترکہ ورکنگ گروپ کے قیام کی تجویز بھی دی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور فلپائن کے مشترکہ اقتصادی کمیشن (جے ای سی) کا دوسرا اجلاس فلپائن کے دارالحکومت منیلا میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی مشترکہ صدارت سیکرٹری اقتصادی امور محمد خمیر کریم اور فلپائن کے محکمہ تجارت و صنعت کے انڈر سیکرٹری برائے بین الاقوامی تجارت ایلین بی گیٹی نے کی۔ اجلاس میں فلپائن میں پاکستان کی سفیر ڈاکٹر عاصمہ ربانی اور پاکستان میں تعینات فلپائنی سفیر ڈاکٹر ایمانوئیل فرنانڈیز سمیت اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ فریقین نے عالمی اقتصادی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور اپنی اپنی معیشتوں کے منظرنامے اور تجارتی پالیسی ترجیحات سے متعلق تازہ معلومات شیئر کیں۔ باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کے تعلقات کا جائزہ لیتے ہوئے اس امر کا اعتراف کیا گیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کی

سوڈان تنازع کا کوئی فوجی حل ممکن نہیں، پاکستان

سوڈان تنازع کا واحد حل بامعنی مذاکرات اور سیاسی عمل کی بحالی ہے، عبوری سوڈانی حکومت کی جانب سے پیش کردہ امن منصوبے اور کوششوں کی حمایت کرتے ہیں

سوڈانی عوام طویل عرصے سے شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں اور اب وقت آ گیا ہے کہ ایک قابل اعتماد سیاسی افق بحال کیا جائے، پاکستانی مندوب

اقوام متحدہ (یو این اے) پاکستان نے سوڈان میں جاری خونریز تنازع کے تیسرے سال میں داخل ہونے کے موقع پر زور دیا ہے کہ بحران کا واحد قابل عمل حل بامعنی مذاکرات اور سیاسی عمل کی بحالی ہے۔ اقوام متحدہ کے سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقل مندوب عثمان جدون نے کہا کہ اس تنازع کا کوئی فوجی حل ممکن نہیں۔ انہوں نے عبوری سوڈانی حکومت کی جانب سے پیش کردہ امن منصوبے اور کوششوں کی حمایت کرتے ہیں

بلوچستان میں زرعی پیداواری منڈیوں بارے بل 2025 پر قائمہ کمیٹی کا تفصیلی غور

کوئٹہ (یو این اے) قائمہ کمیٹی برائے زراعت کا اجلاس جمعہ کو چیئرمین کمیٹی ہدایت الرحمٰن بلوچ کی زیر صدارت بلوچستان صوبائی اسمبلی کے کمیٹی روم منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی اراکین زاہد علی رئیسانی، عبدالمجید بادینی اور سید ظفر علی آغا کے علاوہ سیکرٹری اسمبلی طاہر (باقی صفحہ 7 نمبر 42)

بے یوآئی کی جانب سے ہوائی، ایرئیل، رمضان آرڈیننس پر علماء اور وکلاء کے خلاف کریک ڈاؤن میں انتہائی مذموم

لاڑکانہ (رپورٹ محمد جنید بھٹو لمرانی) جمعیت علماء اسلام کی جانب سے کڑھی خرد میں مرکزی جامع مسجد مدنی سے مدنی چوک تک ایک بھرپور احتجاجی مظاہرہ نکالا گیا۔ مظاہرے کی قیادت مولانا شفیع محمد تھتھنڈی، اسداللہ حیدری، نعیم اللہ بروہی، حاجی جان محمد جتالی، ثناء (باقی صفحہ 7 نمبر 43)

لاہور: پیراڈائز کا آبرو سکول میں جرابوں اور کھیلوں کے سامان کا عطیہ

طلباء کیلئے امدادی سرگرمی، جرابوں کی تقسیم اور یولیہ آگاہی سیشن کا انعقاد

لاہور (ٹرائبیونز خصوصی سے) یوں ڈائرکٹ آبرو اسکول، لاہور میں موزے اور کھیلوں کا سامان عطیہ کیا" پیراڈائز، پروڈکٹ مرچنٹ پرائیویٹ لمیٹڈ، اور روڈری کلب آف لاہور گیریژن نے مشترکہ طور پر

عوامی ہسپتالوں کی نجکاری عوام دشمن اقدام ہے، بی این پی

سول ہسپتال اور بولان طبی کالج ہسپتال کی نجکاری فوری روکی جائے، غلام نبی مری

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے رکن مرکزی کمیٹی عالم غلام نبی مری اور سابق ضلعی سیکرٹری اطلاعات تسیم جاوید ہزارہ نے بلوچستان نیشنل پارٹی کی جانب سے بیان جاری کرتے ہوئے سنڈیمن صوبائی سول ہسپتال اور بولان طبی مرکزی کالج ہسپتال کی مبینہ نجکاری کے اقدام کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی ہسپتالوں کو نجی شعبے کے حوالے کرنا (باقی صفحہ 7 نمبر 27)

جمعیت علما اسلام کوئٹہ کا رمضان میں گیس لوڈشیڈنگ پر شدید احتجاج

سوئی سدرن گیس رمضان میں گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائے، مولانا قاری مہراللہ کا مطالبہ

لوڈشیڈنگ اور پریشر کی پرشدید تشویش کا اظہار کیا۔ کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا عبدالغفور مولانا رحمت اللہ حقانی، حاجی نادر خان اچکزئی اور مولانا صالح محمد نے رمضان المبارک میں گیس

ملک میں ایڈز کے مریضوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، قائمہ کمیٹی

منفروٹ کی بنیاد پر کہا گیا ہے کہ پاکستان میں ایچ آئی وی کے تین لاکھ مریض ہیں، ابھی آگے کیسز اور زیادہ ملیں گے، مصطفیٰ کمال

اجلاس میں ایچ آئی وی ایڈز کی جو رپورٹ پیش کی گئی یہ رپورٹ اگر عالمی اداروں کو دی جاتی تو ہمارے منہ پر ماری جاتی، کمیٹی کا اظہار برہمی

اسلام آباد (یو این پی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے صحت کے اجلاس میں ڈاکٹر شازیہ قریشی نے وزارت صحت کی پیش کردہ ایڈز سے متاثرہ افراد کی رپورٹ پر اظہار ناراضگی کیا۔ قائمہ کمیٹی صحت کا اجلاس محض کمار میلانی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے اجلاس کو بتایا کہ منفروٹ کی بنیاد پر کہا گیا ہے کہ پاکستان میں ایچ آئی وی کے 3 لاکھ مریض ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے تاثر کو گھٹیا فنڈ کا 25 فیصد گورنمنٹ کو اور 75 فیصد فنڈ این جی او کو دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منفروٹ کی بنیاد پر کہا گیا ہے کہ پاکستان میں ایچ آئی وی کے (باقی صفحہ 7 نمبر 24)

کوئٹہ: سپریم کورٹ آف پاکستان، ہائی کمشنر برائے مشترکہ مفاد کونسل، وفاقی وزیر امیر حسین اسناف کے ہمراہ پودا لگا رہے ہیں

اسلام آباد و وفاقی پولیس ڈولفن سکواڈ کے اہلکاروں کا میاں بیوی پر تشدد

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی دارالحکومت میں فیڈرل پولیس کے ڈولفن سکواڈ کے اہلکاروں نے میاں بیوی کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ ڈولفن اہلکاروں کی جانب سے شہریوں پر تشدد کی ویڈیو بھی سامنے آ گئی، ویڈیوں میں ڈولفن اہلکار کو شہری پر تشدد کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ ڈولفن اہلکار (باقی صفحہ 7 نمبر 23)

جماعت اسلامی اور ملی یکجہتی کونسل کی اہم پریس کانفرنس آج ہوگی

کوئٹہ (یو این اے) جماعت اسلامی اور ملی یکجہتی کونسل پاکستان کے رہنماؤں نے اعلان کیا ہے کہ 21 فروری، بلنٹ کوپ میں سارے بارہ بجے کوئٹہ پریس کلب میں ایک اہم پریس کانفرنس منعقد ہوگی۔ پریس کانفرنس میں جانب امیر جماعت اسلامی پاکستان اور سیکرٹری (باقی صفحہ 7 نمبر 21)

گندہ اور واستہ محمد: رمضان میں مہنگائی بے قابو، شہریوں کی دہائی

گندہ اور (نامہ نگار) ضلع اوستہ محمد اور اس کے گردونواح میں ماہ مبارک آمد کے ساتھ ہی مہنگائی نے شہریوں کی کمر توڑ دی ہے، اشیائے خوردونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں جبکہ پرائس کنٹرول انتظامیہ عملی طور پر غیر فعال دکھائی دے رہی ہے۔ (باقی صفحہ 7 نمبر 20)

مادری زبانوں کا عالمی دن آج منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مادری زبانوں کا عالمی دن آج 21 فروری کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد مادری زبانوں کی اہمیت اور ضرورت کو اجاگر کرنا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے دنیا کی طرح پاکستان بھر میں بھی مذاکرے، سیمینارز اور ریلیاں منعقد کی جائیں گی مختلف تقاریب (باقی صفحہ 7 نمبر 17)

پاک فلپائن مشترکہ اقتصادی کمیشن کا اجلاس، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اقتصادی تعاون کو مزید گہرا کرنے دعلے متعدد اقدامات کو عملی نتائج میں تبدیل کرنے کے عزم کا اعادہ

منیلا (یو این پی) پاکستان اور فلپائن نے اقتصادی تعاون کو مزید گہرا کرنے اور طے شدہ اقدامات کو عملی نتائج میں تبدیل کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے زراعت کے شعبے میں بیجوں کی تیاری، اقتصادی تعاون کے تحفظ، معیار کی یقین دہانی اور کمیونٹی بنیادوں پر آبپاشی اقدامات میں تعاون پر زور دیا، جبکہ پاکستان نے سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے متعلقہ سرمایہ کاری بورڈز کے (باقی صفحہ 7 نمبر 22)

پی ٹی سی ایل فلیش فائبر نے دو اوکلا ایوارڈز حاصل کر لیے

دو اوکلا فکلسٹ براڈ بینڈ ٹیب ورک کی کارکردگی کے حوالے سے اعلیٰ ترین اعزاز تصور کیا جاتا ہے

اسلام آباد (یو این پی) پی ٹی سی ایل فلیش فائبر نے معیاری سروس اور گیگ گیگر بے کی فراہمی کی بدولت دو "اوکلا" ایوارڈز حاصل کر لیے۔ پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ کی فلیگ شپ براڈ بینڈ سروس، پی ٹی سی ایل فلیش فائبر کو معیاری سطح پر الیکٹریف ڈیمنگ اور گیگ بے کے شعبے کی معروف کمپنی، اوکلا (Ookla) کی جانب سے دو نمایاں ایوارڈز سے نوازا گیا۔ ان (باقی صفحہ 7 نمبر 19)

کوئٹہ: رمضان میں گیس لوڈشیڈنگ پر چے یوآئی نظریاتی کا شدید احتجاج

سحری و افطاری میں گیس بندش، عوام شدید مشکلات کا شکار

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی مولانا خدائے نخبر مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی نادر خان اچکزئی مولانا صالح محمد نے کہا کہ رمضان المبارک میں دس بجے لوڈشیڈنگ ظلم کا انتہا ہے، گیس نہ ہونے کے باعث اور خانہ داری میں شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ گیس مکاء (باقی صفحہ 7 نمبر 18)

کسی بھی سیاسی رہنما کو لیف عدالتوں سے مل سکتا ہے قیصر شیخ

متعلقہ کیسز عدالتوں میں زیر سماعت ہیں اور اب تک جو بھی فیصلے آئے ہیں وہ عدالتی عمل کے تحت آئے ہیں اس عمل میں حکومت کا کوئی کردار نہیں

پانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے مکمل اور تسلی طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، مامبر اور منتخب ڈاکٹر باقاعدگی سے معائنہ کر رہے ہیں

پلیٹوٹ (یو این اے) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے اپنی رہائش گاہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی سیاسی رہنما کو ملٹے والا ریلیف عدالتوں کے ذریعے ہی ممکن ہے کیونکہ متعلقہ کیسز عدالتوں میں زیر سماعت ہیں اور اب تک جو بھی فیصلے آئے ہیں وہ عدالتی عمل کے تحت آئے

قلہ سیف اللہ۔ سیز ائک نخبر شیر تریں اکیسین امان اللہ اچکزئی اور اس عبدالہادی کا کرکٹ رکھ دی اور گیسا سائی پر میٹنگ

مصطفیٰ کمال نے عمران خان کی آنکھ سے متعلق سوال پر خاموشی اختیار کر لی

پاکستان کی عالمی سطح پر جو پزیرائی ہوئی ہے اس کا کریڈٹ فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف کو جاتا ہے

اسلام آباد (یو این پی) پیرپر کورٹ نے سروس میٹر میں وفاقی حکومت کی ایچل زائد المیعاد قرار دے کر خارج کر دی۔ عدالت عظمیٰ کی جسٹس مانکشمک نے فیصلہ دیا کہ حکومت کو بھی عدالت میں وہی پروٹوکول

ماہ رمضان رحمت برکت اور اخوت کا مہینہ ہے، ہدایت الرحمان

حکومت سمیت مخیر حضرات بھی ضرورت مندوں کم آمدنی والوں کی مدد کریں، احترام رمضان المبارک کو برقرار رکھنے کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں

مہنگائی، بیروزگاری وغربت نے اکثریت کی خوشیاں چھین لی ہیں ناجائز ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری سے اجتناب کریں، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان پی اے سادات بلوچ الرحمان بلوچ کا احترام رمضان اور عوامی ریلیف سے متعلق انتظامی سربراہان کو خصوصی ہدایات۔ حکومت سمیت مخیر حضرات بھی ضرورت مندوں کم آمدنی والوں کی مدد کریں۔ مہنگائی، بے روزگاری وغربت نے اکثریت کی خوشیاں چھین لی ہیں۔ تاجر دکاندار ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری سے اجتناب (باقی صفحہ 7 نمبر 32)

کوئٹہ: ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بلوچستان حاجی غلام مرورد روی اے پی پی کے بیورو چیف نظر محمد کو مدد دارالصحافت کرنے پر وفاقی محتسب کی جانب سے تعارفی شوکیٹ دے رہے ہیں

ہم برائے فروخت نہیں دنیا معاشی بدحالی کا شکار ہے، مسترد کر دیں فلسطینی وزیر خارجہ

اسرائیل اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہوگا، فلسطینی لوگ اپنی سرزمین پر موجود ہیں اور نسل پرست آباد کار حملہ آوروں کو ہمارا ملک چھوڑنا ہوگا

دنیا کو یکجا ہو کر دہشتگرد آبادکاروں کا مقابلہ کرنا ہوگا جو یہ سمجھتے ہیں وہ فلسطین کی حقیقت کو مٹا سکتے ہیں اور اپنے توسیع پسندانہ منصوبے فلسطینی عوام پر مسلط کر سکتے ہیں

مقبوضہ بیت المقدس (یو این اے) فلسطین کی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ان کا ملک برائے فروخت نہیں ہے، اسرائیل اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہوگا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں فلسطینی وزارت خارجہ نے کہا کہ فلسطینی لوگ اپنی سرزمین پر موجود ہیں اور نسل پرست آبادکار حملہ آوروں کو ہمارا ملک چھوڑنا ہوگا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ دنیا کیلئے ایسی بدمعاش ریاست کو مسترد کر دے جو بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی کرتی ہے اور روزانہ نسل پرستانہ اقدامات کر رہی ہے۔ فلسطینی وزارت خارجہ نے کہا کہ کوئی کوشش (باقی صفحہ 7 نمبر 7)

پراپرٹی اور شپ آرڈیننس پر عمل درآمد روکنے کے معاملے پر فل بنچ تشکیل

لاہور (یو این اے) پراپرٹی اور شپ آرڈیننس پر عمل درآمد روکنے کے کیس میں اہم چیف رٹ سائٹ آئی، لاہور بالکورٹ کی چیف جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں (باقی صفحہ 7 نمبر 9)

سکھس فارجسٹس کا بورڈ آف پیس کیلئے ایک ارب ڈالر کا اعلان

غزہ کی طرح خالعستان کو بھی ایک طل طلب سیاسی مسئلہ قرار دیکر جمہوری حل نکالا جائے، سکھس فارجسٹس

واشنگٹن (یو این اے) میں سکھس فارجسٹس نے تاریخی اعلان کیا ہے کہ وہ پورڈ آف پیس کے پہلے سرکاری اجلاس کیلئے ایک بلین ڈالز دے گا۔ امریکہ بھر سے سکھوں سکھ برادری کے ارکان واشنگٹن ڈی سی میں جمع ہوئے تاکہ امن، اتحاد اور سیاسی مطالبات کیلئے آواز بلند کریں، غزہ کی طرح خالعستان کو بھی ایک طل طلب سیاسی مسئلہ قرار دیتے ہوئے سفارتی اور (باقی صفحہ 7 نمبر 8)

ملک بھر میں قومی صوبائی اسمبلیوں کے 48 حلقوں میں ضمنی انتخابات کا انعقاد

قومی اسمبلی کے 15 حلقوں پر ضمنی انتخابات کا انعقاد ہوا، پی این 36 لسبیلہ میں 10 پولنگ سٹیشنز پر 10 مارچ جبکہ خضدار میں 5 اپریل کو ضمنی انتخاب ہوگا

پنجاب اسمبلی کی 21 نشستوں سندھ اسمبلی کی 2، خیبر پختونخوا اسمبلی کی 2، بلوچستان اسمبلی کی 8 نشستوں پر ضمنی انتخابات کا انعقاد ہوا

اسلام آباد (یو این اے) ملک بھر میں 8 فروری 2024 کو ہونے والے عام انتخابات کے بعد قومی و صوبائی اسمبلیوں کے 48 کے قریب حلقوں میں ضمنی انتخابات کا انعقاد کیا گیا۔ جن میں قومی اسمبلی کے 15 حلقے شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن نے دستیاب دستاویزات کے مطابق پنجاب اسمبلی کی 21 نشستوں پر ضمنی انتخابات منعقد کئے گئے ہیں۔ سندھ اسمبلی کی 2، خیبر پختونخوا اسمبلی کی 2، بلوچستان اسمبلی کی 8 نشستوں پر ضمنی انتخابات کا انعقاد ہوا۔ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 8 باجوڑ این اے 18 ہری پور، این اے 44 اوریہ اسماعیل خان، این اے 66 (باقی صفحہ 7 نمبر 38)

کوئٹہ: ماہ صیام کے دوران شہری افطار کے لیے روایتی پکوان طبلی اور پکڑے خریدنے میں مصروف ہیں

خیبر پختونخوا سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ کیخلاف دائر اپیلیں خارج

اختیارات آئینی ترمیم کے بعد سروسز پر ٹیکس عائد کرنے کا اختیار صوبوں کو حاصل، عدالت

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی آئینی عدالت نے خیبر پختونخوا سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ کے خلاف دائر اپیلیں خارج کرتے ہوئے شہریوں پر ٹیکس عائد کرنے کو قانونی قرار دے دیا۔ جسٹس عامر فاروق نے کیس کا تحریری فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ 27 ویں آئینی ترمیم کے بعد پریم کورٹ قوانین کو آئینی بنیادوں پر کالعدم قرار نہیں دے سکتی کیونکہ آئینی (باقی صفحہ 7 نمبر 29)

پریم کورٹ، سروس میٹر میں وفاقی حکومت کی ایچل زائد المیعاد قرار دیکر خارج

حکومت کو عدالت میں وہی پروٹوکول ملے گا جو عام آدمی کو ملتا ہے، عدالتی ریمارکس

اسلام آباد (یو این پی) پیرپر کورٹ نے سروس میٹر میں وفاقی حکومت کی ایچل زائد المیعاد قرار دے کر خارج کر دی۔ عدالت عظمیٰ کی جسٹس مانکشمک نے فیصلہ دیا کہ حکومت کو بھی عدالت میں وہی پروٹوکول ملے گا جو عام آدمی کو ملتا ہے، بحکومت کوئی اتوکا سائل نہیں، اسے بھی عام شہری کی طرح قانون ناتاج ہے کا، ریاست شہریوں سے تو قانون منوانتی ہے، لیکن خود بھی بنائے ہے۔ پر (باقی صفحہ 7 نمبر 30)

کوئٹہ: رمضان میں گیس لوڈشیڈنگ پر شدید احتجاج

سحری و افطاری میں گیس بندش، عوام شدید مشکلات کا شکار

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی مولانا خدائے نخبر مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی نادر خان اچکزئی مولانا صالح محمد نے کہا کہ رمضان المبارک میں دس بجے لوڈشیڈنگ ظلم کا انتہا ہے، گیس نہ ہونے کے باعث اور خانہ داری میں شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ گیس مکاء (باقی صفحہ 7 نمبر 18)

سرگودھا، شوہر نے فائرنگ کر کے بیوی کو قتل کر دیا

سرگودھا (این این آئی) ضلع اسلام پورا میانی میں شوہر نے فائرنگ کر کے بیوی کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق قتل کی وجوہات واردات کھر بلا بتائی گئی باعث پیش آئی، ملزم کی دو شادیاں تھیں، واردات کے بعد ملزم موقع سے فرار ہو گیا۔ 30 سالہ فرحت امیری لاش پوسٹ مارٹم کیلئے اسپتال منتقل کر دی گئی ہے، پولیس کے مطابق ملزم کی تلاش کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

ایم 8 شاہراہ پر ڈاکوؤں کی فائرنگ، ٹرک الٹ گیا، ڈرائیور زخمی

پاریجہ کے مقام پر ڈکیتی کی کوشش، مسافروں میں خوف و ہراس

گندواہ (رپورٹ شرید احمد شاہ) ضلع گندواہ کے ایک تیز رفتار ٹرک سے کنٹرول شب ایم 8 روڈ پاریجہ کے مقام پر مسلح ڈاکوؤں نے سڑک پر رکاوٹیں کھڑی کر کے مسافروں کو لوٹنے کی کوشش کی اس دوران ڈاکوؤں کی اندھا دھند فائرنگ سے ایک تیز رفتار ٹرک سے قابو ہو کر الٹ گیا، جس کے نتیجے میں ٹرک ڈرائیور شدید زخمی ہو گیا۔ زخمی کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں (باقی صفحہ 7 نمبر 14)

شاہ فیصل گیلانی اور مون خان کے مابین لڑائی کا کیس نئے موڑ میں داخل

دونوں فریقین کے مابین لڑائی گزشتہ سال نومبر میں ہو گیا تھا، ذرائع

ثناء خوبرو (ٹرائبیونز خصوصی) کھوبل کیلانی میڈیا بیورو کے مطابق سابق ایس ایچ او تھانہ صدر شیخوپورہ ڈسکہ شاہ فیصل گیلانی اور ان لیگ کے رہنماء مون خان کے مابین لڑائی جھگڑے کا کیس ایک نئے فیصلہ کن موڑ میں داخل ہو گیا ہے۔ پولیس نے سیاسی اثر و رسوخ کی بنا پر لیگی رہنماء مون خان کی مدعیت میں ایس ایچ او شاہ فیصل گیلانی کے خلاف (باقی صفحہ 7 نمبر 15)

کوئٹہ سردی کی شدت بڑھنے کی شہری لنڈا بازار اور سرک کنارے لگے اسٹالز پر گرم ملبوسات اور جیکٹس خریدنے میں مصروف ہیں

پاکستان کے دفاع کیلئے بلوچستان کے سپوتوں کی عظیم قربانیاں

پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کے افسران و جوانوں کا شہادت بلوچستان کو زبردست خراج عقیدت پیش

کوئٹہ (یو این پی) دفاع وطن کی خاطر پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کے جوانوں نے بیشمار جرأت، عزم اور قربانی کی لازوال داستانیں رقم کی ہیں۔ پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کے افسران و جوانوں کا شہادت بلوچستان کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا جس میں شہداء کے ورثاء کے ہمراہ پاک فوج کے جوانوں نے شہداء کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی (باقی صفحہ 7 نمبر 4)

جیکب آباد کے قریب چوری کے دوران مزاحمت پر فائرنگ، گھر کا مالک قتل

دو بھائی زخمی؛ جوابی کارروائی میں ایک چور بھی ہلاک

جیکب آباد (رپورٹ: انیس بلوچ لمرانی) جیکب آباد کے نواحی علاقے ظفل کے قریب باہو کھوسو تھانے کی حدود میں واقع گاؤں عبدالرحیم کھوسو میں کل شدرات سنگین واردات پیش آئی، جہاں نامعلوم چوروں نے ہاڈی بخش کھوسو کے گھر میں گھس کر چوری کی کوشش کی۔ گھر والوں کے جاگ جانے اور مزاحمت کرنے پر چوروں نے اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں گھر کا مالک (باقی صفحہ 7 نمبر 5)

گریڈی انوینٹ مناٹری انفیئر زبلوچستان کے چیئرمین مقرر، سرکاری نوٹیفکیشن جاری

حکومت پاکستان کا بین المذد ہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے اہم اقدام

کوئٹہ (اسٹیشن رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے اقلیتی امور کے آرگنائزر گریڈی انوینٹ کو مناٹری انفیئر زبلوچستان کا چیئرمین برائے یمنٹی بیس کمیٹی فار انٹرفیتھ ہارمونی حکومت پاکستان مقرر کر دیا گیا۔ اس کی سربراہی وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے اقلیتی امور کریں گے۔ اس تقرری کا باقاعدہ سرکاری نوٹیفکیشن 2 فروری 2026 کو جاری کر دیا گیا۔ یاد رہے کہ یمنٹیل بیس کمیٹی فار انٹرفیتھ ہارمونی کا قیام ملک میں بین المذاہب ہم آہنگی (باقی صفحہ 7 نمبر 13)

کوئٹہ: سرکاری اختیارات کا غلط استعمال اور امریکی مجرم اقلیتیں سے تعلقات کا الزام، سابق برطانوی شہزادہ گرفتاری کے بعد رہا

لندن (این این آئی) سرکاری اختیارات کا غلط استعمال اور امریکی مجرم اقلیتیں سے تعلقات کا الزام، سابق برطانوی شہزادہ اینڈرو کو گرفتاری کے بعد رہا کر دیا گیا۔ حراست کے دوران ان کی تصاویر اور انگلیوں کے نشانات لئے گئے، پرنس اینڈرو سے پولیس نے حساس دستاویزات پر سوالات کئے۔ برطانوی پولیس کے مطابق اینڈرو کو 12 گھنٹے کی تفتیش کے بعد رہا کیا گیا تاہم تحقیقات جاری ہیں۔ (باقی صفحہ 7 نمبر 33)